# صحابیاتؓ کوئز

سعدیہ کلیم آرائیں

Marfat.com

# صحابیاتؓ کوئز

سعدیہ کلیم آرائیں

سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور

Marfat.com

297.64 Sa'dia Kaleem Arain
Sahabiat Quiz/ Sa'dia Kaleem Arain . - Lahore : Sang - e - Meel Publications, 2000.
224p.
1. Islam.
I. Title.

297.99


اس کتاب کا کوئی بھی حصہ سنگ میل پبلی کیشنز/مصنف سے باقاعدہ تحریری اجازت کے بغیر کہیں بھی شائع نہیں کیا جا سکتا اگر اس قسم کی کوئی بھی صورتحال ظہور پذیر ہوتی ہے تو قانونی کاروائی کا حق محفوظ ہے

2000.
نیاز احمد نے
سنگ میل پبلی کیشنز لاہور
سے شائع کی۔

ISBN 969-35-1180-8

Sang-e-Meel Publications
25 Shahrah-e-Pakistan (Lower Mall), P.O. Box 997 Lahore-54000 PAKISTAN
Phones: 7220100-7228143 Fax: 7245101
http://www.sang-e-meel.com e-mail: smp@sang-e-meel.com
Chowk Urdu Bazar Lahore. Pakistan. Phone 7667970

زاہد بشیر پرنٹرز، لاہور

Marfat.com

# فہرست مضامین


| | |
|---|---|
| 1- حرف اوّل | 9 |
| 2- ام المومنین سیدہ خدیجہ بنت خویلد رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 11 |
| 3- ام المومنین سیدہ سودا بنت زمعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 19 |
| 4- ام المومنین سیدہ عائشہ بنت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 23 |
| 5- ام المومنین سیدہ حفصہ بنت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 29 |
| 6- ام المومنین سیدہ زینب بنت خزیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 34 |
| 7- ام المومنین سیدہ ام سلمیٰ بنت ابی امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 37 |
| 8- ام المومنین سیدہ زینب بنت جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 42 |
| 9- ام المومنین سیدہ جویریہ بنت حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 46 |
| 10- ام المومنین سیدہ ام حبیبہ بنت ابو سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 50 |
| 11- ام المومنین سیدہ صفیہ بنت حیؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 54 |
| 12- ام المومنین سیدہ میمونہ بنت حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 57 |
| 13- ام المومنین سیدہ ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 60 |
| 14- ام المومنین سیدہ ریحانہ بنت شمعون رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 62 |
| 15- حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت محمد ﷺ | 64 |
| 16- حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت محمد ﷺ | 68 |
| 17- حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت محمد ﷺ | 71 |

18- حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت محمد ﷺ 73
19- حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا 80
20- حضرت ثوبیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا 83
21- حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ تعالیٰ عنہا 85
22- حضرت ام ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا 87
23- حضرت صفیہ بنت عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہا 91
24- حضرت سمیہ بنت خباط رضی اللہ تعالیٰ عنہا 93
25- حضرت ام رومان بنت عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہا 95
26- حضرت اسماء بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہا 97
27- حضرت فاطمہ بنت خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہا 101
28- حضرت شفاء بنت عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا 103
29- حضرت ام الفضل لبابتہ الکبریٰ بنت حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا 106
30- حضرت ام عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا 108
31- حضرت ام عطیہ بنت حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا 111
32- حضرت ام خالد بنت خالد بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہا 113
33- حضرت اسماء بنت عمیس خثعمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا 115
34- حضرت ام معبد خزاعیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا 118
35- حضرت خنساء بنت عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہا 121
36- حضرت لبابتہ للصغریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا 125
37- حضرت امامہ بنت ابی العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہا 127
38- حضرت زینب بنت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہا 129
39- حضرت صعبہ بنت الحضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہا 132
40- حضرت شفا بنت عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہا 134
41- حضرت ام سلیم بنت ملحان رضی اللہ تعالیٰ عنہا 136
42- حضرت ربیع بنت معوذ رضی اللہ تعالیٰ عنہا 142


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| -43 | حضرت سفانہ بنت حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 144 |
| -44 | حضرت ام حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت ملحان | 146 |
| -45 | حضرت ام شریک دوسیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 149 |
| -46 | حضرت سلافہ بنت سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 150 |
| -47 | حضرت عزہ بنت ابو سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 152 |
| -48 | حضرت سہلہ بنت سہیل رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 153 |
| -49 | حضرت معاذہ بنت عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 155 |
| -50 | حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 157 |
| -51 | حضرت خولہ بنت ثعلبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 160 |
| -52 | حضرت حمنہ بنت جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 163 |
| -53 | حضرت ہالہ بنت خویلد رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 165 |
| -54 | حضرت ام علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 167 |
| -55 | حضرت ہند بنت عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 169 |
| -56 | حضرت زینب بنت ابی معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 171 |
| -57 | حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 173 |
| -58 | حضرت ام ہانی بنت ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 176 |
| -59 | حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 179 |
| -60 | حضرت ام الدرداء بنت ابو حدرد اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 182 |
| -61 | حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 184 |
| -62 | حضرت ام ورقہ بنت عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 188 |
| -63 | حضرت ہند بنت عتبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 190 |
| -64 | حضرت ام کلثوم بنت عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 193 |
| -65 | حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 195 |
| -66 | حضرت زینب بنت مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 197 |
| -67 | حضرت ربطہ بنت الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 199 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| -68 | حضرت ام قیس بنت محصن رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 201 |
| -69 | حضرت عاتکہ بنت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 202 |
| -70 | حضرت ام الخیر بنت صخر رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 205 |
| -71 | حضرت اروی بنت عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 207 |
| -72 | حضرت خولہ بنت حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 209 |
| -73 | حضرت رملہ بنت ابی عوف سہمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 211 |
| -74 | حضرت لیلیٰ بنت ابی حثمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 213 |
| -75 | صحابیات سے مروی احادیث مبارکہ | 215 |
| -1 | جنازہ میں کثرت تعداد کی برکت واہمیت | 216 |
| -2 | میت پر سوگ نہیں کرنا چاہیے | 216 |
| -3 | جنازے میں جانے کی ممانعت | 216 |
| -4 | میت کا غسل اور کفن | 216 |
| -5 | عیادت کے فضائل | 217 |
| -6 | نکاح میں برکت | 217 |
| -7 | مصلحت آمیزی | 217 |
| -8 | چغلخوری | 217 |
| -9 | بدعت کی ممانعت | 217 |
| -10 | فحش کلامی | 218 |
| -11 | وضع ولباس | 218 |
| -12 | پردہ | 218 |
| -13 | کھانے میں تکلف | 218 |
| -14 | قرضدار کی رعایت | 219 |
| -15 | شوہر کی رضا | 219 |
| -16 | شوہر کا حق | 219 |
| -17 | جسم کے ہر جوڑ پر صدقہ | 219 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| 18- صدقہ کی ترغیب | 219 |
| 19- پیر اور جمعرات کا روزہ | 220 |
| 20- خاص روزے | 220 |
| 21- شب قدر | 220 |
| 22- شب قدر کی دعا | 220 |
| 23- اسم اعظم | 221 |
| 24- نماز تہجد | 221 |
| 25- وتر کے بعد نفل | 221 |
| 26- تسبیحات فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا | 221 |
| 27- مسواک | 222 |
| 28- مسواک کی فضیلت | 222 |
| 29- لباس | 222 |
| 30- کھانے کے متعلق سنت طیبہ | 222 |
| 31- مرغوبات | 222 |
| 32- کھانے سے پہلے بسم اللہ | 222 |
| 33- امور طبعی | 223 |
| 34- انکسار طبعی | 223 |
| 35- صورت زیبا | 223 |
| 36- اعتدال تزئین | 223 |
| 37- سنت مؤکدہ | 223 |
| 38- قرآن پاک کی عظمت و فضیلت | 224 |
| 39- عیب چینی | 224 |
| 40- حرمت شراب | 244 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 201 | 18- | [illegible] |
| 202 | 19- | [illegible] |
| 205 | 20- | [illegible] |
| 207 | 21- | [illegible] |
| [illegible] | 22- | [illegible] |
| [illegible] | 23- | [illegible] |
| [illegible] | 24- | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] |

# حرف اوّل

اللہ پاک کا کتنا بڑا احسان ہے کہ اس نے انسان کو پیدا کرنے کے بعد یونہی نہیں چھوڑ دیا کہ کھائے پیئے اور اس دنیا سے رخصت ہو جائے بلکہ اس نے اپنے محبوب ترین بندوں (یعنی پیغمبروں) کو بھیجا کہ وہ انسان کو زندگی کے مقصد سے آگاہ کریں کہ زندگی صرف اس کی عبادت کرنے کیلئے ہے اور اس خالق اکبر کے بتائے ہوئے تمام قوانین پر عمل کر کے اس کی خوشنودی حاصل کرے۔

حضور اکرم ﷺ چونکہ نبیوں کے سردار اور آخری نبی ہیں۔ اس لیے اللہ پاک نے ان سے عورتوں کی ایسی جماعت تیار کرائی جو عورتوں میں دین حق کی تبلیغ کریں اور اپنے آپ کو ایک نمونہ بنا کر اس کی تقلید کرنے پر آمادہ کریں۔ یہ مبارک اور مقدس جماعت خود حضور اکرم ﷺ کی ازواج مطہرات کی جماعت تھی جس نے دین حق کی اشاعت میں زبردست محنت اور کوشش کی۔

ہم دیکھتے ہیں کہ اس مبارک جماعت کی مساعی جمیلہ سے صحابیات میں اس قدر قابل قدر اور عظیم عورتوں کی جھلکیاں نظر آتی ہیں جو نہ صرف عورتوں کیلئے ہی اپنی مثال آپ تھیں بلکہ مردوں نے بھی ان سے دینی قدروں کی روشنی حاصل کی۔

غزوۂ احد میں جبکہ کافروں نے عام حملہ کر دیا اور صرف چند جانثار آپ ﷺ کے پاس رہ گئے تو حضرت ام عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ کے پاس پہنچیں اور جب کفار آگے بڑھتے تھے تو وہ تلوار اور تیر سے ان کا راستہ روک دیتی تھیں، چنانچہ حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ ”میں احد میں ان کو اپنے داہنے اور بائیں برابر لڑتے ہوئے دیکھتا تھا۔“

Marfat.com

حضرت ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا غزوۂ حنین میں ایک خنجر ہاتھ میں لیے ہوئے حضور اکرم ﷺ کے قریب کھڑی تھیں۔ لشکر اسلام میں اس وقت سخت افراتفری پھیل چکی تھی۔ آپؓ کے شوہر ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اکرم ﷺ سے عرض کیا کہ ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا خنجر لیے کھڑی ہیں۔ آپ ﷺ نے پوچھا کیا کرو گی؟ عرض کیا اگر کوئی مشرک قریب آئے گا، اس کا پیٹ چاک کر دوں گی۔ یہ سن کر آپ ﷺ مسکرا دیئے۔

میدان جنگ میں صحابیات زخمیوں کو پانی پلاتیں، پٹیاں باندھتیں، مقتولوں اور زخمیوں کو میدان جنگ سے باہر لے جاتی تھیں۔ مجاہدین کے خورد و نوش کا بندوبست کرتی تھیں۔

اشاعت اسلام کے سلسلے میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بہن فاطمہؓ بنت خطاب کی دعوت پر ہی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلام لائے تھے۔ علمی کارناموں میں بہت سی صحابیات قرات، تفسیر، حدیث، فقہ، فرائض میں کمال کا درجہ رکھتی تھیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا وغیرہ نے حیرت انگیز کارنامے سرانجام دیئے ہیں۔

غرض ان سب کی زندگیاں ہمارے لیے قابل تقلید ہیں۔ اگر ہم اپنے گھروں میں محبت وہدایت اور سکون وراحت کی کلیاں چٹکتی ہوئی دیکھنا چاہتے ہیں تو ان خوش بخت خواتین کی تقلید کر کے دیکھ سکتے ہیں۔

ہم نے یہ مختصر سی کوشش اس نیت سے کی ہے کہ ہمیں ان بے مثل خواتین کی زندگیوں سے واقفیت ہو سکے تاکہ ان سے استفادہ کرنے کا شوق پیدا ہو۔ اللہ تعالیٰ اس میں کامیابی اور برکت عطا فرمائے۔

سعدیہ کلیم آرائیں
آرائیں محلہ ٹنڈو آدم

ارائیں ہاؤس
ٹنڈو آدم
15 اگست 2000ء

Marfat.com

# ام المومنین سیدہ خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خویلد

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا نام بتائیے؟

ج: خویلد بن اسد

س: طاہرہ کس ام المومنین کا لقب تھا؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا۔

س: حضور اکرم ﷺ کی اس زوجہ مطہرہ کا نام بتائیے جس نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے تجارتی کاروانوں کی نگرانی کرنے والے غلام کا نام بتائیے؟

ج: یسرہ (میسرہ)

س: حضور ﷺ نے کس ام المومنین کے مال سے تجارت کی تھی؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنی کس سہیلی کے ذریعے حضور ﷺ سے اپنے نکاح کی بات کی تھی؟

ج: نفیسہ بنت علیہ۔

Marfat.com

س: حضور ﷺ سے کس ام المومنین نے یہ الفاظ کہے تھے؟ "میں نے آپ ﷺ کی صداقت اور اچھے اخلاق کی وجہ سے آپ ﷺ کو پسند کیا۔"

ج: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے۔

س: کس ام المومنین سے نکاح کے بعد حضور ﷺ نے سب سے پہلے دعوت ولیمہ کی تھی؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کے بعد۔

س: حضور ﷺ سے نکاح کے بعد ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اظہار خوشی کے طور پر اپنی کنیزوں کو کس بات کا حکم دیا تھا؟

ج: دف بجانے اور رقص کرنے کا۔

س: حضور ﷺ کی کونسی زوجہ محترمہ کو خود اللہ پاک نے سلام بھیجا تھا؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت جبریل امین نے حضور ﷺ کی کس زوجہ مطہرہ کو سلام کہا تھا؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو۔

س: حضور ﷺ کی سب سے پہلی زوجہ محترمہ کا نام بتائیے؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے نکاح کا خطبہ کس نے پڑھا تھا؟

ج: ورقہ بن نوفل اور دیگر روایات کے مطابق سردار ابو طالب نے۔

س: حضور ﷺ کی اس زوجہ کا نام بتائیے جن کی زندگی میں آپ ﷺ نے دوسری شادی نہیں کی تھی؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پہلے شوہر ابو ہالہ سے ان کی کونسی اولاد تھی؟

ج: ہالہ اور ہند۔

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے دوسرے شوہر عتیق بن عایذ مخزومی سے کونسی اولاد پیدا ہوئی تھی؟

ج: ایک لڑکی جس کا نام ہند تھا۔

Marfat.com

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کون کونسے نواسے اور نواسیاں تاریخ اسلام کی نامور شخصیتیں ہیں؟

ج: حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تیسرا نکاح کن سے ہوا تھا؟

ج: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے۔

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں حضور ﷺ کے کتنے بیٹے پیدا ہوئے؟

ج: دو لڑکے قاسم اور عبداللہ (جنہیں طیب اور طاہر بھی کہتے ہیں۔)

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بیٹے قاسم اور عبداللہ کے حالات زندگی بتایئے؟

ج: دونوں بچپن میں فوت ہو گئے تھے۔

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں حضور ﷺ کی کتنی بیٹیاں پید ہوئیں؟

ج: چار لڑکیاں زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا، رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بیٹیوں کی شادی کن سے ہوئی؟

ج: زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حضرت ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے، رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے (حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے انتقال کے بعد) حضرت ام کلثوم کا نکاح بھی عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کیا گیا تھا۔ حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے۔

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور ﷺ کی ہجرت سے کتنا عرصہ پہلے انتقال کیا تھا؟

ج: تین سال پہلے۔

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد میں کون سب سے زیادہ خود

Marfat.com

بھی نامور ہوا اور اس کی اولاد بھی نامور ہوئی؟

ج: حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا، جن کی اولاد میں ان کے فرزند اکبر حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور چھوٹے فرزند حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ شہید کربلا بہت نامور بزرگ ہوئے ہیں۔

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بیٹی حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کونسی اولاد تھی؟

ج: ایک بیٹا علی جو بچپن میں فوت ہو گیا تھا، ایک بیٹی امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جن سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات کے بعد نکاح کر لیا تھا۔

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کس بیٹی نے اپنے شوہر کے ساتھ حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی؟

ج: حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے شوہر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ۔

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بیٹی حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کونسی اولاد تھی؟

ج: ایک بیٹا عبداللہ جو دو سال کی عمر میں فوت ہو گیا تھا۔

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بیٹی ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کونسی اولاد ہوئی تھی؟

ج: آپ کے ہاں اولاد نہیں ہوئی تھی۔

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اس نواسی کا نام بتایئے جسے حضور ﷺ نماز کے وقت اٹھا لیا کرتے تھے اور جب سجدہ کرتے تو اسے بٹھا دیتے تھے؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بیٹی حضرت امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضور ﷺ کی اس زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے جنہوں نے حضور ﷺ سے نکاح کے پندرہ سال بعد اسلام قبول کیا نیز اس کی وجہ بھی بتائیں؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، اس کی وجہ یہ ہے کہ حضور ﷺ اپنے نکاح کے

Marfat.com

پندرہ سال بعد مبعوث ہوئے تھے۔ یعنی نبوت کی ذمہ داریاں اس وقت آپ کے سپرد کی گئی تھیں۔

س: ان ام المومنین کا نام بتایئے جنہیں حضور ﷺ اکثر یاد کیا کرتے تھے؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ کی ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن کو امہات المومنین کیوں کہا جاتا ہے؟

ج: قرآن مجید میں سورۃ احزاب کی آیت نمبر ۶ میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے "بلاشبہ نبی ﷺ مومنین پر ان کی جانوں سے بھی فوق تر (بڑھ کر) ہیں اور نبی ﷺ کی بیویاں مومنوں کی مائیں ہیں۔" اس لیے انہیں امہات المومنین کہا جاتا ہے۔

س: ان ام المومنین کا نام بتایئے جو اکثر حضور ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کرتی تھیں "یارسول اللہ ﷺ آپ رنجیدہ نہ ہوں بھلا کوئی رسول ایسا بھی آج تک آیا ہے جس سے لوگوں نے تمسخر نہ کیا ہو؟"

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جنہوں نے ابولہب سے اس کی لونڈی ثوبیہ (جس نے حضور ﷺ کو دودھ پلایا تھا) خرید کر آزاد کرنے کا ارادہ کیا تھا لیکن ابولہب نے انکار کر دیا تھا؟

ج: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضور ﷺ کے فرزند قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ محترمہ کا نام بتایئے؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کتنی احادیث کی روایت کی ہے؟

ج: کوئی حدیث روایت نہیں کی۔

س: حضور ﷺ سے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی مدت رفاقت کتنی ہے؟

ج: ۲۵ سال۔

س: ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کتنی عمر پائی تھی؟

ج: ۶۵ سال۔

Marfat.com

س: حضور ﷺ کی کس زوجہ مطہرہ نے شادی ہو جانے کے بعد اپنا ایک غلام آپ ﷺ کو ہبہ کر دیا تھا؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور اکرم ﷺ کو جو غلام ہبہ کیا تھا اس کا نام بتایئے؟

ج: حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن حارثہ۔

س: حضور ﷺ کے چچا نے یہ بات کب کہی تھی "خدا کیلئے سب تعریفیں ہیں جس نے ہماری پریشانیوں کو دور کیا اور ہمارے رنج والم کو مٹادیا"۔

ج: حضور ﷺ سے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے نکاح کے بعد۔

س: سورۃ تحریم کی روشنی میں بتایئے کہ حضور ﷺ کے تعلقات اپنی ازواج مطہرات کے ساتھ کیسے تھے؟

ج: ا۔ آپ ان کی جائز حدود میں دلداری فرماتے تھے۔

۲۔ ان کے مذاق اور شوق کا بھی لحاظ رکھتے تھے۔

۳۔ خوش طبعی اور ہنسی سے بھی گریز نہیں تھا۔

۴۔ انہیں راز کا امین بناتے اور ان کے رنج وراحت میں شریک ہوتے۔

س: امہات المومنین کے آپس کے تعلقات کیسے تھے؟

ج: ان کے آپس کے تعلقات بہت خوشگوار اور محبت پر مبنی تھے اور اگر بشری تقاضا کے مطابق کچھ رنجش ہو جاتی تھی تو وہ جلد ہی جاتی رہتی تھی۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جن کے والد اپنے وقت کے مشہور تاجر تھے؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ہجرت سے پہلے حضور ﷺ کے نکاح میں وہ کون سی ام المومنین تھیں جن کا انتقال ہو چکا تھا؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ کی اس زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے جن سے آپ نے فرمایا تھا کہ ایسے واقعات دیکھتا ہوں کہ مجھے اپنی جان کا ڈر ہو گیا ہے؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: کون سی ام المومنین حضور ﷺ کی سیرت پاک سے بے حد متاثر تھیں؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ نے اپنی کس زوجہ مطہرہ کیلئے ارشاد فرمایا تھا کہ "میں کفار سے جب کوئی ناگوار بات سنتا تھا تو وہ میری اس طرح ڈھارس بندھاتی تھیں کہ میرے دل کو تسکین ہو جاتی اور کوئی رنج نہ تھا جو ان کی باتوں سے آسان اور ہلکا نہ ہو جاتا تھا۔"

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ کی اس زوجہ محترمہ کا نام بتائیے جن کے پہلے شوہر کے بیٹے حارث نے حضور ﷺ کیلئے سب سے پہلے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا تھا؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ کی ساری اولاد کس ام المومنین کے بطن سے پیدا ہوئی؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے (سوائے ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جو حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن سے پیدا ہوئے)

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتائیے جن کے نواسے میدان کربلا میں شہید ہوئے تھے؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ کی رضاعی والدہ بی بی حلیمہ کو اونٹ، بکریاں اور بہت سا سامان دیکر خوش کرنے والی ام المومنین کا نام بتائیے؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: وحی نازل ہونے سے پہلے حضور ﷺ کے نکاح میں کتنی ازواج مطہرات تھیں، ان کے نام بتائیے؟

ج: صرف حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے وہ کون تھیں جن کی مدت رفاقت حضور ﷺ سے سب سے زیادہ طویل ہے؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

Marfat.com

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جنہوں نے حضور ﷺ کے ساتھ شعب ابی طالب میں تقریباً تین سال گزارے تھے؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن حزام نے حضرت زیدؓ بن حارث کو امہات المومنین میں سے کس کے لیے ہبہ کر دیا تھا؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کیلئے۔

س: حضور ﷺ کی اس زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے جنہیں خود آپ ﷺ نے دفن کیا تھا۔ لیکن نماز جنازہ نہ پڑھائی؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ نے اپنی زوجہ مطہرہ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نماز جنازہ کیوں نہ پڑھائی، حالانکہ آپ ﷺ نے انہیں خود دفن کیا تھا؟

ج: اس وقت تک نماز جنازہ پڑھنے کا حکم نہیں آیا تھا۔

س: حضور ﷺ کی ان زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے جن کی قبر جنت البقیع میں نہیں ہے بلکہ مکہ میں حجون پہاڑ کے دامن میں ہے؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

☆☆☆

## ام المومنین سیدہ سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت زمعہ

س: حضور ﷺ کی دوسری زوجہ مطہرہ کا نام بتائیے؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ کی اس زوجہ محترمہ کا نام بتایئے جن کا قد سب سے لمبا تھا؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے حضور ﷺ سے نکاح کے وقت کس کی عمر سب سے زیادہ تھی؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جنہوں نے اپنی باری حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو دے دی تھی؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یہ بات کس کیلئے کہی تھی، ان ام المومنین کا نام بتایئے؟ "میں نے کسی عورت کو جذبہ رقابت سے خالی نہ دیکھا سوائے ان کے"؟

ج: ام المومنین حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کس ام المومنین کیلئے فرمایا تھا"

Marfat.com

سوائے ان کے کسی عورت کو دیکھ کر میرے دل میں یہ خواہش پیدا نہ ہوئی کہ اس کے جسم میں میری روح ہوتی"؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لیے۔

س: حضور ﷺ کی وہ کونسی ازواج مطہرات تھیں جنہوں نے آپ ﷺ کے انتقال کے بعد حج نہیں کیا جبکہ باقی امہات المومنین حج کیا کرتی تھیں؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش

س: وہ کونسی ام المومنین ہیں جن کی عمر نکاح کے وقت آپ ﷺ کی عمر کے برابر تھی؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (دونوں کی عمر پچاس سال تھی)

س: امہات المومنین میں سے کس نے سب سے کم احادیث روایت کی ہیں؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: ام المومنین حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کتنی احادیث روایت کی ہیں؟

ج: پانچ احادیث روایت کی ہیں۔

س: ام المومنین حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا نام بتایئے؟

ج: زمعہ بن قیس۔

س: سورۃ احزاب کی آیت نمبر ۲۹ (جس میں اختیار دیا گیا ہے امہات المومنین کو کہ وہ حضور اکرم ﷺ کے ساتھ رہنا چاہتی ہیں یا دنیا اور اس کی زینت کی خاطر علیحدگی اختیار کرنا چاہتی ہیں) کے نزول کے وقت حضور ﷺ کے نکاح میں کون کونسی ازواج مطہرات تھیں؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: جنگ احزاب اور بنو قریظہ کے زمانہ میں وہ کونسی امہات المومنین تھیں جنہوں نے حضور ﷺ سے خرچ کیلئے زیادہ پیسہ مانگا تھا جس سے آپ ﷺ کو صدمہ پہنچا تھا؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین کیلئے پردہ اور معاشرتی قانون کے احکام قرآن مجید کی کس صورت میں ہیں؟

ج: سورۃ احزاب کی آیات ۵۳ تا ۵۹ تک۔

س: مسجد نبوی کی تعمیر کے وقت سب سے پہلے کتنے حجرے بنائے گئے تھے اور ان میں کون کونسی امہات المومنین رہا کرتی تھیں؟

ج: دو حجرے بنائے گئے تھے، ایک میں حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور دوسرے میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا رہتی تھیں۔

س: ہجرت سے پہلے آپ ﷺ کے نکاح میں کون کونسی ازواج مطہرات تھیں؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جبکہ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال ہو چکا تھا۔

س: حضور ﷺ کی اس زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے جنہوں نے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات کے بعد اور ہجرت مدینہ سے پہلے آپ ﷺ کے گھر کا انتظام سنبھالا تھا؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جن کی عمر حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ایک سال کم تھی؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور اکرم ﷺ کو ام المومنین حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کی ترغیب کس نے دی تھی؟

ج: خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت حکیم۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جنہوں نے حضور ﷺ سے نکاح کے بارے میں خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت حکیم سے فرمایا تھا "تم میرے باپ کے پاس جاؤ وہ بہت بوڑھے ہو چکے ہیں، ان سے اس بات کا ذکر کرو"؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جن کے بھائی نے اپنی بہن کا حضور اکرم ﷺ سے نکاح ہونے کے بعد اپنے سر پر خاک ڈالی اور کہا "یہ کیا غضب

ہو گیا"، لیکن اسلام قبول کرنے کے بعد انہیں اس حماقت پر ہمیشہ افسوس رہا؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے کن کیلئے ابن حجر نے اصابہ میں لکھا ہے کہ وہ طائف کی کھالیں بنایا کرتی تھیں اور اس کی آمدن سے اللہ کی راہ میں خیرات کیا کرتی تھیں؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ کی ننھی صاحبزادیوں کی پرورش اور تربیت کرنے والی اس ام المومنین کا نام بتایئے جن کی یہ اپنی اولاد نہ تھی؟

ج: ام المومنین حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جن کے پہلے شوہر نے ان کا خواب سن کر کہا تھا کہ میں بہت جلد مر جاؤں گا اور تم حضور ﷺ سے نکاح کر لو گی اور ایسا ہی ہوا؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ نے کس ام المومنین کو ہجرت کے بعد مکہ مکرمہ سے مدینہ شریف لانے کیلئے حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن حارثہ اور حضرت رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیجا تھا؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پہلے شوہر کا نام بتایئے؟

ج: سکران رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عمرو۔

س: امہات المومنین میں سے وہ کون تھیں جن کے والد محترم نے ان کا نکاح حضور ﷺ سے کرنے کے بارے میں ان کی رضامندی دریافت کی تھی؟

ج: حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں ان کے پہلے شوہر سکران رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کونسی اولاد تھی؟

ج: ایک فرزند عبدالرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو خلافت فاروقی میں جنگ جلولا میں بہادری سے لڑتے ہوئے شہید ہو گئے تھے۔

س: ام المومنین حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضور ﷺ کی کون کونسی اولاد تھی؟

ج: آپ کے ہاں حضور ﷺ کی کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

☆☆☆

Marfat.com

# ام المومنین سیدہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س: حضور ﷺ کی کس زوجہ محترمہ کا لقب حمیرا ہے؟
ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا۔
س: اس ام المومنین کا نام بتایئے جنہوں نے خالص مسلم گھرانے میں پرورش پائی؟
ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س: امہات المومنین میں سے کونسی ام المومنین نے سب سے زیادہ احادیث روایت کی ہیں؟
ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س: حضور ﷺ سے نکاح کے وقت کس ام المومنین کی عمر سب سے کم تھی؟
ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س: حضور ﷺ سے نکاح کے وقت حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر کتنی تھی؟
ج: ۹ سال اور بعض روایات کے مطابق ۱۴ سال۔
س: امہات المومنین میں سب سے زیادہ عالم، فقیہہ اور سخی کون تھیں؟
ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س: کس ام المومنین کی وجہ سے آیات تیمم نازل ہوئی تھیں؟
ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وجہ سے۔
س: کون سی ام المومنین سب سے اعلیٰ خطیبہ تھیں؟
ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

Marfat.com

س: کس ام المومنین کی والدہ کی قبر میں خود حضور ﷺ اترے تھے؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ حضرت ام رومانؓ کی قبر میں۔

س: حضور ﷺ کی کون سی زوجہ محترمہ کا نکاح آپ ﷺ سے کنوار پنے میں ہوا تھا؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا۔

س: حضور ﷺ کی کونسی زوجہ مطہرہ کے علاوہ باقی سب ازواج مطہرات بیوہ تھیں؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے علاوہ باقی سب بیوہ تھیں۔

س: حضور ﷺ کا انتقال کس حجرہ میں ہوا تھا؟

ج: حجرۂ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا میں۔

س: حضور ﷺ کا روضہ مبارک کس جگہ واقع ہے؟

ج: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حجرہ میں۔

س: امہات المومنین میں سے کس کا حجرہ ابھی تک اصلی حالت میں موجود ہے؟

ج: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا۔

س: حضور ﷺ کی وہ کونسی زوجہ محترمہ ہیں جنہوں نے حضرت جبریل امینؑ کو حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (مشہور صحابی) کی صورت میں آپ ﷺ سے گفتگو کرتے ہوئے دیکھا تھا؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے۔

س: واقعہ افک میں جب حضور ﷺ نے حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش سے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے متعلق دریافت کیا تو انہوں نے کیا جواب دیا؟

ج: "میں نے ان میں بھلائی کے سوا کچھ نہیں پایا۔"

س: قرآن مجید کی سورۃ نور میں "ھذا افک مبین" کا تعلق حضور ﷺ کی کس زوجہ محترمہ سے ہے؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے۔

س: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حضورؐ سے کتنے سال تک رفاقت رہی؟

ج: ۹ سال۔

س: ایک بار جب حضور ﷺ کی اپنی زوجہ محترمہ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ناراضگی ہوگئی تھی تو بتایئے ام المومنین نے کس کی وساطت سے حضور ﷺ کی ناراضگی کو ختم کرایا تھا؟

Marfat.com

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وساطت سے۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش کو کس ام المومنین سے برابری کا دعویٰ تھا؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے۔

س: صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو جب کوئی دینی مشکل پیش آتی تھی تو وہ امہات المومنین میں سے کس کی طرف رجوع کرتے تھے؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی طرف رجوع کرتے تھے۔

س: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت پر کیا کہا تھا؟

ج: آپ نے فرمایا، اس نے عصائے سفر کو رکھ دیا۔ "جدائی کے دن ختم ہوگئے، اسے وہی مسرت حاصل ہوئی جیسے مسافر کی آنکھ اپنے گھر واپس آنے پر ٹھنڈی ہوتی ہے۔"

س: سورۃ احزاب کی آیت نمبر ۲۹ (آیت تخییر) کے نزول کے بعد حضور ﷺ نے اپنی گفتگو کا آغاز اپنی کس زوجہ محترمہ سے کیا تھا؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے۔

س: حضور ﷺ واقعہ ایلا (مہینہ بھر علیحدگی) کے بعد جب اپنے بالاخانہ سے اپنے حجرات مین تشریف لائے تو سب سے پہلے کس ام المومنین کے حجرہ میں قدم رنجہ فرمایا؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حجرہ میں۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جنہیں بصرہ کے مسلمانوں نے میدان جنگ میں پایا؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کس جنگ میں حصہ لیا تھا؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جنگ جمل میں حصہ لیا تھا۔

س: واقعہ افک میں ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی صفائی میں گواہی دینے والی لونڈی کا نام بتایئے؟

ج: بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کب اور کس کے متعلق فرمایا تھا "یہ نہ کہو، وہ مسلمان ہوگئی اور اسی کا اسلام اچھا اور بہتر ہے"؟

ج: حضور ﷺ سے نکاح کے بعد جب حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پہلی مرتبہ مدینہ

Marfat.com

شریف میں آئیں اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے انہیں دیکھا اور آپ ﷺ کے استفسار پر کہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تم نے ان کو کیسا پایا اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا تھا "ایک یہودیہ کو دیکھا ہے" اس موقع پر آپ ﷺ نے فرمایا تھا۔

س: حضور ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کبھی کبھی پیار سے کس نام سے پکارتے تھے؟

ج: عاش۔

س: حضور ﷺ کی اس زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے جن کے ساتھ آپ ﷺ نے دو مرتبہ دوڑ لگائی تھی؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: اس ام المومنین کا نام بتایئے جن کی چوسی ہوئی ہڈی کو آپ ﷺ چوستے اور برتن میں جہاں منہ لگا کر وہ پانی پیتی تھیں وہیں آپ ﷺ اپنا دہن مبارک رکھ کر پانی پیتے تھے؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے کون تھیں جن کی عمر حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ایک سال کم تھی؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ایک مرتبہ دوران سفر حضور ﷺ کو بتائے بغیر کن امہات المومنین نے اپنے اونٹ ایک دوسری سے بدل لیے تھے؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے۔

س: ایک بار جب دوران سفر حضور ﷺ کو اطلاع دیئے بغیر حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے اپنے اونٹ بدل لیے اور حضور ﷺ شب کو اپنے اس اونٹ پر سوار ہوئے جس پر حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سفر کیا کرتی تھیں، لیکن جب حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے منزل پر آپ ﷺ کو نہ پایا تو اپنے دکھ کا کس طرح اظہار کیا تھا؟

ج: آپ نے اپنے پاؤں کو اذخر (ایک گھاس ہے جس میں سانپ اور بچھو رہتے ہیں) کے درمیان لٹکا لیا اور کہنے لگیں، خداوندا کسی بچھو یا سانپ کو متعین کر دے جو مجھے ڈس جائے۔

س: ان ام المومنین کا نام بتائیں جو ہمیشہ چاشت کی نماز پڑھا کرتی تھیں اور فرماتی تھیں کہ اگر میرا باپ بھی قبر سے اٹھ آئے اور مجھ کو منع کرے تب بھی باز نہ آؤں گی؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

Marfat.com

س: واقعہ افک میں ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر الزام لگانے والوں میں کس کی بہن شامل تھیں؟

ج: ام المومنین زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بن جحش کی بہن حمنہ بنت جحش۔

س: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر تہمت لگانے والے کا نام بتائیں؟

ج: رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتائیے جن کے گھر میں انصار کی لڑکیاں جنگ بعاث کے اشعار پڑھ رہی تھیں اور حضور ﷺ گھر میں تشریف فرما تھے؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: واقعہ افک میں جب حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی لونڈی بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے صاف لفظوں میں اس بہتان کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے کیا جواب دیا؟

ج: ام المومنین کے بارے میں کہا "سبحان اللہ خدا کی قسم جس طرح سنار کھرے سونے کو جانتا ہے، اس طرح میں ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو جانتی ہوں، وہ بالکل بے عیب ہیں۔"

س: ام المومنین میں سے ان کا نام بتائیے جنہوں نے فقہ اور حدیث کی باقاعدہ تعلیم دی ہے اور جن کے شاگردوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے؟

ج: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: سورۃ مجادلہ حضور ﷺ پر آپ کی کس زوجہ مطہرہ کے گھر نازل ہوئی تھی؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے متعلق امہات المومنین میں سے کس نے حضور ﷺ سے فرمایا تھا کہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ رات بھر نہیں سوتیں اور برابر نمازیں پڑھا کرتی ہیں؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے۔

س: امہات المومنین میں سے کون سی ام المومنین مفسر تھیں؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عصمت و عفت کی اولین شہادت کس نے دی تھی؟

ج: مردوں میں سے حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن حارثہ نے، عورتوں میں سے بریرہ رضی اللہ

Marfat.com

تعالیٰ عنہا نے، امہات المومنین میں سے حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش نے۔

س: ان ام المومنین کا نام بتایئے جن کی بہن کا لقب ذات النطاقین تھا، نیز ان کا نام بھی بتایئے؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بہن حضرت اسماء کا لقب۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جن کا حضور ﷺ سے نکاح من جانب اللہ تھا؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش۔

س: امہات المومنین میں سے کن کی اوڑھنی سے لشکر اسلام کا وہ پرچم بنایا گیا تھا جس کے تلے فرشتوں نے بھی جہاد کیا تھا؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (جنگ بدر کے موقع پر)۔

س: امہات المومنین میں سے کس کیلئے حضرت حسان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک مشہور قصیدہ لکھا تھا جس کا پہلا شعر یہ تھا؟ "وہ ایک عفت مآب خاتون ہیں، پردہ نشین، ہر شک وشبہ سے بالاتر۔"

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کیلئے۔

س: ام المومنین میں سے کون تھیں جو غزوہ احد میں شریک تھیں؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ایلا کے ایام میں جس بالاخانہ میں حضور ﷺ نے ایک ماہ تک قیام فرمایا تھا، وہ کس ام المومنین کے حجرہ کے سامنے تھا؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ نے اپنی بیماری کے آخری ایام کس ام المومنین کے گھر گزارے؟

ج: پہلے پانچ دن دیگر ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنھن کے ہاں اور آخری آٹھ دن حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں۔

س: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے استاد محترم کا نام بتایئے جن سے آپ نے فقہ، تفسیر اور احادیث کا علم حاصل کیا؟

ج: حضور ﷺ۔

س: امہات المومنین میں سے حضور ﷺ کی مسواک کو بار بار دھونا کس کے سپرد تھا؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

Marfat.com

# ام المومنین سیدہ حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س: حضرت جبریل امین نے یہ الفاظ حضور اکرم ﷺ کی کس زوجہ مطہرہ کیلئے کہے تھے "وہ بہت عبادت کرنے والی، بہت روزے رکھنے والی ہیں (اے محمد ﷺ) وہ جنت میں بھی آپ ﷺ کی زوجہ ہیں۔"

ج: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کیلئے۔

س: اس ام المومنین کا نام بتایئے جن کی پیدائش اس وقت ہوئی جب قریش خانہ کعبہ کی تعمیر کر رہے تھے؟

ج: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد محترم کا نام بتایئے؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پہلے شوہر کا نام بتایئے؟

ج: حضرت خنیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن خذافہ۔

س: حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قرآن مجید کو جمع کرانے کے بعد ایک لکھی ہوئی کتاب کی صورت میں کس ام المومنین کی تحویل میں رکھوایا تھا؟

Marfat.com

ج: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: کس ام المومنین نے حضور ﷺ کی مرضی سے حضرت شفا صحابیہ سے چیونٹی اور کیڑے کے کاٹنے کا منتر سیکھا تھا؟

ج: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے۔

س: حضور ﷺ نے کس سے یہ ارشاد فرمایا تھا "حق تعالیٰ نے عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تمہاری بیٹی سے بہتر بیوی عطا کر دی اور تمہاری بیٹی کو عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بہتر شوہر عطا فرمایا۔"

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جبکہ انہوں نے آپ ﷺ سے اپنی بیٹی حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے نکاح ثانی کے متعلق بات کی تھی۔

س: امہات المومنین کیلئے اللہ پاک نے خصوصی احکام قرآن مجید کی کونسی سورۃ میں نازل فرمائے ہیں؟

ج: سورۃ احزاب کی آیات ۳۰ تا ۵۹ تک۔

س: ایلا کے دنوں میں جب یہ افواہ پھیل گئی تھی کہ حضور اکرم ﷺ نے اپنی ازواج مطہرات کو طلاق دے دی ہے تو کس نے حقیقت معلوم کرنے کیلئے آپ ﷺ سے ملاقات کی تھی؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: امہات المومنین کے رہنے کے مکان کیسے تھے؟

ج: ان کو حجرے کہتے ہیں، یہ تقریباً نو فٹ چوڑے اور پندرہ فٹ لمبے ہوتے تھے، کچی اینٹوں یا مٹی کے بنے ہوئے تھے، چھت پر کھجور کی شاخیں اور پتے ڈال کر اس کی لپائی کر دی گئی تھی۔ دروازے کی جگہ کمبل یا ایک کواڑ کا دروازہ ہوتا تھا۔ کوئی صحن نہیں ہوتا تھا بلکہ مسجد نبوی صحن کی طرح تھی۔

س: حضور ﷺ کے سامنے زیادہ شادیاں کرنے میں کونسی دینی مصلحت تھی؟

ج: آپ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی طرح عورتوں کی ایک جماعت تیار کرنا چاہتے تھے جو عورتوں میں تبلیغ کا کام سنبھالتی اور ان کی وساطت سے رہتی دنیا تک عورتوں کے مسائل اور ان کا حل معلوم ہوتا رہے۔

س: شعبان ۳ھ میں حضور ﷺ سے کس ام المومنین کا نکاح ہوا تھا؟

Marfat.com

ج: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ کی اپنی ازواج مطہرات سے ناراضگی کے واقعہ کو کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

ج: ایلاء کے نام سے۔

س: اللہ پاک نے امہات المومنین کیلئے جزا اور سزا کا کونسا قانون ارشاد فرمایا اور یہ قرآن مجید کی کونسی سورۃ اور آیت میں موجود ہے؟

ج: (۱) کسی صریح فحش حرکت کے ارتکاب پر دوہرا عذاب (۲) اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت اور نیک عملی پر دوہرا اجر، یہ قانون سورۃ احزاب کی آیت نمبر ۳۰ میں ہے۔

س: اللہ پاک نے امہات المومنین کیلئے گھروں سے نکلنے کے متعلق کیا ارشاد فرمایا ہے؟

ج: اپنے گھروں میں ٹک کر رہو۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جن کے والد محترم نے جب پوچھا تھا "کیا تم رسول اللہ ﷺ کو دوبدو جواب دیتی ہو" تو انہوں نے کیا جواب دیا؟

ج: انہوں نے کہا "ہاں" حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیٹی ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: مدینہ شریف میں یہ افواہ کب پھیل گئی تھی کہ حضور ﷺ نے اپنی تمام ازواج مطہرات کو طلاق دے دی ہے؟

ج: جب آپ ﷺ نے اپنی ازواج مطہرات سے ایک ماہ کیلئے علیحدگی اختیار کرلی تھی۔

س: امہات المومنین میں سے دو کا نام "ح" سے شروع ہوتا ہے، آپ ان کے نام بتایئے؟

ج: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جن کے جلیل القدر بھائی "فقیہہ امت" کہلاتے تھے، نیز ان کا نام بھی بتایئے؟

ج: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بھائی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جنہیں پورا قرآن مجید حفظ تھا؟

ج: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

Marfat.com

س: امہات المومنین میں سے کن کے والد محترم کو قرآن پاک جمع کرنے اور باقاعدہ کتاب کی صورت میں لکھوانے کا خیال سب سے پہلے آیا تھا؟

ج: ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد محترم حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جن کے پاس پہلی بار لکھی ہوئی صورت میں مکمل قرآن پاک رکھوادیا گیا تھا؟

ج: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جنہوں نے ایک شب رسول اللہ ﷺ کے بستر کو چار تہہ کر کے بچھایا تھا تاکہ نرم ہو جائے لیکن آپ ﷺ نے صبح اٹھ کر ناگواری کا اظہار فرمایا تھا؟

ج: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (کیونکہ آپ ﷺ نماز کیلئے وقت پر نہ اٹھ سکے تھے)

س: مشہور صحابیہ شفا رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت عبداللہ عدویہ نے امہات المومنین میں سے کس کو لکھنا سکھایا تھا؟

ج: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو۔

س: امہات المومنین میں سے کس نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہ وصیت کی تھی کہ ان کی تمام جائیداد کو صدقہ کیلئے وقف کردیں، ان کا نام بتایئے؟

ج: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ایک بار جب کچھ امہات المومنین حضور ﷺ کے ساتھ سفر میں تھیں اور ان کے اونٹ تیز چلنے لگے تو بتایئے آپ ﷺ نے ساربان سے کیا ارشاد فرمایا؟

ج: آپ ﷺ نے فرمایا "دیکھو، کانچ کے ٹکڑے ہیں ذرا احتیاط سے۔"

س: مدینہ کے مفسد اور منافق کس عورت کے ذریعے حضور ﷺ کی ازواج مطہرات میں باہمی جھگڑے پیدا کرانے کی کوشش کیا کرتے تھے، لیکن ہمیشہ ناکام رہتے تھے؟

ج: ام جلاح کے ذریعے۔

س: امہات المومنین میں سے کن کا علمی اور ذہنی قیادت کا درجہ بلند ہے؟

ج: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے کون لکھنا جانتی تھیں؟

ج: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: انتقال کے وقت حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر کتنی تھی؟

ج: ۵۹ سال۔

س: ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: مروان بن الحکم نے۔

س: امہات المومنین میں سے اس کا نام بتایئے جن کے جنازہ کو مروان بن الحکم نے کاندھا دیا تھا؟

ج: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: کون سی ام المومنین کے جنازہ کو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جنازہ گاہ سے قبر تک لے گئے تھے؟

ج: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر کہاں واقع ہے؟

ج: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر مدینہ شریف میں جنت البقیع میں ہے۔

☆☆☆

Marfat.com

# ام المومنین سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خزیمہ

س: حضور اکرم ﷺ کی اس زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے جن کا لقب "ام المساکین" ہے؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خزیمہ۔

س: حضور ﷺ کی ازواج مطہرات میں سب سے کم عمر پانے والی کون ہیں؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خزیمہ۔

س: ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خزیمہ کی کل عمر کتنی تھی؟

ج: ۳۰ سال۔

س: ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خزیمہ کا نکاح حضور ﷺ سے کب ہوا؟

ج: ۳ہجری۔

س: حضور ﷺ سے جب آپ ﷺ کی ازواج مطہرات نے زیادہ خرچ مانگا تھا جس سے آپ ﷺ ناراض ہو گئے تھے وہ کس مشہور واقعہ کا زمانہ تھا؟

ج: جنگ احزاب اور بنی قریظہ سے جنگ کا زمانہ۔

س: اللہ پاک نے امہات المومنین کیلئے دوسرے آدمیوں سے گفتگو کا کونسا طریقہ مقرر فرمایا ہے، حوالہ بھی دیجئے؟

ج: فرمایا: "نبی ﷺ کی بیویو! تم تمام عورتوں کی طرح نہیں ہو، اگر تم اللہ سے ڈرنے

Marfat.com

والی ہو تو دلی زبان سے بات نہ کیا کرو کہ دل کی خرابی کا مبتلا کوئی شخص لالچ میں پڑ جائے بلکہ صاف سیدھی بات کرو۔" (احزاب ۳۱،۳۲)

س: حضور علیہ السلام کیلئے پانچویں بیوی حلال کرنے کے ساتھ ساتھ آپ علیہ السلام کو چند اقسام کی عورتوں سے نکاح کرنے کی اجازت اللہ پاک نے قرآن مجید کی کس سورت میں عطا فرمائی؟

ج: سورۃ احزاب آیت (۵۰،۵۱)

س: حضور علیہ السلام کی پانچویں زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خزیمہ۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جو حضور اکرم علیہ السلام کے نکاح میں آنے سے پہلے تین بار بیوہ ہو چکی تھیں؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خزیمہ۔

س: ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خزیمہ کا تیسرا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے۔

س: حضور علیہ السلام کی دو ازواج مطہرات کا نام "ز" سے شروع ہوتا ہے، ان کے نام بتایئے؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خزیمہ، حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش۔

س: امہات المومنین میں سے دو کا نکاح حضور اکرم علیہ السلام سے ۳ھ میں ہوا تھا، ان کے نام بتائیں؟

ج: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خزیمہ۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جن کا انتقال حضور علیہ السلام سے نکاح کے دو تین ماہ بعد ہو گیا تھا؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خزیمہ۔

س: ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خزیمہ کے ہاں پہلے شوہر سے

Marfat.com

کون کونسی اولاد تھی؟

ج: کوئی بھی نہیں۔

س: ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خزیمہ کے ہاں حضور ﷺ کی کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: کوئی بھی نہیں۔

س: حضور ﷺ کی کس زوجہ محترمہ نے آپ ﷺ کے ساتھ سب سے تھوڑا وقت گزارا؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خزیمہ نے۔

س: حضور ﷺ کی اس زوجہ محترمہ کا نام بتایئے جن کی نماز جنازہ خود حضور اکرم ﷺ نے پڑھائی تھی؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خزیمہ کی۔

س: حضور ﷺ کی اس زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے جو حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات کے بعد امہات المومنین میں سب سے پہلے فوت ہوئیں؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خزیمہ۔

س: آپ ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خزیمہ کی وفات کب ہوئی اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر کہاں واقع ہے؟

ج: ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خزیمہ کی وفات ۴ھ میں ہوئی اور قبر مدینہ شریف جنت البقیع میں ہے۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خزیمہ نے کتنی احادیث روایت کی ہیں؟

ج: کسی حدیث کی روایت نہیں کی۔

☆☆☆

Marfat.com

## ام المومنین سیدہ ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت ابی امیہ

س: حضور اکرم ﷺ کی اس زوجہ محترمہ کا نام بتایئے جن کے والد کا لقب "زادالراکب" تھا؟

ج: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا لقب "زادالراکب" کیوں تھا؟

ج: ان کی سخاوت کی وجہ سے کیونکہ وہ اکثر پورے قافلے کا خرچ برداشت کرتے تھے۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جن کے والد بہت امیر کبیر مشہور تاجر اور بہت سخی و فیاض تھے اور قریش میں بڑے اثر و رسوخ کے مالک تھے؟

ج: ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد۔

س: اس ام المومنین کا نام بتایئے جن کا نکاح حضور ﷺ سے ۴ھ میں ہوا تھا؟

ج: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: غزوۂ بنو مصطلق میں حضور ﷺ کے ہمراہ امہات المومنین میں سے کون کون تھیں؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جن کے پہلے شوہر نے اسی ثوبیہ رضی

اللہ تعالیٰ عنہا کا دودھ پیا تھا جن کا دودھ چند دن تک کیلئے حضور علیہ السلام نے بھی ایام شیر خوارگی میں پیا تھا؟

ج: ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بعد روایت حدیث و نقل احکام اور علم و فضل میں کس کا درجہ ہے؟

ج: ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: وہ کون سی ام المومنین تھیں جنہوں نے اللہ کی راہ میں سب سے پہلے ہجرت کی؟

ج: ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے کس نے حضور علیہ السلام سے نکاح کے پہلے دن اپنے ہاتھ سے کھانا تیار کیا تھا؟

ج: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت سفینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ امہات المومنین میں سے کس کے غلام تھے؟

ج: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے۔

س: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور علیہ السلام کے وصال کے بعد کتنے سال تک زندہ رہیں؟

ج: پچاس سال تک۔

س: امہات المومنین میں سے وہ کون تھیں جو حضور علیہ السلام کے نکاح میں آنے سے پہلے اپنے خاندان کی زیادتی اور ظلم کی وجہ سے اپنے پہلے شوہر سے جدا کر دی گئی تھیں اور وہ اپنے شوہر کی جدائی اور خاندان کے ظلم کی جہ سے روزانہ کعبۃ اللہ میں جا کر اپنے خاندان کیلئے بلند آواز سے یہ بد دعا کرتی تھیں کہ "خدا کرے گدھ آسمان سے اتریں اور پورے خاندان کو ہضم کر جائیں۔"

ج: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے کون کونسی عمدہ شاعرہ تھیں؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ان کے پہلے شوہر حضرت ابو سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کتنے لڑکے اور لڑکیاں تھیں؟

Marfat.com

ج: صرف دو لڑکے سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دو لڑکیاں زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور درہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضور ﷺ کی کون کونسی اولاد پیدا ہوئی تھی؟

ج: کوئی بھی نہیں۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا اسم گرامی بتایئے جنہوں نے منبر سے حضور ﷺ کے خطبہ کی آواز سنی "ایھاالناس" اور یہ سنتے ہی مشاطہ سے فرمایا کہ بال باندھ دو، حالانکہ اس وقت آپ بال گندھوا رہی تھیں اور جب مشاطہ نے کہا کہ اتنی بھی جلدی کیا ہے تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا "کیا ہم آدمیوں میں شامل نہیں ہیں؟ اور یہ کہہ کر اپنے بال خود باندھ لیے اور نہایت غور سے سارا خطبہ سنا۔

ج: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: کون سی ام المومنین تھیں جن کو حضور اکرم ﷺ نے نکاح کر لینے کے بعد خرمے کی چھال سے بھرا ہوا ایک چرمی تکیہ، دو مشکیزے اور دو چکیاں عطا فرمائی تھیں؟

ج: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو۔

س: امہات المومنین میں سے کن کو حضور ﷺ نے (ان کے پہلے شوہر کی تعزیت کرتے وقت) فرمایا تھا "اللہ سے التجا کرو کہ وہ تمہیں ان سے بہتر جانشین دے"؟

ج: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا اسم گرامی بتائیں جن کے پاس حضور ﷺ کے کچھ بال مبارک چاندی کی ایک ڈبیہ میں محفوظ تھے اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں سے کسی کو کوئی تکلیف پہنچتی تو وہ ایک پیالہ میں پانی بھر کے ان کے پاس لاتے اور وہ موئے مبارک نکال کر اس پانی میں حرکت دیتیں، وہ یہ پانی پی لیتے اور اس کی برکت سے تکلیف دور ہو جاتی تھی؟

ج: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے ایک کے گھر ام الحسن بیٹھی تھیں کہ چند سائل جن میں عورتیں بھی تھیں، ان کے گھر آئے اور بڑی لجاجت سے سوال کیا ام الحسن نے ان کو ڈانٹا تو فرمایا اس کا ہم کو حکم نہیں، پھر لونڈی کو حکم دیا کہ ان کو خالی ہاتھ نہ جانے دو

Marfat.com

اور کچھ نہ ہو تو ایک ایک چھوہارا ان کے ہاتھ پر رکھ دو۔ کیا آپ ام المومنین کا نام بتا سکتے ہیں؟

ج: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: وہ کون سی ام المومنین تھیں جنہوں نے ایک دن حضور ﷺ کو حجرۂ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا میں علیل دیکھا تو بے اختیار ان کے منہ سے چیخ نکل گئی اور حضور ﷺ نے فرمایا، مصیبت میں چیخنا مسلمانوں کیلئے مناسب نہیں ہے؟

ج: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ایک ام المومنین نے اپنے ایک غلام کو اس شرط پر آزاد کر دیا تھا کہ وہ ساری زندگی حضور ﷺ کی خدمت کرتا رہے گا، ان کا نام بتایئے؟

ج: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے اونٹ کی نکیل پکڑ کر مکہ سے مدینہ تک رہنمائی کرنے والے اس شخص کا نام بتایئے جس نے اس وقت غیر مسلم ہونے کے باوجود اس قدر اظہار ہمدردی کیا تھا؟

ج: عثمان بن ابی طلحہ۔

س: اس ام المومنین کا نام بتایئے جن کے پہلے شوہر ابو سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جنازہ حضور ﷺ نے نو تکبیروں کے ساتھ پڑھایا تھا؟ اور لوگوں کے پوچھنے پر فرمایا، یہ ہزار تکبیروں کے مستحق تھے؟

ج: ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: وہ ام المومنین کون تھیں جنہوں نے حضرت ابو لبابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ان کی توبہ قبول ہونے کی خوشخبری سنائی تھی؟

ج: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ جب نماز عصر کے بعد اپنی ازواج مطہرات کے ہاں تشریف لاتے تو سب سے پہلے کن کے گھر قدم رنجہ فرماتے تھے؟

ج: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں۔

س: حضور ﷺ کی کون سی زوجہ محترمہ تھیں جو ہجرت کے بعد امہات المومنین میں سے سب سے پہلے فوت ہوئی تھیں؟

Marfat.com

ج: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: صلح حدیبیہ کا معاہدہ لکھا جانے کے بعد حضور ﷺ نے مومنین کو حلق کرانے (سر منڈوانے) کیلئے فرمایا، لیکن وہ تعمیل کرنے کے بجائے بے حس و حرکت بیٹھے رہے تو اس الجھن کو دور کرنے اور انہیں اس بات پر آمادہ کرنے کیلئے حضور ﷺ نے کس کے مشورہ پر عمل کیا؟

ج: اُم المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مشورہ پر جنہوں نے عرض کیا تھا کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ خود حلق کرائیں تو دوسرے آپ ﷺ کو دیکھ کر اس پر عمل کریں گے۔

س: حضور ﷺ کی ازواج مطہرات میں سب سے لمبی عمر پانے والی کون ہیں؟

ج: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کل عمر کتنی تھی؟

ج: ۸۴ سال۔

س: قبا پہنچنے کے بعد جب ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے لوگوں کو بتایا کہ وہ قریش کے مشہور دولت مند ابو امیہ کی بیٹی ہیں تو لوگوں کو اس پر یقین کیوں نہ آیا؟

ج: چونکہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے مکہ سے مدینہ تک کا سفر تنہا کیا تھا، اس لیے لوگوں کو یقین نہیں آتا تھا کہ اتنے امیر باپ کی بیٹی یوں تنہا سفر کرے گی۔

س: ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر کہاں واقع ہے؟

ج: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر مدینہ شریف میں جنت البقیع میں ہے۔

☆☆☆

Marfat.com

# ام المومنین سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش

س: حضور ﷺ کی اس زوجہ محترمہ کا نام بتایئے جن کا نکاح خود اللہ پاک نے وحی کے ذریعے آپ ﷺ سے کیا؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش۔

س: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کس ام المومنین کے لیے فرمایا تھا "وہ نیک بخت چلی گئیں، بے مثل خاتون چلی گئیں اور یتیموں اور رانڈوں کو بے چین کر گئیں؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش کے لیے۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش نے حضور ﷺ کے انتقال کے بعد کتنے حج کیے؟

ج: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے آپ ﷺ کی وفات کے بعد حج نہیں کیا۔

س: حضور ﷺ کی کس زوجہ محترمہ کے پہلے شوہر کا نام قرآن پاک کی سورہ احزاب میں ہے؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش۔

س: کس ام المومنین کی وفات پر مدینہ کے مساکین و فقراء میں کہرام مچ گیا تھا؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش۔

س: حضور ﷺ نے اپنے بعد سب سے پہلے وفات پانے والی ام المومنین کی کیا نشانی بتائی تھی؟

Marfat.com

ج: جس کا ہاتھ لمبا ہوگا (یعنی جو سخاوت میں سب سے بڑھ کر ہو گی)

س: حضور ﷺ کے انتقال کے بعد سب سے پہلے کس ام المومنین کا انتقال ہوا؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش۔

س: ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش کے پہلے شوہر کا نام بتائیں؟

ج: زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن حارثہ۔

س: ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش کا نکاح کب ہوا تھا؟

ج: ۵ ہجری۔

س: ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش کے اوصاف بیان کرتے ہوئے کیا فرمایا تھا؟

ج: "وہ نیک خو، روزہ دار اور نماز گزار تھیں۔"

س: کون سی ام المومنین حضور ﷺ کے نکاح میں آنے سے پہلے آپ ﷺ کے منہ بولے بیٹے کی بیوی تھیں؟

ج: ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش۔

س: حضور ﷺ کی اس زوجہ محترمہ کا نام بتایئے جن سے نکاح کرنے پر لوگوں نے آپ ﷺ پر اعتراضات کیے تھے، نیز وہ کیا اعتراضات تھے؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش۔ پہلا اعتراض تھا کہ یہ منہ بولے بیٹے کی بیوی ہے۔ دوسرا اعتراض تھا کہ دوسروں کیلئے تو چار بیویاں رکھنے کی پابندی ہے اور خود آپ ﷺ نے پانچویں بیوی سے بھی نکاح کیا ہے۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش سے نکاح پر لوگوں کے اعتراضات کے جواب اللہ نے کس سورۃ میں نازل فرمائے ہیں۔ اس جواب کا خلاصہ کیا تھا؟

ج: سورۂ احزاب اعتراض نمبر ۱: یہ منہ بولے بیٹے کی بیوی ہے۔

جواب: منہ بولا بیٹا حقیقی بیٹا نہیں ہوتا اور عرب کی اس غلط رسم کو توڑنے کیلئے ہی یہ نکاح کیا گیا ہے۔

اعتراض نمبر ۲: دوسروں کیلئے چار شادیوں کی حد مقرر ہے جبکہ خود پانچ شادیاں کر لی ہیں۔

جواب: پابندی لگانے والے بھی ہم (اللہ پاک) ہیں اور مستثنیٰ کرنے والے بھی ہم (اللہ پاک) ہیں اور ہم (اللہ پاک) ہی ان مصلحتوں کو جاننے والے ہیں جو اس استثناء میں ہیں۔

س: ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش اپنے پہلے شوہر حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن حارثہ سے نبھا کیوں نہ کر سکی تھیں؟

ج: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنے برابر کا نہ سمجھتی تھیں کیونکہ آپ ایک اونچے خاندان کی نور نظر تھیں اور حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ آزاد کردہ غلام تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اس نفسیاتی کیفیت کی وجہ سے نبھا نہ ہو سکا۔

س: ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: گیارہ۔

س: ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش کا انتقال کس خلیفہ راشد کے عہد خلافت میں ہوا تھا؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں۔

س: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یہ بات کس ام المومنین کیلئے کہی تھی؟ ''ازواج میں سے وہی رسول اللہ ﷺ کی نگاہ میں عزت اور رتبہ میں میرا مقام رکھتی ہیں''

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش۔

س: حضور اکرم ﷺ اور حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش کے نکاح کے بعد کس صحابیہ نے ایک بڑے برتن میں مالیدہ بنا کر آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کیا تھا؟

ج: حضرت ام سلیم نے (جو حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ ہیں۔)

س: کس ام المومنین کی دعوت ولیمہ کے موقع پر سورۂ احزاب میں یہ آیت نازل ہوئی تھی ''مگر کھانا کھالو تو منتشر ہو جاؤ اور باتیں کرنے میں نہ لگے رہو؟''

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش۔

س: کون سی ام المومنین فن دباغت (چمڑے یا کھال کو بنانا) سے واقف تھیں اور اس کی آمدن خدا کی راہ میں خرچ کر دیتی تھیں؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش۔ حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بھی یہ کام کیا کرتی تھیں۔

س: حضور ﷺ نے حجتہ الوداع کے موقع پر تمام ازواج مطہرات کو جو اس وقت آپ ﷺ کے ہمراہ تھیں، کیا فرمایا تھا؟

Marfat.com

ج: "اس حج کے بعد اپنے گھروں میں بیٹھنا۔"

س: حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن حارثہ حضور ﷺ کی طرف سے پیام نکاح لیکر کس ام المومنین کے پاس گئے تھے؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش۔

س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کس ام المومنین کے بارے میں فرمایا تھا "وہ بہت مخیر ہیں" (کثرت سے خیرات کرنے والی ہیں۔)

ج: ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش کیلئے۔

س: امہات المومنین میں سے کس کے نکاح کے موقع پر پردہ کی آیت نازل ہوئی اور پردہ کا رواج ہوا؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش۔

س: ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش کے ہاں ان کے پہلے شوہر حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن حارثہ کی کون کونسی اولاد ہوئی؟

ج: کوئی بھی نہیں۔

س: ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش کے ہاں حضور ﷺ کی کون کونسی سی اولاد تھی؟

ج: کوئی بھی نہیں۔

س: ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش کی وفات پر مدینہ کے مساکین میں کہرام کیوں مچ گیا؟

ج: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بہت سخی تھیں اور بہت سے مساکین آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سخاوت سے پرورش پاتے تھے۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش کی وفات کب ہوئی؟

ج: ۲۰ ہجری۔

س: حضرت عروہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جحش کے اوصاف پوچھے تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کیا فرمایا؟

ج: "زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا ایک نیک عورت تھیں۔"

Marfat.com

# ام المومنین سیدہ جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

## بنت حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س: ام المومنین حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اصلی نام کیا تھا؟

ج: برّہ۔

س: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور ﷺ کی کس زوجہ محترمہ کیلئے فرمایا تھا ''میں نے ان سے بڑھ کر کسی عورت کو اپنے قبیلے کیلئے باعث رحمت نہیں پایا۔''

ج: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کیلئے۔

س: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب اسلام قبول کیا تھا؟

ج: حضور ﷺ سے نکاح کے وقت۔

س: ام المومنین حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: سات۔

س: ام المومنین حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح حضور ﷺ سے کب ہوا تھا؟

ج: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح ۵ ہجری میں ہوا۔

س: حضور ﷺ نے اپنی کس زوجہ محترمہ کو صبح سے دوپہر تک عبادت میں مصروف دیکھا اور فرمایا تھا: "کیا تم اس وقت سے یہاں بیٹھی ہو اور کیا ہمیشہ اس طرح عبادت کرتی ہو۔"

ج: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور اکرم ﷺ کی اس زوجہ محترمہ کا نام بتائیے جن سے نکاح کے بعد بنو مصطلق کا سردار اور بہت سے دوسرے آدمی مسلمان ہو گئے؟

ج: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جو بنو مصطلق کے سردار حارث بن ابی ضرار کی بیٹی تھیں۔

س: کس ام المومنین کے گھر میں حضور ﷺ نے صدقہ کا گوشت کھایا تھا؟

ج: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ نے جب ایک روز ام المومنین حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو صبح سے دوپہر تک عبادت میں مصروف دیکھا اور معلوم ہونے پر کہ وہ ہمیشہ ایسا ہی کرتی ہیں، آپ ﷺ نے ان سے کیا فرمایا؟

ج: آپ ﷺ نے فرمایا: "میں نے یہاں سے جانے کے بعد ایسے چار کلمات کہے ہیں کہ اگر ان کا وزن تیری عبادت کے ساتھ کیا جائے تو بھاری نکلیں اور وہ کلمات مندرجہ ذیل ہیں

۱۔ سبحان اللّٰہ وبحمدہ عدد خلقہ= اللہ کی تسبیح اور اس کی حمد اس کی ساری مخلوقات کی تعداد کے برابر۔

۲۔ وزنۃ عرشہ= اور اس کے عرش عظیم کے وزن کے برابر۔

۳۔ ورضی نفسہ= اور اس کی ذات پاک کی رضا کے مطابق۔

۴۔ ومداد کلماتہ= اور اس کے کلموں کی مقدار کے مطابق۔ (صحیح مسلم)

س: ایک بار جمعہ کے روز جب حضور ﷺ نے حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو روزہ سے پایا تو ان سے کیا فرمایا؟

ج: کیا تمہارا روزہ کل تھا۔ انہوں نے فرمایا کل روزہ رکھنے کی نیت ہے، انہوں نے فرمایا تو افطار کرو۔

س: اس ام المومنین کا نام بتائیے جن کے حضور ﷺ سے نکاح کے بعد بے شمار قیدی

Marfat.com

آزاد ہوئے تھے؟

ج: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یہ بات کس کیلئے فرمائی تھی؟ "ان کے سوا مجھے کسی ایسی خاتون کا علم نہیں ہے۔ جس سے ان کی قوم کو اتنا فائدہ پہنچا ہو کہ ان کی وجہ سے سینکڑوں گھرانوں کو آزادی نصیب ہوئی۔"

ج: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کیلئے۔

س: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ظاہری محاسن کی تعریف کرتے ہوئے کیا فرمایا تھا؟

ج: جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ایک شیریں صورت اور جاذب نظر خاتون تھیں۔ دیکھنے والے کے دل میں ان کیلئے وقعت پیدا ہو جاتی تھی۔

س: کون سی ام المومنین ہیں جن کے والد اپنی بیٹی کے اسلام لانے کے بعد جلد ہی مسلمان ہو گئے؟

ج: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابی ضرار جلد ہی مسلمان ہو گئے تھے۔

س: بنو مصطلق کے سردار حارث بن ابی ضرار کی بیٹی برہ جب گرفتار ہو کر ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن قیس بن شماس کے حصہ میں آئیں تو انہوں نے حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر کیا عرض کیا؟

ج: انہوں نے عرض کیا "یارسول اللہ ﷺ میں سردار قوم کی بیٹی ہوں جو مصیبت مجھ پر آئی ہے وہ آپ ﷺ سے مخفی نہیں ہے۔ میں نے اپنے آقا سے مکاتبت کرلی ہے۔ اس رقم کو ادا کرنے میں آپ ﷺ میری مدد فرمائیں۔

س: برہ بنت حارث بن ابی ضرار (سردار مصطلق) نے جب حضور ﷺ سے مکاتبت کی رقم ادا کرنے میں مدد کی درخواست کی تو آپ ﷺ نے انہیں کیا جواب دیا؟

ج: میں تمہاری طرف سے مکاتبت کی پوری رقم ادا کردوں گا، اس طرح تم آزاد ہو جاؤ گی، پھر میں خود تم سے نکاح کرلوں گا۔"

س: ام المومنین حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پہلے شوہر کا نام بتائیں؟

ج: مسافع بن صفوان۔

Marfat.com

س: ام المومنین حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پہلی بار کب بیوہ ہوئیں؟
ج: غزوہ بنو مصطلق کے بعد جب ان کا شوہر مسافع اس جنگ میں قتل ہوا۔
س: ام المومنین میں سے کون ہیں جنہوں نے ایک جنگ میں گرفتار ہو کر لونڈی بن کر رہنے کے بجائے اپنی عزت نفس کو ترجیح دی اور خود حضور ﷺ سے اپنی آزادی کی بات چیت کی؟
ج: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س: ام المومنین حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضور ﷺ کی کونسی اولاد پیدا ہوئی؟
ج: کوئی بھی نہیں۔
س: وفات کے وقت آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر کتنی تھی؟
ج: حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر ۶۵ سال تھی۔
س: حضور ﷺ سے آپ کی رفاقت کتنے سال تھی؟
ج: ۶ سال۔

☆☆☆

Marfat.com

# ام المومنین سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت ابوسفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س: حضور ﷺ کی اس زوجہ محترمہ کا نام بتایئے جن کا نکاح نجاشی شاہ حبشہ نے آپ ﷺ سے کیا تھا؟

ج: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ کی اس زوجہ محترمہ کا نام بتایئے جنہوں نے آپ ﷺ سے نکاح کا پیغام دینے والی لونڈی کو اپنی پازیب اور پاؤں کی انگلیوں کے چھلے انعام دیئے تھے؟

ج: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ کی اس زوجہ محترمہ کا نام بتایئے جنہوں نے اپنے مشرک باپ کو آپ ﷺ کے بستر پر بیٹھنے سے روک دیا تھا؟

ج: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اصل نام کیا تھا؟

ج: رملہ۔

س: کس ام المومنین سے نکاح کے بعد ابوسفیان پھر کبھی آپ ﷺ کے مقابلے

Marfat.com

پر نہ آئے؟

ج: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کے بعد (کیونکہ ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ابوسفیان کی بیٹی تھیں)۔

س: ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کل عمر کتنی تھی؟

ج: ۷۲ سال۔

س: اس ام المومنین کا نام بتایئے جنہوں نے اپنی موت کے وقت حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بلا کر ان سے ہر ممکنہ شکر رنجی کی معافی کی درخواست کی تھی؟

ج: ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حضور ﷺ سے مدت رفاقت کتنے سال ہے؟

ج: ۶ سال۔

س: اس ام المومنین کا نام بتایئے جن کا نکاح حضور ﷺ سے ۶ ہجری میں ہوا تھا؟

ج: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جو اپنے بھائی کے عہد خلافت میں فوت ہوئیں، بھائی کا نام بھی بتایئے؟

ج: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جو اپنے حقیقی بھائی حضرت امیر معاویہ کے عہد خلافت میں فوت ہوئیں۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جنہوں نے اپنے والد کے انتقال کے تین دن بعد خوشبو منگوا کر اپنے رخساروں اور بازوؤں پر ملی تھی؟

ج: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے تین دن بعد اپنے والد کے انتقال پر خوشبو کیوں ملی تھی؟

ج: انہوں نے ایسا کرتے ہوئے فرمایا تھا: "رسول اللہ ﷺ کا حکم ہے کہ ایماندار عورت کیلئے تین دن سے زیادہ کسی کا سوگ جائز نہیں، سوائے خاوند کے کہ اس کی موت پر چار مہینہ اور دس دن تک بیوی کو سوگ کرنا چاہیے۔"

Marfat.com

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جو آخری وقت تک بارہ نفل روزانہ پڑھا کرتی تھیں؟

ج: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بارہ نفل کیوں پابندی سے پڑھتی تھیں؟

ج: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور ﷺ سے سنا تھا کہ "جو شخص بارہ رکعت نفل روزانہ پڑھے گا، اس کیلئے جنت میں گھر بنایا جائے گا۔"

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جنہوں نے نجاشی شاہ حبشہ کی لونڈی ابرہہ کا سلام حضور ﷺ کو پہنچایا تھا؟

ج: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں ان کے پہلے شوہر عبداللہ بن جحش کی کونسی اولاد ہوئی؟

ج: ایک لڑکی جس کا نام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تھا۔

س: ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں حضور ﷺ کی کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: کوئی بھی نہیں۔

س: امہات المومنین میں سے کون حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پھوپھی زاد بہن تھیں؟

ج: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کے وقت حضور ﷺ کے کون سے قریبی رشتہ دار موجود تھے؟

ج: حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابی طالب۔

س: کس ام المومنین نے حضور ﷺ سے عرض کیا تھا کہ میری بہن عزہ سے بھی نکاح کرلیں، بتایئے اس پر آپ ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟

ج: ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا تھا، آپ ﷺ نے فرمایا تھا کہ عزہ میری سالی ہے اور بیوی کی زندگی میں اس کی بہن سے نکاح جائز نہیں ہے۔

Marfat.com

س: اسلام میں پہلے مرتد ہونے والے شخص کا ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کیا رشتہ تھا؟

ج: وہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا شوہر عبید اللہ بن جحش تھا۔

س: ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کیلئے نکاح کا پیغام دے کر حضور ﷺ نے جس صحابی کو نجاشی شاہ حبشہ کے پاس بھیجا ان کا نام بتایئے؟

ج: حضرت عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن امیہ الضمری۔

س: حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن سعید بن عاص کا ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کیا رشتہ تھا؟

ج: یہ آپ کے ماموں کے بیٹے تھے۔

س: امہات المومنین میں سے کون حضور ﷺ کی عدم موجودگی میں حبشہ سے مدینہ پہنچیں؟

ج: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: ۶۵ احادیث۔

☆☆☆

Marfat.com

# ام المومنین سیدہ صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت حیّ

س: حضور ﷺ کی اس زوجہ محترمہ کا نام بتایئے جو رئیسہ بنو نضیر و بنو قریظہ کی بیٹی تھیں؟

ج: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کس ام المومنین کیلئے فرمایا تھا "میں نے ان سے عمدہ پکانے والی نہیں دیکھی"؟

ج: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا نام بتایئے؟

ج: حیّ بن اخطب۔

س: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کس ام المومنین کو کوتاہ قد کہا تھا جس پر آپ ﷺ نے فرمایا: "عائشہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) تم نے ایسی بات کہہ دی ہے کہ سمندر میں بھی چھوڑ دیا جائے تو اس سے کڑواہٹ بڑھ جائے"؟

ج: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کیلئے کہا تھا۔

س: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے علاوہ کس ام المومنین کی عمر حضور ﷺ سے نکاح کے وقت کم تھی؟

ج: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (ان کی عمر ۱۷ سال تھی)

س: حضور ﷺ کی کس زوجہ محترمہ نے حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے

Marfat.com

پہلی ملاقات میں اپنے کانوں کے قیمتی بندے بطور تحفہ انہیں پیش کیے تھے؟

ج: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے۔

س: حضور ﷺ کی ان زوجہ محترمہ کا نام بتائیں جن سے نکاح کے بعد یہودی آپ ﷺ کے مقابلے پر کبھی نہ آئے؟

ج: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (وہ دو اونچے یہودی خاندانوں کی نور نظر تھیں)

س: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: آپ ﷺ سے نکاح کے وقت اسلام قبول کیا۔

س: حضور ﷺ نے حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کب کیا؟

ج: ۷ ہجری۔

س: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پہلے شوہر سلام بن مشکم القرظی سے ان کی کونسی اولاد تھی؟

ج: کوئی بھی نہیں۔

س: ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے دوسرے شوہر کنانہ بن ابی الحقیق سے ان کی کونسی اولاد تھی؟

ج: کوئی بھی نہیں۔

س: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں حضور ﷺ کی کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: کوئی بھی نہیں۔

س: ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ترکہ میں کتنے درہم نقد چھوڑے تھے؟

ج: ایک لاکھ درہم۔

س: جب ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد، بھائی اور شوہر مسلمانوں کے مقابلے میں مارے گئے تھے، اس وقت ان کی عمر کتنی تھی؟

ج: سترہ برس۔

س: کس ام المومنین کے والد، بھائی اور شوہر مسلمانوں کیخلاف جنگ میں مارے گئے تھے؟

ج: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے۔

س: ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو غلامی سے آزاد کر کے جب حضور ﷺ نے انہیں اپنے گھر جانے کا اختیار دیا تو انہوں نے کیا کیا؟

Marfat.com

ج: انہوں نے گھر جانے کے بجائے حضور ﷺ سے نکاح کرنا پسند کیا۔

س: کس ام المومنین کے والد ایک نبیؑ کی اولاد میں سے تھے؟

ج: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (وہ حضرت ہارون علیہ السلام کی اولاد میں سے تھے)

س: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کے بعد حضور ﷺ نے جس مقام پر دعوت ولیمہ کا بندوبست کیا تھا، اس کا نام بتایئے؟

ج: صہبا (خیبر کے علاقہ میں)

س: ایک صحابیہ حضرت صہیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت جیفر حج کے بعد ایک بار مدینہ کس ام المومنین کی خدمت میں مسائل دریافت کرنے کیلئے حاضر ہوئی تھیں؟

ج: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں۔

س: کس ام المومنین کے والد نے یہ جانتے ہوئے بھی کہ حضور ﷺ نبی آخر الزماں ہیں، کہا تھا: "جب تک جان میں جان ہے، اس کی مخالفت کروں گا اور اس کی بات نہ چلنے دوں گا؟"

ج: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: امہات المومنین میں سے وہ کون تھیں جنہوں نے حضور ﷺ کو سخت علیل دیکھ کر نہایت حسرت سے کہا تھا "کاش آپ ﷺ کی بیماری مجھ کو ہو جاتی" اور باقی امہات المومنین نے بغور آپ کو دیکھا تو حضور ﷺ نے فرمایا "یہ سچ کہہ رہی ہیں"؟

ج: ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حضور ﷺ سے مدت رفاقت بتایئے؟

ج: پونے چار سال۔

س: ایک دفعہ دوران سفر ناقہ کا پاؤں پھسلا اور حضور ﷺ اور آپ کے ہمراہ آپ ﷺ کی ایک زوجہ مطہرہ دونوں گر پڑے۔ آپ ﷺ نے ابو طلحہ سے فرمایا "پہلے خاتون کی طرف توجہ دو" ام المومنین کا نام بتایئے؟

ج: ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: کس ام المومنین کا نکاح حضور ﷺ سے جنگ خیبر کے بعد ہوا تھا؟

ج: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات کب ہوئی؟

ج: ۵۰ ہجری۔

Marfat.com

# ام المومنین سیدہ میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت حارث

س: حضور علیہ السلام کی اس زوجہ محترمہ کا نام بتایئے جن کا نکاح آپ علیہ السلام کے چچا حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے خود آپ علیہ السلام سے کیا؟

ج: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور علیہ السلام کی کس زوجہ محترمہ کا نکاح جس مقام پر ہوا انتقال بھی اسی مقام پر ہوا؟

ج: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: ۷۶ (چھہتر)۔

س: حضور علیہ السلام نے اپنی کس زوجہ مطہرہ کو اور ان کی بہنوں کو مومنہ فرمایا ہے؟

ج: ام المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بہنوں کے نام بتایئے؟

ج: ام الفضل رضی اللہ تعالیٰ عنہا، اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور علیہ السلام کی اس زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے جو آپ علیہ السلام کے چچا حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بیوی ام الفضل کی بہن تھیں؟

ج: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور علیہ السلام نے حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کب نکاح کیا؟

Marfat.com

ج: ۷ ہجری۔

س: امہات المومنین میں سے ان کا نام بتایئے جن کا پہلا شوہر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو طلاق دے گیا اور دوسرا جنگ میں شہید ہوا؟

ج: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حضور ﷺ سے مدت رفاقت بتایئے؟

ج: تین سال چار ماہ۔

س: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کیلئے کیا فرمایا تھا؟

ج: فرمایا تھا "میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہم سب سے زیادہ خدا سے ڈرنے والی اور صلہ رحمی کا خیال رکھنے والی تھیں۔"

س: امہات المومنین میں سے کس کو غلام آزاد کرنے کا بہت شوق تھا؟

ج: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ کے بعد ام المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس کے ساتھ مکہ مقام سرف میں آپ ﷺ کے پاس پہنچی تھیں؟

ج: آپ ﷺ کے غلام ابو رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ۔

س: حضور ﷺ نے کس ام المومنین سے شوال ۷ ہجری میں حالت احرام میں ہی نکاح کیا تھا؟

ج: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اصل نام کیا تھا؟

ج: برّہ۔

س: ام المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ان کے پہلے شوہر مسعود بن عمرو بن عمیر ثقفی کی کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: کوئی بھی نہیں۔

س: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ان کے دوسرے شوہر ابورہم بن عبدالعزیٰ کی کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: کوئی بھی نہیں۔

Marfat.com

س: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضور ﷺ کی کون کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: کوئی بھی نہیں۔

س: حضور ﷺ کی اس زوجہ کا نام بتائیے جن کا انتقال مکہ سے ۱۰ میل دور مقام سرف میں ہوا؟

ج: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کس ام المومنین کے متعلق کہا تھا "جنازہ کو زیادہ حرکت نہ دو" یہ رسول اللہ ﷺ کی زوجہ محترمہ ہیں' اس لیے باادب چلو"؟

ج: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات کب ہوئی تھی؟

ج: رمضان ۵۰ ہجری۔

س: کس ام المومنین کا نماز جنازہ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پڑھایا تھا؟

ج: حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

☆☆☆

Marfat.com

# سیدہ ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضور ﷺ کے صاحبزادہ حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ محترمہ کا نام بتایئے؟

ج: حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضور ﷺ کی کس زوجہ مطہرہ کیلئے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا تھا "مجھے کسی عورت کا آنا اتنا گوارنہ ہوا جتنا ان کا آنا ہوا تھا کیونکہ یہ بہت حسین و جمیل تھیں اور حضور ﷺ کو بہت پسند آئی تھیں؟"

ج: حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ام المومنین حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بہن کا نام بتایئے؟

ج: سیرین۔

س: حضور ﷺ نے جن مصلحتوں کے تحت متعدد نکاح کیے تھے، ان میں سے چند ایک بتایئے؟

ج: ایک سے زائد بیویوں کی صورت میں مثالی زندگی کا عملی نمونہ پیش کرنا (۲) ایک سے زائد بیویوں سے کس طرح سلوک کرنا چاہئے (۳) خواتین یہ سیکھیں کہ تعداد ازدواج کی صورت میں شوہر سے اور ایک دوسری سے ان کا رویہ کیسا ہونا چاہیے (۴) عورتوں میں دینی تعلیم کی اشاعت کا ذریعہ بنیں (۵) مختلف قبیلوں کی دشمنی کو

Marfat.com

اس رشتہ داری کے ذریعے ختم کیا جائے۔

س: حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات کب ہوئی؟

ج: ۱۶ ہجری۔

س: حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: ام المومنین حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر مبارک کہاں واقع ہے؟

ج: جنت البقیع میں۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت ریحانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت شمعون

س: حضرت ریحانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سلسلہ نسب بتایئے؟

ج: ریحانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت شمعون بن زید بن جنافہ۔

س: حضرت ریحانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس خاندان سے تعلق رکھتی تھیں؟

ج: یہود کے خاندان بنو قریظہ سے۔

س: حضرت ریحانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا نکاح جس شخص سے ہوا اس کا نام بتایئے؟

ج: بنو قریظہ کے ایک شخص "حکم" سے۔

س: حضرت ریحانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: حضرت ریحانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قبول اسلام کے بارے میں دو روایتیں ہیں۔ پہلی یہ کہ جب غزوۂ بنو قریظہ کے بعد اسیر ہوکر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور ﷺ کے سامنے پیش ہوئیں تو حضور ﷺ نے ان سے فرمایا کہ تم چاہو تو اسلام قبول کرلو، چاہو تو اپنے مذہب پر قائم رہو اگر اسلام قبول کرلو تو میں تمہیں اپنے لیے خاص کرلوں گا۔ ابن ہشام نے لکھا ہے کہ ثعلبہؓ نے بارگاہ رسالت میں حاضر ہوکر حضور ﷺ کو حضرت ریحانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قبول اسلام کی خوشخبری سنائی۔ آپ ﷺ بہت خوش ہوئے اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہ خوشخبری سنائی۔

Marfat.com

دوسری روایت یہ ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت ریحانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا "اگر تم چاہو تو اللہ اور رسول ﷺ کو اختیار کر لو تو میں تمہیں اپنے لیے خاص کر لوں گا۔" آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا "میں اللہ اور رسول ﷺ کو اختیار کرتی ہوں۔"

س: حضور ﷺ نے حضرت ریحانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کب نکاح کیا؟

ج: حضور ﷺ نے انہیں اپنی ملک میں رکھا اور بعض روایتوں کے مطابق آپ ﷺ نے انہیں آزاد کر دیا اور نکاح فرما کر ازواج مطہرات میں شامل کر لیا۔

س: حضرت ریحانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی مستقل قیام گاہ کہاں تھی؟

ج: دار قیس بن فہد۔

س: حضور اکرم ﷺ نے غزوہ بنو قریظہ کے بعد اسیر ہو کر آنے والی حضرت ریحانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کن کے گھر ٹھہرایا تھا؟

ج: حضرت ام المنظر بنت قیس۔

س: حضرت ریحانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا شمار یہودیوں کی کن عورتوں میں ہوتا ہے؟

ج: غزوہ بنو قریظہ میں مسلمانوں کے ہاتھوں گرفتار ہونے والی یہودی عورتوں میں۔

س: حضرت ریحانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

ج: حضور ﷺ کی وفات سے دس ماہ قبل۔

س: حضرت ریحانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر کہاں واقع ہے؟

ج: جنت البقیع میں۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

س: آنحضرت ﷺ کی سب سے بڑی صاحبزادی کا اسم گرامی بتایئے؟

ج: سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بعثت نبوی ﷺ سے کتنے برس قبل پیدا ہوئیں؟

ج: دس برس قبل۔

س: بتایئے سرور دو عالم ﷺ کی عمر مبارک سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی پیدائش کے وقت کیا تھی؟

ج: تیس (۳۰) برس۔

س: سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کس سے ہوا؟

ج: حضرت ابوالعاص بن ربیع بن لقیط سے۔

س: بتایئے حضرت ابوالعاص بن ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے شوہر کے علاوہ کیا رشتہ تھا؟

ج: خالہ زاد بھائی کا۔

س: نبوت کے تیرہویں سال جب سرور دو عالم ﷺ نے مکہ سے مدینہ منورہ ہجرت

فرمائی تو بتایئے کیا سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ ﷺ کے ہمراہ ہجرت میں شریک تھیں؟

ج: جی نہیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے سسرال میں تھیں۔

س: بتایئے غزوہ بدر میں سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حضرت ابولعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ (جو اس وقت تک مسلمان نہ تھے) کو کس نے گرفتار کیا تھا؟

ج: حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن جیر انصاری نے۔

س: سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حضرت ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جو غزوہ بدر میں مسلمانوں کے ہاتھوں گرفتار ہوگئے تھے کس شرط پر رہائی ملی تھی؟

ج: مکہ پہنچ کر سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو مدینہ منورہ بھیج دیں گے۔

س: بتایئے حضرت ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے غزوہ بدر کے بعد مسلمانوں کی قید سے رہائی ملنے کے بعد سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کس کے ساتھ مدینہ منورہ روانہ کیا تھا؟

ج: اپنے بھائی کنانہ بن ربیع۔

س: سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ ماجدہ کا نام بتایئے؟

ج: سیدہ خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ محترمہ کا سلسلہ نسب بتایئے؟

ج: سیدہ خدیجہ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ بن قصی۔

س: سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نانی محترمہ کا اسم گرامی کیا تھا؟

ج: سیدہ فاطمہ بنت زائدہ۔

س: بتایئے سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حمل مکہ سے مدینہ منورہ ہجرت کے دوران کس کافر کا نیزہ لگنے سے ساقط ہو گیا تھا؟

ج: ہبار بن اسود کے نیزہ لگنے سے۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بطن یاجج کے مقام سے کس کے ہمراہ مدینہ روانہ ہوئیں جب ان کے شوہر نے انہیں اپنے بھائی کنانہ کے ساتھ وہاں بھیجا تھا؟

ج: حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہمراہ۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا جب مکہ سے ہجرت فرما کر مدینہ پہنچیں اس وقت

Marfat.com

تک ان کے شوہر حضرت ابو العاص کس حالت میں تھے؟

ج: حالت شرک میں۔

س: انتقال سے قبل سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنی بیٹی سیدہ امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کس کی سرپرستی میں دے دیا تھا؟

ج: اپنے ماموں زاد بھائی حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سرپرستی میں۔

س: جمادی الاول ۶ھ میں حضرت ابو العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ شام سے قریش کے ایک تجارتی قافلہ کے ہمراہ واپس آتے ہوئے جب مقام عیص پر مسلمانوں کے ہاتھوں گرفتار ہو کر مدینہ پہنچے تو انہیں کس نے پناہ دی تھی؟

ج: سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے۔

س: بتایئے حضرت ابو لعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ قریش کے ایک تجارتی قافلہ کے ہمراہ شام سے واپسی پر جب مقام عیص میں مسلمانوں کے ہاتھوں گرفتار ہو کر مدینہ پہنچے تو سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کس کی سفارش پر ان کا مال واپس کیا تھا؟

ج: اپنی بیٹی سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سفارش پر۔

س: حضرت ابو العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ حالت کفر کو چھوڑ کر جب مکہ سے مدینہ ہجرت کر آئے تو سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے کیا سلوک کیا؟

ج: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پیاری بیٹی سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو دوبارہ ان کے نکاح میں دے دیا اور مہر و شرائط میں کسی قسم کا تغیر نہ فرمایا۔

س: مشہور صحابیہ حضرت ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے غسل سے متعلق صحیح بخاری میں کیا روایت درج ہے؟

ج: میں زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غسل میں شریک تھی غسل کا طریقہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم خود بتلائے جاتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پہلے ہر عضو کو تین بار یا پانچ بار غسل دو اور اس کے بعد کافور لگاؤ۔

جبکہ ایک دیگر روایت میں درج ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا "اے ام عطیہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) میری بیٹی کو اچھی طرح کفن میں لپیٹنا اس کے بالوں کی تین چوٹیاں بنانا اور اسے بہترین خوشبوؤں سے معطر کرنا۔"

س: بتایئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے انتقال پر کیا

Marfat.com

ارشاد فرمایا تھا؟

ج: "زینب (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) میری سب سے اچھی لڑکی تھی جو میری محبت میں ستائی گئی۔"

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب وفات پائی؟

ج: ۸ ہجری میں۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو انتقال کے بعد کس نے غسل دیا تھا؟

ج: حضرت ام ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا' حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا' حضرت ام سلمٰی رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے۔

س: بتایئے سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: سرورِ دوعالم ﷺ نے۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر میں کون اترا تھا؟

ج: خود سرورِ دوعالم ﷺ۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کتنی اولادیں چھوڑیں؟

ج: علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بیٹے علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

ج: علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسبت سے ایک رویت ہے کہ بچپن میں وفات پائی لیکن عام روایت یہ ہے کہ سن رشد کو پہنچے۔ ابن عساکر نے لکھا ہے کہ یرموک کے معرکہ میں شہادت پائی۔ فتح مکہ میں یہی آنحضرت ﷺ کے ردیف تھے۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

س: حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ محترمہ کا اسم گرامی کیا تھا؟

ج: سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: بتائیے حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ محترمہ کو عورتوں میں کیا شرف حاصل ہے؟

ج: سب سے پہلے اسلام قبول کرنے کا۔

س: حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی پہلی شادی کس سے ہوئی تھی؟

ج: اپنے چچا ابولہب کے بیٹے عتبہ سے (یہ قبل از نبوت کا واقعہ ہے) اور اس وقت تک ان کی رخصتی نہ ہوئی تھی۔

س: آنحضرت ﷺ کی نبوت کے بعد جب ابولہب نے اپنے بیٹے عتبہ پر دباؤ ڈال کر حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے رشتہ توڑ دیا تو بتائیے آپ ﷺ نے ان کا رشتہ کس سے طے کیا تھا؟

ج: حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے۔

س: حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے نبوت کے کس سال اپنے شوہر سیدنا عثمان

Marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ حبش ہجرت فرمائی تھی؟

ج: نبوت کے پانچویں سال۔

س: آنحضرت علیہ السلام نے حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے شوہر کو حبشہ میں دیکھنے سے متعلق ایک عورت کا بیان سن کر کیا ارشاد فرمایا تھا؟

ج: آپ علیہ السلام نے دعا دیتے ہوئے فرمایا تھا کہ "ابراہیمؑ اور لوطؑ کے بعد عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے بی بی کو لے کر ہجرت کی ہے۔"

س: حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے سیدنا عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ حبش سے مکہ پہنچ کر آنحضرت علیہ السلام کی اجازت سے مدینہ منورہ ہجرت فرمائی تو بتایئے آپ کی مہمانی کا شرف کسے ملا؟

ج: حضرت حسان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بھائی حضرت اوس بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو۔

س: بتایئے سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا کب انتقال ہوا؟

ج: ۲ ہجری میں۔

س: سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی تدفین کے روز مدینہ والوں کو فتح مکہ کی خوشخبری کس نے پہنچائی تھی؟

ج: حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: بتایئے سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کس بیماری میں ہوا تھا؟

ج: جسم پر دانے (چیچک) نکلنے کی بیماری میں۔

س: سرور دو عالم علیہ السلام اپنی بیٹی سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے جنازے میں کیوں شریک نہ ہو سکے تھے؟

ج: غزوہ بدر کی وجہ سے۔

س: بتایئے سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر سیدنا عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ غزوہ بدر میں کیوں تشریف نہیں لے گئے تھے؟

ج: سید الانبیاء علیہ السلام کی ہدایت پر سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی تیمارداری کے لیے رک جانے کی وجہ سے۔

س: غزوہ بدر سے واپسی پر جب سرور عالم علیہ السلام کو سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے

Marfat.com

انتقال کا علم ہوا تو بتایئے آپ ﷺ نے سیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر پر تشریف لا کر کیا ارشاد فرمایا تھا؟

ج: ”عثمان (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ابن مظعون پہلے جا چکے اب تم بھی ان کے پاس چلی جاؤ۔“

س: سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

ج: حبش کے زمانہ قیام میں ایک لڑکا پیدا ہوا تھا جس کا نام عبداللہ تھا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسبت ابو عبداللہ اسی کے نام پر تھی یہ چھ سال تک زندہ رہے۔ ایک مرتبہ ایک مرغ نے ان کے چہرے پر چونچ ماری جس سے وہ انتقال کر گئے۔ ان کے بعد سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

س: سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بیٹے عبداللہ کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج: جمادی الاوّل ۴ ہجری میں۔

س: حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حلیے سے متعلق زرقانی کیا کہتے ہیں؟

ج: حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا خوبرو' موزوں اندام اور نہایت جمیل تھیں۔

س: بتایئے سیدہ رقیہ اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی باہم محبت کے بارے میں کونسا مقولہ ان کی نسبت بطور ضرب المثل مشہور ہو گیا تھا؟

ج: ”یعنی رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور عثمانؓ سے بہتر میاں بیوی کسی انسان نے نہیں دیکھے۔“

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

س: حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ محترمہ کا نام بتایئے؟

ج: حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: سیدہ ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے نانا محترم کا کیا نام تھا؟

ج: خویلد بن اسد۔

س: سرور دو عالم ﷺ نے سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے انتقال کے بعد اپنی کس صاحبزادی کا نکاح سیدنا عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا تھا؟

ج: حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا۔

س: بتایئے حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا شادی کے بعد کتنا عرصہ تک حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ رہیں؟

ج: چھ برس تک۔

س: حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا کب انتقال ہوا؟

ج: شعبان ۹ ہجری میں۔

س: حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: سرورِ دوعالم ﷺ نے۔

س: حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کس نے پڑھا تھا؟

ج: سرورِ دوعالم ﷺ نے۔

س: حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو قبر میں کن اصحاب نے اتارا تھا؟

ج: حضرت ابو طلحہ، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، فضل بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد کے متعلق بتایئے؟

ج: کوئی اولاد نہ تھی۔

س: حضور اکرم ﷺ نے اپنی کس بیٹی کے کفن میں اپنی چادر دی تھی؟

ج: حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: بتایئے حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو غسل کن صحابیات نے دیا تھا؟

ج: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت عبد المطلب، حضرت ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت عمیس۔

س: حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہاں مدفون ہیں؟

ج: جنت البقیع میں۔

☆☆☆

Marfat.com

[illegible]

# حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ محترمہ کا نام بتائیے؟

ج: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا لقب کیا تھا؟

ج: زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سن ولادت بتائیے؟

ج: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے سن ولادت میں اختلاف ہے..... ایک روایت ہے کہ ا۔بعثت میں پیدا ہوئیں۔ ابن اسحٰق نے لکھا ہے کہ ابراہیم کے علاوہ آنحضرت ﷺ کی تمام اولاد قبل نبوت پیدا ہوئی۔ آپ ﷺ کی بعثت چالیس سال کی عمر میں ہوئی تھی۔ اس بناپر بعض نے دونوں روایتوں میں یہ مطابقت دی ہے کہ ا۔ بعثت کے آغاز میں سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پیدا ہوئی ہوں گی اور چونکہ دونوں کی مدت میں بہت کم فاصلہ ہے اس لیے یہ اختلاف روایت ہو گیا ہو گا۔ ابن جوزی نے لکھا ہے کہ بعثت سے پانچ برس پہلے خانہ کعبہ کی جب تعمیر ہو رہی تھی پیدا ہوئیں بعض روایتوں میں ہے کہ نبوت سے تقریباً ایک سال پیشتر پیدا ہوئیں۔

Marfat.com

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شادی کس سے ہوئی تھی؟

ج: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابو طالب سے۔

س: بتایئے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے شادی کے وقت سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر کیا تھی؟

ج: مشہور روایت کے مطابق ۱۸ سال (اور اگر ۱ھ بعثت کو ان کا سال ولادت تسلیم کر لیا جائے تو پندرہ سال ساڑھے چھ ماہ)

س: سرور دو عالم ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کب نکاح فرمایا تھا؟

ج: ذی الحجہ ۲ ہجری میں۔

س: آنحضرت ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ نکاح کا دریافت فرمایا تو بتایئے سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کیا فرمایا تھا؟

ج: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا چپ رہیں جو ایک طرح کا اظہار رضامندی تھا۔

س: سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کے لیے رقم کا بندوبست سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیسے کیا تھا؟

ج: جنگ بدر میں ہاتھ آنے والی حطمیہ زرہ کو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ذریعے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ ۴۸۰ درہم میں فروخت کر کے۔

س: سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے شادی کے بعد زرہ کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم کے سوا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس کیا سرمایہ تھا؟

ج: ایک بھیڑ کی کھال اور ایک بوسیدہ یمنی چادر۔

س: سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے شادی کے بعد حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہاں رہائش اختیار کی تھی؟

ج: حضرت حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن نعمان انصاری کے ایک مکان میں (شادی سے پہلے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ آنحضرت ﷺ ہی کے پاس رہتے تھے۔)

س: سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو شادی کے موقع پر جہیز میں حضور ﷺ نے کیا سامان عطا فرمایا تھا؟

ج: بان کی ایک چارپائی، چمڑے کا گدا جس کے اندر روئی کے بجائے کھجور کے پتے تھے۔

Marfat.com

ایک چھاگل، دو مٹی کے گھڑے، ایک مشک اور دو چکیاں۔

س: سرورِ دوعالم ﷺ نے ایک مرتبہ اپنی بیٹی سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو اونٹ کی کھال کا لباس جس میں تیرہ پیوند لگے ہوئے تھے پہنے دیکھ کر کیا ارشاد فرمایا تھا؟

ج: "فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) دنیا کی تکلیف کا صبر سے خاتمہ کر اور آخرت کی دائمی مسرت کا انتظار کر اللہ تمہیں نیک اجر دے گا۔"

س: بتائیے سرورِ دوعالم ﷺ نے ایک مرتبہ سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے سر پر اپنا دستِ شفقت پھیرتے ہوئے آسمان کی طرف دیکھ کر کیا دعا کی تھی؟

ج: "بار الٰہا فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) تیری کنیز ہے اس سے راضی رہنا۔"

س: حضور اکرم ﷺ نے ایک مرتبہ سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پوچھا کہ مسلمان عورت کے اوصاف کیا ہونے چاہیے تو بتائیے آپ نے جواب میں کیا عرض کی تھی؟

ج: ابا جان مسلمان عورت کے اوصاف یہ ہونے چاہئیں کہ "اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت کرے۔ اولاد پر شفقت کرے۔ اپنی نگاہ نیچی رکھے۔ اپنی زینت کو چھپائے نہ خود غیر کو دیکھے نہ غیر اس کو دیکھ پائے۔"

س: سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے سرورِ دوعالم ﷺ کی وفات پر کونسا مرثیہ کہا تھا؟

ج: آسمان غبار آلود ہو گیا۔ آفتاب لپیٹ دیا گیا۔ دنیا میں تاریکی ہو گئی۔ نبی ﷺ کے بعد زمین نہ صرف غمگین ہے بلکہ فرطِ الم سے شق ہو گئی ہے۔ ان پر قبیلہ مضر کے لوگ اور تمام اہلِ یمن روتے ہیں۔ بڑے بڑے پہاڑ اور محلات روتے ہیں۔ اے خاتم الرسل اللہ آپ ﷺ پر رحمت نازل فرمائے۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے شادی کے موقع پر رسول اکرم ﷺ نے سیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لیے کیا ارشاد فرمایا تھا؟

ج: "میں نے اپنے خاندان کے بہتر شخص سے تمہارا نکاح کیا ہے۔"

س: سرورِ دوعالم ﷺ کے انتقال کے وقت سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر کتنے برس تھی؟

ج: مشہور روایت کے مطابق ۲۹ سال۔

س: آنحضرت ﷺ کے وصال کے وقت آپ ﷺ کی کون کونسی اولاد زندہ تھی؟

ج: صرف آپ ﷺ کی محبوب ترین بیٹی سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

Marfat.com

س: اپنی وفات سے ایک دن پہلے حضور اکرم ﷺ نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بلوا کر ان کے کان میں کیا باتیں کی تھیں جنہیں سن کر پہلے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا روئیں اور بعد ازاں ہنس دیں؟

ج: پہلے آپ ﷺ نے فرمایا میں اسی مرض میں انتقال کروں گا۔ جب رونے لگیں تو فرمایا کہ "میرے خاندان میں سب سے پہلے تم ہی مجھ سے آکر ملو گی۔ تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہنسنے لگیں۔

س: وفات سے پہلے جب سرور دو عالم ﷺ پر بار بار غشی طاری ہونے لگی تو بتایئے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یہ دیکھ کر کیا فرمایا تھا؟

ج: واکرب اباہ۔ ہائے میرے باپ کی بے چینی۔

س: سرور دو عالم ﷺ پر رحلت سے قبل بار بار غشی طاری ہوتے دیکھ کر سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جب یہ کہا کہ ...... ہائے میرے باپ کی بے چینی تو بتایئے جواب میں آپ ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟

ج: "تمہارا باپ آج کے بعد بے چین نہ ہوگا۔"

س: سرور دو عالم ﷺ کے وصال کے بعد صاحب اسد الغابہ نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بارے میں کیا لکھا ہے؟

ج: "جب تک زندہ رہیں کبھی تبسم نہیں فرمایا۔"

س: جب صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سرور دو عالم ﷺ کی نعش مبارک دفن کر کے واپس آئے تو بتایئے سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کیا پوچھا تھا؟

ج: "کیا تم کو رسول اکرم ﷺ پر خاک ڈالتے اچھا معلوم ہوا"؟

س: بتایئے آنحضرت ﷺ کی رحلت کے بعد سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کیوں اس قدر ناراض ہوئیں کہ آخر وقت تک ان سے گفتگو نہیں کی؟ (طبقات ابن سعد میں ہے کہ بعد میں راضی ہو گئی تھیں)

ج: میراث کی تقسیم کے معاملے میں (کیونکہ آنحضرت ﷺ کا ارشاد تھا کہ انبیاء جو متروکہ چھوڑتے ہیں وہ کل کا کل صدقہ ہوتا ہے اور اس میں وراثت جاری نہیں ہوتی۔)

س: سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے آنحضرت ﷺ کی رحلت کے کتنے ماہ بعد وفات پائی تھی؟

ج: چھ ماہ بعد

س: بتایئے سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب وفات پائی؟

ج: ۳ رمضان المبارک ۱۱ ہجری۔

س: سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کس دن ہوا تھا؟

ج: بروز منگل۔

س: عورتوں کے جنازہ پر پردہ لگانے کا دستور سب سے پہلے کب بنا؟

ج: سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے جنازے پر (اس سے پہلے مرد و عورت کا جنازہ کھلا جاتا تھا)

س: بتایئے سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کھلے جنازے پر ناپسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے اپنے جنازے پر پردے لگانے کے لیے کس سے کہا تھا؟

ج: حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہاں مدفون ہیں؟

ج: دار عقیل کے ایک گوشے میں (ویسے بعض روایات بقیع میں تدفین سے متعلق بھی ملتی ہیں) اور یہ زیادہ صحیح ہے۔

س: سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد کے بارے میں بتائیں؟

ج: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی پانچ اولادیں ہوئیں۔ ۱ حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ‘ ۲ حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہا‘ ۳ محسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ‘ ۴ ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا‘ ۵ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: بتایئے آنحضرت ﷺ کی صاحبزادیوں میں نسل باقی رہنے کا شرف کسے حاصل ہے؟

ج: سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حلیہ مبارک کس سے ملتا جلتا تھا؟

ج: سرورِ دو عالم ﷺ سے۔

س: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حلیہ مبارک سے متعلق کیا قول ہے؟

Marfat.com

ج: "فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی گفتگو لب ولہجہ اور نشست وبرخاست کا طریقہ بالکل آنحضرت ﷺ کا طریقہ تھا اور رفتار بھی بالکل آنحضرت ﷺ کی رفتار تھی۔"

س: کتب احادیث میں سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کتنی روایتیں منقول ہیں؟

ج: ۱۸ روایتیں۔

س: بتایئے کن جلیل القدر صحابہؓ نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے احادیث روایت کی ہیں؟

ج: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابی طالب، حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت سلمیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت ام رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن مالک۔

س: سرور دو عالم ﷺ نے ایک موقع پر سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لیے کیا ارشاد فرمایا تھا؟

ج: "فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) میرے جسم کا ایک حصہ ہے جو اس کو ناراض کرے گا مجھ کو ناراض کرے گا۔"

س: ابو جہل کی بیٹی کو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جانب سے نکاح کا پیغام بھیجنے کا علم جب سرور دو عالم ﷺ کو ہوا تو بتایئے حضور ﷺ نے منبر پر چڑھ کر کیا خطبہ ارشاد فرمایا تھا؟

ج: آل ہشام علی بن ابی طالب سے اپنی بیٹی کا عقد کرنا چاہتی ہے اور مجھ سے اجازت مانگتی ہے لیکن میں اجازت نہ دوں گا اور کبھی نہ دوں گا البتہ ابن ابی طالب میری بیٹی کو طلاق دے کر ان کی لڑکی سے نکاح کر سکتے ہیں۔ فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) میرے جسم کا ایک حصہ ہے جس نے اس کو اذیت دی مجھ کو اذیت دی۔ (بخاری)

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی گھریلو زندگی کیسی تھی؟

ج: "چکی پیستے پیستے ہاتھوں میں چھالے پڑ گئے تھے۔ مشک میں پانی بھر بھر کر لانے سے سینے پر گٹے پڑ گئے تھے۔ گھر میں جھاڑو دیتے دیتے کپڑے چیکٹ ہو جاتے تھے۔ چولہے کے پاس بیٹھتے بیٹھتے کپڑے دھوئیں سے سیاہ ہو جاتے تھے۔"

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ایک مرتبہ سرور دو عالم ﷺ کو اپنے ہاتھوں کے گٹے دکھاتے ہوئے گھر کے کام کاج کے لیے لونڈی مانگی تو بتایئے آپ ﷺ

نے انہیں کیا جواب دیا تھا؟

ج: "جان پدر! بدر کے یتیم تم سے پہلے اس کے مستحق ہیں۔"

س: ایک مرتبہ سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو سونے کا ہار پہننے کو دیا۔ جب آپ ﷺ کو اس کے متعلق علم ہوا تو بتائیے بیٹی سے کیا فرمایا؟

ج: کیوں فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کیا لوگوں سے کہلوانا چاہتی ہو کہ رسول اللہ ﷺ کی لڑکی آگ کا ہار پہنتی ہے۔ (سیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فوراً وہ ہار فروخت کر کے ایک غلام خرید لیا۔)

س: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی صدق و راستی کے بارے میں کیا فرماتی ہیں؟

ج: میں نے فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے زیادہ کسی کو صاف گو نہیں دیکھا البتہ ان کے والد ﷺ اس سے مستثنیٰ ہیں۔

س: سرور دو عالم ﷺ کا سفر پر جانے اور سفر سے واپس آنے پر حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ملنے کا کیا معمول تھا؟

ج: "سفر پر تشریف لے جاتے تو سب سے آخر میں سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس جاتے اور سفر سے واپس تشریف لاتے تو بھی سب سے پہلے سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہی سے ملاقات فرماتے۔"

س: بتائیے سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جب سرور دو عالم ﷺ کی خدمت میں تشریف لاتیں تو آپ ﷺ ان سے کیسے ملاقات فرماتے تھے؟

ج: "آپ ﷺ کھڑے ہو جاتے ان کی پیشانی چومتے اور نشست سے ہٹ کر اپنی جگہ پر بٹھاتے تھے۔"

س: ایک مرتبہ سرور دو عالم ﷺ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے درمیان خانگی معاملات میں صلح کرانے کے بعد ان کے گھر سے مسرور تشریف لائے تو لوگوں نے خوشی کی وجہ دریافت کی تو بتائیے آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا تھا؟

ج: میں نے ان دو شخصوں میں مصالحت کرا دی ہے جو مجھ کو محبوب تر ہیں۔"

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا نام بتایئے؟

ج: ابو ذؤیب عبداللہ بن حارث۔

س: حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر کا نام بتایئے؟

ج: حارث بن عبدالعزیٰ بن رفاعہ۔

س: حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

ج: قبیلہ سعد بن بکر جو قبیلہ ہوازن کی شاخ سے تھا۔

س: حضور اکرم ﷺ نے قبیلہ بنی سعد کے بارے میں کیا فرمایا تھا؟

ج: سرورِ کائنات ﷺ فرمایا کرتے تھے ” کہ اللہ نے مجھ کو تمام عرب میں فصیح بنایا ہے۔ ایک تو ہمارا قبیلہ قریش فصاحت زبان میں بے مثل ہے دوسرے میری پرورش قبیلۂ بنی سعد میں ہوئی جو فصاحت و بلاغت میں مشہور و ممتاز ہے۔“

س: بتایئے حضور اکرم ﷺ کو جب حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے گود لیا تو جو واقعات رونما ہوئے اس کے بارے میں حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا کیا بیان ہے؟

ج: ”حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ جس دن میں نے سرورِ کائنات ﷺ کو گود لیا ہماری حالت یکسر بدل گئی۔ ہم جب مکہ سے چلنے لگے تو ہمارا

Marfat.com

مریل گدھا جو سارے قافلے سے پیچھے تھا ایسی تیز رفتاری سے چلنے لگا کہ آگے نکل گیا۔ سارے عرب میں قحط کا عالم تھا۔ ہماری بکریوں کے تھن دودھ سے بھر گئے۔ آخر سب گاؤں والے میرے جانوروں کے ساتھ اپنے جانور چرانے لگے خدا کی قدرت ان جانوروں کے تھن بھی دودھ سے بھر گئے۔ میرا خاوند اور سارے قافلے کے لوگ بار بار یہی کہتے کہ یہ بچہ بہت برکت والا ہے۔ حلیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بہت خوش قسمت ہے اسے ایسا سعادت مند بچہ ملا۔"

س: ننھے حضور ﷺ کو کھلاتے وقت حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کیا لوری دیتی تھیں؟

ج: "اے خدا اگر تو نے ان کو میرے سپرد کیا ہے تو ان کی حسب طلب مدد فرما اور انہیں علم و بزرگی کی بلندی ارتقاء نصیب فرما۔ نیز انہیں شیطانوں اور ان کی برائیوں سے محفوظ رکھ جتنا کہ ان کا حق ہے۔"

س: حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کتنے برس تک حضور اکرم ﷺ کی پرورش کی؟

ج: پانچ برس تک۔

س: کس واقعہ کے بعد سے حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے شوہر بہت پریشان ہوئے اور ننھے حضور ﷺ کو ان کی والدہ کے سپرد کر دیا تھا؟

ج: شق الصدر کے واقعہ سے۔

س: بتایئے جب حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے شوہر حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عبدالعزیٰ نے شق الصدر (سینہ چاک کیے جانے) کے واقعہ کے بعد جب آپ ﷺ کو سلامت دیکھ کر پوچھا کہ کیا ہوا تھا تو حضور ﷺ نے کیا جواب دیا تھا؟

ج: "دو سفید پوش آدمی میرے پاس آئے۔ مجھے چت لٹا کر میرا سینہ چاک کیا اور اس میں سے میرا دل نکالا اور پھر اس میں سے کوئی چیز نکالی پھر میرے دل کو سینہ میں رکھ کر درست کر دیا۔"

س: بتایئے جب حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے شق الصدر (سینہ چاک کیے جانے) کا واقعہ حضور اکرم ﷺ کی والدہ حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو سنایا تو

Marfat.com

جواب میں انہوںؓ نے کیا فرمایا؟

ج: "میرا بیٹا دنیا میں ایک عظیم الشان ہستی بننے والا ہے یہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا خدا اس کی ہر حال میں حفاظت کرے گا۔"

س: ابن سعدؒ نے محمد بن منکدر کے حوالے سے بیان کیا ہے کہ ایک عورت حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ اسے دیکھ کر حضور ﷺ میری ماں، میری ماں کہتے ہوئے اٹھے اور اپنی چادر بچھا کر انہیں بٹھایا بتایئے وہ کون خاتون تھیں؟

ج: حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: بتایئے جب ایک مرتبہ حضرت حلیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنے علاقے کی قحط سالی کی شکایت کی تو حضور ﷺ نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کس طرح مدد کی؟

ج: چالیس بکریاں اور سامان سے لدا ہوا ایک اونٹ عطا فرمایا۔

س: حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قبول اسلام کے بارے میں بتایئے؟

ج: بہت سی کتب سیر حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قبول اسلام کے بارے میں خاموش ہیں لیکن قرائن سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ وہ شرفِ اسلام اور صحابیت سے ضرور بہرہ ور ہوئیں۔ کیونکہ ان کی قبر جنت البقیع میں ہے۔

س: حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عبدالعزیٰ کے قبولِ اسلام کے بارے میں بتایئے؟

ج: امام سہیلیؒ نے روض الانف میں صراحت کے ساتھ بیان کیا ہے کہ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عبدالعزیٰ حضور ﷺ کی بعثت کے بعد ایک بار مکہ آئے اور قریش کے بہکانے کے باوجود اسلام قبول کر لیا اور اس پر خوب ثابت قدم رہے۔

س: حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے سالِ وفات کے بارے میں بتایئے؟

ج: حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے سالِ وفات کے بارے میں کسی کتاب میں صراحت نہیں کی گئی۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت ثوبیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت ثوبیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس کی لونڈی تھیں؟

ج: سرورِ عالم ﷺ کے (دشمن اسلام) چچا ابو لہب کی۔

س: ابو لہب نے حضرت ثوبیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کب آزاد کیا تھا؟

ج: حضورِ اکرم ﷺ کی ولادتِ باسعادت کی خبر سنانے پر۔

س: ابو لہب (حضور ﷺ کے دشمنِ اسلام چچا) کے مرنے کے بعد ایک بار حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خواب میں دیکھ کر اُسے پوچھا کہ جہنم میں تیرا کیا حال ہے؟ تو بتایئے اُس نے کیا جواب دیا؟

ج: "حضور ﷺ (بھتیجے) کی پیدائش کا مژدہ سن کر ثوبیہ کو آزاد کرنے عوض دُوشنبہ کے دن میرے عذاب میں تخفیف ہو جاتی ہے۔"

س: بتایئے حضرت ثوبیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کن کن جلیل القدر ہستیوں کی رضاعی ماں بننے کا شرف حاصل ہے؟

ج: حضرت محمد ﷺ اور حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (عم رسول) اور حضرت ابو سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ' حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ (حضور ﷺ کے پھوپھی زاد)۔

Marfat.com

س: حضرت ثوبیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد کا نام بتایئے؟

ج: ایک بیٹے۔ حضرت مسروح رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: بتایئے ہجرت کے بعد مدینہ سے حضور ﷺ کس خاتون کے لیے کپڑا اور خرچ بھیجا کرتے تھے؟

ج: حضرت ثوبیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لیے۔

س: حضرت ثوبیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب وفات پائی؟

ج: ۷ھ۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ اسد

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا نام بتایئے؟

ج: اسد بن ہاشم۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ اسد کا حضرت عبدالمطلب سے کیا رشتہ تھا؟

ج: بھتیجی اور بہو کا۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ اسد حضورِ اکرم ﷺ کی کیا لگتی تھیں؟

ج: چچی اور سمدھن۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ اسد کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

ج: قریش کے معزز گھرانے بنو ہاشم سے۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ اسد کے کتنے بیٹے تھے، اُن کے نام بتایئے؟

ج: چار بیٹے طالب، عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ، جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ اسد کی کتنی بیٹیاں تھیں اُن کا نام بتایئے؟

ج: تین بیٹیاں اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا، جمانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ربطہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: بتایئے حضرت عبدالمطلب (دادا) کی وفات کے بعد حضور ﷺ کی پرورش کس نے کی؟

ج: چچا حضرت ابو طالب اور چچی حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ اسد نے۔

س: حضور ﷺ نے کس خاتون کی وفات پر فرمایا کہ ''اے میری ماں خدا آپ پر رحم کرے آپ میری ماں کے بعد ماں تھیں آپ خود بھوکی رہتیں تھیں مگر مجھے کھلاتی تھیں آپ کو خود لباس کی ضرورت ہوتی لیکن آپ مجھے پہناتی تھیں''؟

ج: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ اسد۔

س: بتایئے جب مسلمانوں کو مدینہ ہجرت کا حکم ملا تو کیا حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ اسد اُس میں شامل تھیں؟

ج: جی ہاں۔

س: بتایئے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ اسد کے فرزند حضرتِ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نکاح حضور ﷺ کی کس بیٹی سے ہوا؟

ج: حضرت فاطمۃ الزہرا بتول رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: بتایئے کس خاتون کی وفات پر حضرت محمد ﷺ نے فرمایا '' کہ اللہ تعالیٰ نے ستر ہزار فرشتوں کو درود پڑھنے کا حکم دیا ہے''؟

ج: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ اسد۔

س: بتایئے حضور ﷺ نے کس خاتون کو اپنی قمیض کا کفن دیا اور فرمایا کہ ''ابو طالب کے بعد ان سے زیادہ میرے ساتھ کسی نے مہربانی نہیں کی۔ میں نے اپنی قمیض ان کو اس لیے پہنائی کہ جنت میں انہیں حلہ ملے اور قبر میں اس لیے لیٹا کہ شدائد قبر میں آسانی ہو''؟

ج: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ اسد۔

س: بتایئے حضورِ اکرم ﷺ نے کس خاتون کی قبر مبارک میں اُتر کر اپنے دستِ مبارک سے لحد کھودی اور مٹی نکال کر لحد کے اندر لیٹ کر دعا مانگی۔ ''الٰہی میری ماں کی مغفرت فرما اور ان کی قبر کو وسیع کر دے۔''

ج: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ اسد۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ اسد کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج: ہجرت کے چند سال بعد۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر کہاں واقع ہے؟

ج: جنت البقیع میں۔

Marfat.com

# حضرت اُمِ ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت اُمِ ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اصل نام کیا تھا؟

ج: برکتہ۔

س: حضرت اُمِ ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا عرف بتایئے؟

ج: اُمِ الظباء۔

س: حضرت اُمِ ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا نام بتایئے؟

ج: ثعلبہ بن عمرو۔

س: حضرت اُمِ ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کہاں کے رہنے والے تھے؟

ج: حبش۔

س: حضرت اُمِ ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا مکے کب اور کیسے پہنچیں تھیں؟

ج: اس بارے میں کوئی تصریح نہیں ہے البتہ یہ بات ثابت ہے کہ حضور ﷺ کے والد کے ساتھ کنیز کے طور پر رہتیں تھیں اور اُن کے انتقال کے بعد بھی آپ کی والدہ کے ساتھ رہیں اور والدہ کی وفات کے بعد (جب حضرت آمنہ کے ساتھ گئیں تھیں اور اُن کا انتقال مقام ابواء میں ہو گیا تو حضور ﷺ کو لیکر مکہ پہنچیں) بھی حضرت عبدالمطلب نے آپ ﷺ کی پرورش پر مامور کر دیا تھا۔

س: حضرت آمنہ اور ننھے حضور ﷺ کے ساتھ اپنے قیام یثرب کے دوران ایک خاص

بات حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے دل پر نقش ہو گئی تھی اور مدت العمر یاد رہی وہ کیا بات تھی؟

ج: حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ

"قیام یثرب کے دوران میں یہود کی ایک جماعت کے لوگ آ آکر (ننھے) حضور ﷺ کو دیکھا کرتے تھے ایک دن میں نے ایک یہودی کو یہ کہتے سُنا کہ یہ لڑکا نبی آخرالزمان معلوم ہوتا ہے اور یہی شہر اس کا دارِ ہجرت ہے۔"

س: کیا حضور ﷺ نے حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بطور کنیز ساتھ رکھا یا آزاد کر دیا تھا؟

ج: آزاد کر دیا تھا۔

س: حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟

ج: عبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن زید۔

س: حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا شوہر کس خاندان سے تعلق رکھتا تھا؟

ج: یثرب کے خاندان حارث بن خزرج۔

س: حضرت عبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد کا نام بتائیے؟

ج: مشہور صحابی حضرت ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے شوہر کی وفات کے بعد جب حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں تو بتائیے ایک دن حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے متعلق حضور ﷺ نے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے مجمع سے مخاطب ہو کر کیا فرمایا تھا؟

ج: آپ ﷺ نے ایک دن صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے مجمع سے ارشاد فرمایا تھا کہ:

"اگر کوئی شخص جنت کی عورت سے عقد کرنا چاہے تو وہ اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کر لے۔"

س: حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا دوسرا نکاح کس سے ہوا؟

ج: حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن حارثہ سے۔

Marfat.com

س: حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن حارثہ سے حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد کا نام بتایئے؟

ج: یہ حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: بتایئے حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جبکہ وہ کافی معمر تھیں کون کونسی جنگ میں حصہ لیا تھا؟

ج: غزوۂ اُحد اور غزوۂ خیبر۔

س: بتایئے حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن حارثہ کس جنگ میں شہید ہوئے اور ان کی شہادت کے بعد حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سرپرستی کس نے لی تھی؟

ج: جنگ موتہ میں۔ حضور اکرم ﷺ نے۔

س: حضرت محمد ﷺ نے اپنی علالت کے دوران جنگِ موتہ کا بدلہ لینے کے لیے جو لشکر تیار کیا تھا بتایئے حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یہ کہلوا کر کہ حضرت محمد ﷺ ہمیں داغ مفارقت دے رہے ہیں فوراً واپس آجاؤ کسے بلوایا تھا؟

ج: سالار لشکر حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو (جو حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بیٹے تھے)

س: حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: چند احادیث۔

س: ایک بار حضور اکرم ﷺ کے پاس ایک خاتون تشریف لائیں اور حضور اکرم ﷺ تعظیماً کھڑے ہو گئے اور بہت عزت سے پوچھا "امی آج کیسے تکلیف فرمائی" بتایئے وہ کون خاتون تھیں؟

ج: حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا ایک بار جب حضور اکرم ﷺ کے پاس حاضر ہوئیں اور حضور ﷺ نے پوچھا کہ "امی آج کیسے تکلیف فرمائی ہے" تو حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اس بات کا کیا جواب دیا تھا؟

ج: "یارسول اللہ ﷺ ایک اونٹ کی ضرورت ہے یہی مانگنے آئی ہوں۔"

س: حضور ﷺ کی زبان مبارک سے اونٹ کی بجائے اونٹ کا بچہ ملنے کی نوید سن کر

Marfat.com

حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کیا عرض کیا تھا اور آپ ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟

ج: حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا تھا کہ مجھے تو اونٹ کی ضرورت ہے اونٹ کے بچے کی نہیں اس پر آپ ﷺ نے غلام سے جسے آپ اشارہ سمجھا چکے تھے۔ فربہ اونٹ کی مہار پکڑ کر حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو دیتے ہوئے فرمایا تھا کہ ...... "امی ذرا دیکھئے تو یہ اونٹ ہی کا بچہ ہے یا کچھ اور۔"

س: بتائیے ایک بار حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا جب اونٹ کا سوال کر رہی تھیں تو حضور ﷺ نے مزاح کے طور پر کیا فرمایا تھا؟

ج: امی آپ کو اونٹ کا ایک بچہ ملے گا۔ اور اسی پر میں آپ کو سوار کراؤں گا۔

س: حضور اکرم ﷺ کی رحلت سے حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بہت صدمہ پہنچا آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا غم سے نڈھال تھیں تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تسلی دیتے ہوئے کہا کہ "رسول اللہ ﷺ کے لیے خدا کے پاس بہتر چیز موجود ہے" تو حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کیا جواب دیا تھا؟

ج: "یہ تو مجھے معلوم ہے مگر روتی اس لیے ہوں کہ اب وحی کا سلسلہ منقطع ہو گیا ہے۔"

س: حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات کب ہوئی؟

ج: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بہت طویل عمر پائی۔ بعض روایتوں میں (حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں آپ نے وفات پائی۔)

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عبد المطلب

س: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عبد المطلب حضرت محمد ﷺ کی رشتے میں کیا تھیں؟

ج: پھوپھی۔

س: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عبد المطلب کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟

ج: حارث بن حرب اُموی۔

س: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عبد المطلب کا دوسرا نکاح کس سے ہوا؟

ج: عوام بن خویلد قریشی الاسدی۔

س: عوام بن خویلد سے حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عبد المطلب کی کون کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: ایک بیٹا حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عبد المطلب رشتے میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کیا لگتی تھیں؟

ج: سمدھن۔ (حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شادی حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کی تھی۔)

س: غزوۂ اُحد میں جب اتفاقی غلطی سے جنگ کا پانسہ پلٹ گیا تو کونسی خاتون ایسے وقت میں نیزہ ہاتھ میں لیے مدینہ سے نکلیں اور مسلمانوں کو نہایت غصے سے فرماتی تھیں ”کہ رسول اللہ ﷺ کو چھوڑ کر چل دیئے“؟

Marfat.com

ج: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عبد المطلب۔

س: غزوۂ اُحد میں جب حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت عبد المطلب اپنے بھائی حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی لاش دیکھ کر بے اختیار رونے لگیں تو سرورِ عالم ﷺ نے صبر کی تلقین کرتے ہوئے کیا فرمایا؟

ج: "مجھے جبریل امینؑ نے خبر دی ہے کہ عرشِ معلیٰ پر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عبد المطلب کو اسد اللہ واسد لرسول (اللہ کا شیر و رسول کا شیر) لکھا ہے۔"

س: غزوۂ احزاب میں جب قلعے میں صرف عورتیں اور بچے تھے تو ایک یہودی قلعے کی جاسوسی کرنے لگا تب ایک بوڑھی خاتون نے بہادری سے اس یہودی کا سر کاٹ کر قلعے سے نیچے پھینک دیا تھا ان کا نام بتایئے؟

ج: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عبد المطلب۔

س: رسول اللہ ﷺ کی وفات پر حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عبد المطلب پر کوہِ الم ٹوٹ پڑا تھا بتایئے اس وقت آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کونسے مشہور دردناک مرثیے کہے تھے؟

ج: اس کے چند اشعار (ترجمہ)

"یارسول اللہ ﷺ آپ ہماری اُمید تھے
آپ ہمارے محسن تھے ظالم نہ تھے
آپ رحیم تھے ہدایت کرنے والے اور تعلیم دینے والے تھے
آج ہر رونے والے کو آپ ﷺ پر رونا چاہیے"

ایک اور مرثیہ کا مطلع ہے:

"اے آنکھ رسول اللہ ﷺ کی وفات پر خوب آنسو بہا"

س: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عبد المطلب کا انتقال کب ہوا؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں۔

س: انتقال کے وقت حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عبد المطلب کی عمر کیا تھی؟

ج: ۷۳ برس۔

س: حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی آخری آرام گاہ کہاں واقع ہے؟

ج: جنت البقیع۔

# حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خباط

س: حضور ﷺ ایک دن بنو مخزوم کے محلے سے گزر رہے تھے تو آپ ﷺ نے ایک بوڑھی خاتون کو دیکھا جسے کفار قریش نے لوہے کی زرہ پہنا کر تیز دھوپ کے اندر زمین پر لٹار کھا تھا اور کہہ رہے تھے کہ "محمد ﷺ کا دین قبول کرنے کا مزا چکھ" ان خاتون کا نام بتایئے؟

ج: حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خباط۔

س: راہِ حق میں ظلم سہنے والی خاتون جن کو حضور ﷺ نے صبر کی تلقین کرتے ہوئے جنت کی بشارت فرمائی اور فرمایا "صبر کرو تمہارا ٹھکانہ جنت میں ہے" کا نام بتایئے؟

ج: حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خباط۔

س: اسلام کی راہ میں سب سے پہلی شہید ہونے والی خاتون کا نام بتایئے؟

ج: حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خباط۔

س: ایام جاہلیت میں حضرت سمیہ بنتِ خباط کس شخص کی کنیز تھیں؟

ج: رئیس ابو حذیفہ بن المغیر مخزومی۔

س: حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خباط کا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عامر۔

Marfat.com

س: حضرت سمیہ بنتِ خباط کی اولاد کے نام بتائیے؟

ج: دو بیٹے عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت سمیہ بنتِ خباط کے سارے خاندان پر کفار قریش مظالم ڈھاتے تھے ایک بار جب حضور ﷺ نے دیکھا آپ ﷺ کو بہت دکھ ہوا بتائیے اس پر آپ ﷺ نے سارے خاندان کو کیا بشارت دی؟

ج: "صبر کرو اے آل یاسرؓ تمہارے لیے جنت کا وعدہ ہے۔"

س: حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خباط اور ان کے بیٹے عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تیر مار کر شہید کرنے والے شخص کا نام بتائیے؟

ج: ابو جہل۔

س: حضرت سمیہ بنتِ خباط کی شہادتؓ کا واقعہ حضور ﷺ کے گوش گزار کر کے روتے ہوئے یہ عرض کس نے کی تھی "یا رسول اللہ ﷺ اب تو ظلم کی انتہا ہو گئی"؟

ج: حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ (حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بیٹے) نے۔

س: غزوۂ بدر (رمضان المبارک ۲ ہجری) میں ابو جہل جہنم واصل ہوا تو حضور ﷺ نے حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بلا کر کیا فرمایا؟

ج: قد قتل اللّٰہ قاتل انک "اللہ نے تمہاری ماں کے قاتل سے بدلہ لے لیا۔"

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت اُمِ رُومان رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عامر

س: حضرت اُمِ رومان رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سلسلۂ نسب بتایئے؟

ج: اُمِ رُومان رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عامر بن عویمر بن عبد شمس بن عتاب بن اذینہ بن سبیع بن دہمان بن حارث بن غنم بن مالک بن کنانہ۔

س: حضرت اُمِ رومان رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟

ج: (زمانہ جاہلیت میں) عبداللہ بن حارث بن سنجرہ۔

س: عبداللہ بن حارث سے حضرت اُمِ رومان رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کون کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: ایک بیٹا طفیل۔

س: حضرت اُمِ رومان رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا دوسرا نکاح کس سے ہوا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے۔

س: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضرت اُم رومان رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضور اکرم ﷺ نے کس خاتون کو جنت کی حور قرار دیا اور بتایئے اس بارے میں کیا

Marfat.com

ارشاد فرمایا؟

ج: حضرت اُمِ رومان رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ''آپ ﷺ نے فرمایا ''جو شخص عورتوں میں حور عین کو دیکھنا چاہیے وہ اُمِ رومان (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کو دیکھے۔''

س: حضرت اُمِ رومان رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

ج: حضرت اُمِ رومان رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے سالِ وفات کے بارے میں سخت اختلاف ہے تاہم جمہور اہلِ سیر نے ۹ ہجری کو ترجیح دی ہے۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟

ج: سوتیلی بہن کا۔

س: اسلام قبول کرنے والوں میں حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی بکر کا شمار کس صف میں ہے؟

ج: سابقون الاولون (اٹھارہواں نمبر)

س: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نکاح کس سے ہوا؟

ج: حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن العوام (حواریٔ رسول ﷺ)

س: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سرورِ عالم ﷺ نے "ذات النطاقین" کا لقب کیوں عطا فرمایا؟

ج: سفر ہجرت میں جب حضور ﷺ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر گئے تو حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کھانا تیار کیا جسے باندھنے کے لیے فوری طور پر کچھ نہ ملا تو حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے کمر

Marfat.com

بند (نطاق) کے دو ٹکڑے کر کے ایک سے کھانے کے تھیلے کا منہ باندھا اور دوسرے سے مشکیزے کا۔ اس لیے آپ "ذات النطاقین" کے لقب سے مشہور ہوئیں۔

س: جب حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سفر ہجرت میں گھر کا سارا مال لے گئے تو حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے دادا (ابی قحافہ) کے پوچھنے پر انہیں کیسے مطمئن کیا؟

ج: ایک پوٹلی میں پتھر بند کر کے کہا آپ ہاتھ لگا کر دیکھ لیں (کیونکہ وہ نابینا تھے)

س: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ کا نام بتائیے؟

ج: قتیلہ بنتِ عبد العزیٰ۔

س: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ (قتیلہ بنتِ عبد العزیٰ نے اسلام قبول نہیں کیا اور حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے طلاق دے دی تھی) مدد کی غرض سے حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس آئی آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور اکرم ﷺ سے سوال کیا "میری والدہ مشرک ہے کیا میں ان کی مدد کر سکتی ہوں بتائیے آپ ﷺ نے کیا جواب دیا تھا؟

ج: "اللہ تعالیٰ صلہ رحمی سے نہیں روکتا۔"

س: ہجرت کے بعد جب کسی کے ہاں اولاد پیدا نہ ہوئی تھی (یہود نے مشہور کر دیا تھا کہ انہوں نے جادو کیا ہے) لیکن جب حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاں بیٹا پیدا ہوا مسلمان بہت خوش ہوئے اور "اللہ اکبر" کے نعرے لگائے۔ آپ ان کے بیٹے کا نام بتائیے؟

ج: حضرت عبداللہ بن زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس حضور ﷺ کا ایک جبہ تھا بتائیے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنی وفات سے پہلے یہ کس کے سپرد کر دیا تھا؟

ج: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے شوہر اور فرزند کے ساتھ (شام کے میدان جنگ میں) کس جہاد میں حصہ لیا تھا؟

ج: جنگ یرموک۔

س: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے طلاق کیوں دے دی تھی؟

ج: قیاس ہے کہ خانگی معاملات میں اختلافات کی وجہ سے کشیدگی پیدا ہوئی (لیکن اصل سبب اللہ ہی کو معلوم ہے)

س: تنگدستی کے دنوں میں جب حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ناپ تول کر خرچ کرنے لگیں تو حضور ﷺ نے ان سے کیا فرمایا تھا؟

ج: "اسماء (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) ناپ تول کر خرچ مت کیا کرو ورنہ اللہ تعالیٰ بھی نپی تلی روزی دے گا۔"

س: حجاج بن یوسف نے مکہ معظمہ پر یکم ذوالحجہ ۷۲ھ سے قبضہ کر رکھا تھا پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ جب صرف چند ساتھی رہ گئے تو انہوں نے حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر کیا عرض کیا؟

ج: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ "اماں جان میرے ساتھیوں نے بے وفائی کی ہے اب سوائے چند جانثاروں کے کوئی بھی میرا ساتھ دینے پر آمادہ نہیں آپ کی کیا رائے ہے۔ اگر ہتھیار ڈال دوں تو ہو سکتا ہے کہ مجھے اور میرے ساتھیوں کو اماں مل جائے۔"

س: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے جب حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن زبیرؓ نے حجاج بن یوسف سے جنگ کرنے یا نہ کرنے کے بارے میں عرض کیا تو بتایئے حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کیا جواب دیا؟

ج: "اے میرے فرزند اگر تم حق پر ہو تو مردوں کی طرح لڑ کر رتبہ شہادت پر فائز ہو جاؤ اور کسی قسم کی ذلت برداشت نہ کرو اور اگر یہ تمہارا کھکھیڑ دنیا طلبی کے لیے تھا تو تم سے برا کوئی شخص نہیں جس نے اپنی عاقبت بھی خراب کی اور دوسروں کو بھی ہلاکت میں ڈالا۔"

س: "میری عقل نہیں سٹھیا گئی خدا کی قسم میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ ثقیف میں ایک کذاب اور ایک سفاک (ظالم) پیدا ہو گا سو کذاب (یعنی مختار بن ابو عبید ثقفی) اور ایک سفاک (ظالم) تو ہے۔"

Marfat.com

بتائیے یہ الفاظ حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حجاج سے کب کہے تھے؟

ج: جب حجاج بن یوسف نے حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شہید کر کے سولی پر لٹکایا ہوا تھا۔

س: جب حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہ یقین ہو گیا کہ حجاج بن یوسف حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی لاش ان کے حوالے نہیں کرے گا تو حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے دمشق میں کس کو پیغام بھجوایا تھا؟

ج: خلیفہ عبدالملک کو۔

س: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتی تھیں ”الٰہی مجھے اُس وقت تک زندہ رکھنا جب تک اپنے فرزند (عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کا جثہ کفناد فنا کر مطمئن نہ ہو جاؤں“ بتائیے حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے کتنے عرصے بعد تک حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا زندہ رہیں؟

ج: سات دن بعض روایتوں کے مطابق سو دن۔

س: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عمر وفات کے وقت کتنی تھی؟

ج: سو سال۔

س: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کتنے بیٹے اور کتنی بیٹیاں تھیں؟

ج: پانچ بیٹے: حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عروہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت منذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت مہاجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عاصم رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ تین بیٹاں: حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت اُم الحسن رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: چھپن (56) احادیث۔

☆☆☆

[illegible]

# حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خطاب

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خطاب کی کنیت بتایئے؟
ج: ام جمیل۔
س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خطاب کس خاندان سے تعلق رکھتی تھیں؟
ج: قریش کے خاندان بنو عدی۔
س: بتایئے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خطاب کا سلسلہ نسب کہاں پر حضور اکرم ﷺ سے جا کر ملتا ہے؟
ج: کعب بن لوئی۔
س: بتایئے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خطاب کی شادی کس سے ہوئی؟
ج: حضرت سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن زید (بن عمرو بن نفیل)
س: بتایئے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خطاب اور ان کے شوہر حضرت سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن زید نے کب اسلام قبول کیا تھا؟
ج: سابقون الاولون میں امتیازی حیثیت رکھتے ہیں (جبکہ صرف گنتی کے چند لوگوں نے اسلام قبول کیا تھا)
س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن خطاب (جبکہ ابھی انہوں نے اسلام قبول نہیں کیا تھا) کو جب معلوم ہوا کہ ان کی بہن حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خطاب

Marfat.com

اور بہنوئی سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن زید نے اسلام قبول کر لیا ہے تو انہوں نے انہیں مار اپیٹا۔ بتایئے اس موقع پر حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خطاب نے انہیں کیا جواب دیا تھا؟

ج: "ہاں ہم نے اسلام قبول کر لیا ہے۔ اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ پر ایمان لے آئے ہیں تم جو کر سکتے ہوں کر لو دین حق کو ہم کبھی نہیں چھوڑ سکتے۔"

س: "ہم خدا کا کلام پڑھ رہے تھے یہ صحیفہ جس میں کلام الٰہی درج ہے اس کو صرف پاک آدمی ہی ہاتھ لگا سکتے ہیں جب تک تم غسل کر کے بدن پاک نہ کرو اس صحیفے کو نہیں چھو سکتے"

بتایئے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خطاب نے یہ الفاظ کس سے اور کب کہے تھے؟

ج: اپنے بھائی سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے (اس وقت تک حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسلام قبول نہیں کیا تھا)

س: "خدا کے لیے میری زیادتی معاف کر دو اور گواہ رہو کہ میں سچے دل سے محمد ﷺ پر ایمان لاتا ہوں" بتایئے یہ الفاظ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خطاب سے سیّدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کب کہے تھے؟

ج: جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سورہ طٰہٰ کی آیات پڑھیں تھیں۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خطاب کی اولاد کے نام بتایئے؟

ج: ابن اثیر نے لکھا ہے کہ ایک بیٹا عبدالرحمٰن جبکہ حافظ ابنِ عبدالبرؒ نے لکھا ہے کہ چار بیٹے تھے عبداللہ، عبدالرحمٰن، زید اور اسود۔

س: بتایئے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خطاب کا انتقال کب ہوا؟

ج: اہل سیر نے زمانہ وفات سے لاعلمی کا اظہار کیا ہے۔

☆☆☆

Marfat.com

## حضرت شفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عبد اللہ

س: حضرت شفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عبد اللہ کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

ج: خاندان عدی۔

س: بتایئے حضرت شفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کس سے ہوا؟

ج: ابوحثمہ بن خذیفہ عدوی۔

س: حضرت شفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جب ہجرت کی اور ہمیشہ کے لیے مدینہ منورہ میں مستقل اقامت اختیار کرلی تو بتایئے کس نے مدینہ میں ان کو مکان عنایت فرمایا تھا؟

ج: حضور اکرم ﷺ نے۔

س: اہل سیر نے حضرت شفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کس منتر کے بارے میں خصوصیت سے ذکر کیا ہے؟

ج: چیونٹی کاٹنے کا منتر۔

س: بتایئے حضور اکرم ﷺ نے حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نکاح کے بعد ایک مرتبہ کس خاتون سے فرمایا کہ "حفصہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کو بھی لکھنا سکھادو"؟

ج: حضرت شفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عبد اللہ۔

Marfat.com

س: حضرت شفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جب حضور اکرم ﷺ سے چیونٹی کاٹنے کے منتر کے بارے میں اجازت چاہی (آپ ﷺ نے اس کی اجازت دے دی کیونکہ اس میں شرک کی آمیزش نہ تھی) بتایئے اس موقع پر آپ ﷺ نے اور کیا فرمایا تھا؟

ج: "حفصہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کو بھی چیونٹی کا منتر سکھادو جیسا کہ تم نے اس کو لکھنا سکھایا"۔

س: حضور اکرم ﷺ اکثر حضرت شفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھر جس بستر پر آرام فرمایا کرتے تھے وہ حضرت شفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات کے بعد ان کی اولاد نے بھی تبرکاً بہت احتیاط سے رکھا تھا بتایئے یہ بستر مبارک کس شخص نے حضرت شفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے خاندان سے لے لیا تھا؟

ج: اموی حکمران مروان بن الحکم نے۔

س: حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے عہد خلافت میں ایک چادر حضرت شفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور دوسری حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ اسید کو عطا فرمائی۔ حضرت شفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو یہ بات ناگوار گزری بتایئے انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مخاطب ہو کر کیا فرمایا؟

ج: "تمہارے ہاتھوں پر مٹی پڑے میں عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے زیادہ قدیم الاسلام ہوں تمہاری بنتِ عم بھی ہوں اور پھر تم نے خود مجھے بلا بھیجا تھا' اس کے باوجود تم نے عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو مجھ سے بہتر چادر عطا کر دی حالانکہ وہ بن بلائے محض اتفاق سے یہاں آگئی تھیں۔"

س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک موقع پر جب حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ایک چادر عطا فرمائی تو حضرت شفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اس سے متعلق شکوہ کیا۔ بتایئے سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کے شکوہ کا کیا جواب دیا؟

ج: "واللہ یہ چادر تمہارے لیے ہی تھی لیکن جب عاتکہ آگئیں تو مجھے ان کی رعایت کرنی پڑی کیونکہ یہ نسب میں رسول اللہ ﷺ سے زیادہ قریب ہیں۔"

Marfat.com

س: حضرت شفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کتنے بیٹے اور بیٹیاں تھیں؟

ج: ایک بیٹا سلیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ایک بیٹی (دونوں صحابیت سے بہرہ ور تھے)

س: بتایئے حضرت شفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کتنی احادیث کی روایت کی ہے؟

ج: بارہ احادیث کی۔

س: حضرت شفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

ج: اس بارے میں تمام کتب سیر خاموش ہیں (قیاس ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ یا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں)

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت اُمِ الفضل لبابتہ الکبری رضی اللہ تعالیٰ عنہا

## بنتِ حارث

س: حضرت لبابتہ الکبری رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ حارث کی کنیت اور لقب بتایئے؟

ج: کنیت "اُمِ الفضل" لقب "کبریٰ"۔

س: حضرت لبابتہ الکبری رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

ج: بنو ہلال۔

س: حضرت لبابتہ الکبری رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شادی کس سے ہوئی؟

ج: حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عبدالمطلب (عم رسول)۔

س: حضرت لبابتہ الکبری رضی اللہ تعالیٰ عنہا رشتے میں رسول اللہ ﷺ کی کیا لگتی تھیں؟

ج: چچی اور سالی۔

س: بتایئے حضرت اُمِ الفضل لبابتہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: آپ سابقون الاولون میں ممتاز درجہ رکھتی ہیں (حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بعد آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اسلام قبول کیا۔)

س: بتایئے جب ایک بار حضرت اُمِ الفضل رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے خواب میں دیکھا کہ

رسول اللہ ﷺ کے جسدِ اقدس کا کوئی حصہ ان کے گھر میں ہے انہوں نے اپنا خواب حضور اکرم ﷺ سے بیان کیا تو آپ ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج: آپ ﷺ نے فرمایا "اس کی تعبیر یہ معلوم ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ میری لختِ جگر کو فرزند عطا کرے گا اور تم اس کو اپنا دودھ پلاؤ گی۔"

س: جب ایک بار عرفہ کے دن بعض لوگوں نے خیال کیا کہ رسول اللہ ﷺ روزہ سے ہیں تو بتائیے کس خاتون نے دودھ کا پیالہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بھیجا جسے آپ ﷺ نے نوش فرمایا اور لوگوں کا شک دور ہو گیا؟

ج: حضرت لبابۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے (اُم الفضل)

س: بتائیے حضرت لبابۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: ۳۰ (تیس) احادیث۔

س: حضرت لبابۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد کے نام بتائیے؟

ج: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ایک بیٹی اُم حبیبہ اور چھ بیٹے فضل رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عبیداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، معبد رضی اللہ تعالیٰ عنہ، قثم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور عبدالرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: بتائیے حضرت لبابۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

ج: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں۔

س: بتائیے حضرت لبابۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت اُم عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (خاتونِ اُحد)

س: حضرت اُم عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اصل نام بتایئے؟

ج: نسیبہ۔

س: حضرت اُم عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس خاندان سے تعلق رکھتی تھیں؟

ج: انصار کے قبیلہ خزرج کے خاندان بنو نجار سے۔

س: حضور اکرم ﷺ بنو بخار کو بہت عزیز رکھتے تھے بتایئے ایک بار آپ ﷺ نے اس کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا تھا؟

ج: "اگر میں انصار کے کسی گھرانے میں شامل ہوتا تو بنو نجار میں شامل ہوتا۔"

س: بیعت عقبہ ثانیہ کے بعد حضور اکرم ﷺ نے دینی امور کی انجام دہی کے لیے بارہ نقیب مقرر کیے تھے حضرت اسعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن زراہ بنو نجار کے نقیب تھے ان کی وفات کے بعد جب بنو نجار کے لوگوں نے حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ "یارسول اللہ ﷺ اسعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جگہ کوئی اور نقیب مقرر فرمائیں" تو بتایئے آپ ﷺ نے کیا فرمایا تھا (جسے سن کر ان کی خوشی کا ٹھکانہ نہ رہا)؟

ج: حضور اکرم ﷺ نے فرمایا "تم لوگ میرے ماموں ہو اس لیے اب میں خود بنو نجار کا نقیب ہوں۔"

Marfat.com

س: حضرت اُم عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟
ج: زید بن عاصم سے (ان کے چچازاد بھائی سے)
س: حضرت اُم عمارہ کا دوسرا نکاح کس سے ہوا؟
ج: عربہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عمرو سے۔
س: حضرت اُم عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی زید بن عاصم سے کون کونسی اولاد پیدا ہوئی؟
ج: حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت حبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ (انہیں شرف صحابیت حاصل ہوا)
س: بتایئے حضرت اُم عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عربہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عمرو سے کون کونسی اولاد پیدا ہوئی؟
ج: تمیم اور خولہ۔
س: حضرت اُم عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب اسلام قبول کیا؟
ج: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا شمارہ سابقین الاولین میں ہوتا ہے۔ سارے خاندان سمیت مشرف بہ اسلام ہوئیں۔
س: بتایئے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت اُم عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو خاتون اُحد کہہ کر کیوں یاد کیا کرتے تھے؟
ج: اس لیے کہ حضور اکرم ﷺ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ "اُحد کے دن میں دائیں بائیں جدھر بھی نظر ڈالتا تھا اُم عمارہ ہی اُم عمارہ لڑتی نظر آتی تھیں"۔
س: جنگ اُحد میں حضرت اُم عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بڑی بہادری سے حضور اکرم ﷺ کی جانب بڑھتے ہوئے دشمنوں کو روک رہیں تھیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا "واللہ آج اُم عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے سب سے بڑھ کر بہادری دکھائی" تو بتایئے حضرت اُم عمارہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) نے اس پر کیا عرض کیا تھا؟
ج: حضرت اُم عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا تھا کہ:

"یارسول اللہ میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان میرے لیے دعا فرمایئے کہ جنت میں بھی آپ کی معیت نصیب ہو۔"

س: جنگ اُحد میں حضرت اُم عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے جسم پر کتنے زخم لگے تھے؟
ج: بارہ۔

Marfat.com

س: حضرت اُم عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کس کس جنگ میں حصہ لیا تھا؟

ج: جنگ اُحد' بیعت رضوان' جنگ خیبر' غزوۂ حنین اور جنگ یمامہ۔

س: حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں جب زر کا ایک قیمتی دوپٹہ مال غنیمت میں سے ملا تو بتائیے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس دوپٹے کے لیے کیا فرمایا؟

ج: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

"یہ دوپٹہ میں اُم عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو دونگا وہ اس کی سب سے زیادہ حق دار ہیں کیونکہ غزوۂ احد کے بعد میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا تھا کہ اُحد کے دن میں نے اُم عمارہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کو اپنے دائیں بائیں لڑتے دیکھا تھا۔"

س: حضرت اُم عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کتنی احادیث کی روایت ہے؟

ج: چند احادیث کی جو اُم سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حارث بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عباد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن تمیم بن زید، لیلیٰؒ (کنیز) اور عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہیں۔

س: حضرت اُم عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

ج: حضرت اُم عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے سالِ رحلت کے بارے میں تمام تاریخیں خاموش ہیں (روایتوں سے معلوم ہوتا ہے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں موجود تھیں انہیں کے دورِ خلافت میں وفات پائی)

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت اُمِ عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ حارث

س: حضرت اُمِ عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نام بتایئے؟

ج: نسیبہ۔

س: حضرت اُمِ عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا نام بتایئے؟

ج: حارث۔

س: اُمِ عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس قبیلہ سے تعلق رکھتی تھیں؟

ج: حضرت اُمِ عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا انصار کے قبیلہ ابی مالک بن النجار سے تھیں۔

س: حضرت اُمِ عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: قیاس ہے کہ انہوں نے ۱۲ھ بعثت میں بیعت عقبہ اولیٰ کے بعد اسلام قبول کیا (اور اس طرح سابقون الاولون میں شامل ہوئیں)

س: رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا ہے کہ "کسی کی میت پر شوہر کے علاوہ تین دن سے زیادہ سوگ نہ کیا جائے" یہ الفاظ کس خاتون نے کب اور کیوں کہے تھے بتایئے؟

ج: حضرت اُمِ عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے بیٹے کے انتقال پر (آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے تیسرے دن حضور اکرم ﷺ کے ارشاد کو پیش نظر رکھ کر خوشبو منگوا کر لگائی)

Marfat.com

س: بتایئے حضرت اُم عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کتنے غزوات میں حصہ لیا؟

ج: سات غزوات۔ (صحیح مسلم میں خود اُم عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے)

س: حضرت اُم عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: اکتالیس احادیث۔

س: حضرت اُم عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر اور اولاد کے بارے میں بتایئے؟

ج: حضرت اُم عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ایک بیٹے کے علاوہ کسی اولاد کے بارے میں یا شوہر کے بارے میں کسی کتاب میں ذکر نہیں ملتا۔

س: صحیحین میں حضرت اُم عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "اس کو پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دو۔ تین بار یا اس سے زیادہ اگر تم اس کی ضرورت سمجھو اور آخری بار کافور بھی پانی میں ڈالو۔"

بتایئے حضور اکرم ﷺ نے کس کی وفات پر غسل کی یہ ترکیب بتائی تھی؟

ج: حضور ﷺ نے اپنی بیٹی حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے انتقال پر۔

س: بتایئے حضرت اُم عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

ج: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سال وفات کسی نے بیان نہیں کیا (البتہ بیٹے کی وفات کے بعد بصرہ میں مستقل اقامت اختیار کرلی اور وہیں کسی وقت وفات پائی۔)

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت اُم خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن سعید

س: حضرت اُم خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اصل نام بتایئے؟

ج: اُمتہ۔

س: حضرت اُم خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا نام بتایئے؟

ج: حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن سعید بن العاص۔

س: حضرت اُم خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سلسلۂ نسب بتایئے؟

ج: اُم خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن سعید بن العاص بن اُمیہ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی۔

س: غزوۂ خیبر کے بعد حضور اکرم ﷺ کو ایک ایرانی چادر تحفہ میں آئی بتایئے یہ چادر آپ ﷺ نے کس خاتون کو مرحمت فرمائی؟

ج: اُمِ خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو۔

س: حضرت اُم خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: حضرت اُم خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہا مسلمان گھرانے میں پیدا ہوئیں اس لیے پیدائشی مسلمان تھیں۔

Marfat.com

س: بتایئے حضرت اُم خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہا حبشہ سے ہجرت کر کے آئیں تو شاہِ حبشہ نجاشی کے بارے میں کیا فرماتی تھیں؟

ج: "میں بھی اُن لوگوں میں شامل تھی جنھیں شاہِ حبشہ (نجاشی) نے رسول اللہ ﷺ کے لیے پیغام سلام دیا۔" (چنانچہ میں نے حضور ﷺ کو سلام پہنچایا)

س: بتایئے حضرت اُم خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کس سے ہوا؟

ج: حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن العوام (حواریِ رسول ﷺ اور آپ ﷺ کے پھوپھی زاد سے)

س: حضرت اُم خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد کا نام بتایئے؟

ج: دو بیٹے خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عمر اور تین بیٹیاں حبیبہ، سودہ اور ہند۔

س: بتایئے حضرت اُم خالد سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: چند احادیث۔

س: حضور اکرم ﷺ کی مہرِ نبوت سے کھیلنے والی اس بچی کا نام بتایئے جن کو ان کے والد کے منع کرنے پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "منع نہ کرو کھیلنے دو"۔

ج: حضرت اُم خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہا (اَمتہ)

س: حضرت اُم خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہا (اَمتہ) کا انتقال کب ہوا؟

ج: سالِ وفات کے بارے میں تمام تاریخیں خاموش ہیں۔

☆☆☆

# حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمیس خثعمیہ

س: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمیس کس خاندان سے تعلق رکھتی تھیں؟
ج: قبیلہ خثعم۔
س: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمیس کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟
ج: حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابی طالب (ابن عم)
س: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمیس کے شوہر جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابی طالب کو حضور اکرم ﷺ نے طیار اور ذوالجناحین کے خطاب سے کب نوازا؟
ج: جنگ موتہ میں جب حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دونوں بازو شہید ہوگئے اور انہوں نے جام شہادت نوش کیا۔
س: بتایئے حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کیا شرف حاصل ہوا؟
ج: ذوالہجرتین (دو ہجرتوں کا شرف)
س: بتایئے مہاجرین حبشہ حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس آتے تو کونسی حدیث سنکر مسرور ہوتے تھے؟
ج: ”حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ وہ (مہاجرین مدینہ) تم سے زیادہ میرے مستحق نہیں ہیں عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے ساتھیوں کی صرف ایک ہجرت ہے اور تم اہل کشتی کی دو ہجرتیں ہیں (یعنی ایک مکہ سے حبشہ کی طرف دوسری حبشہ

سے مدینہ کی جانب)

س: بتایئے حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ طیار کی شہادت کے بعد حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمیس کا دوسرا نکاح کس سے ہوا؟

ج: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات کے بعد حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمیس کا تیسرا نکاح کس سے ہوا؟

ج: حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنی وفات سے پہلے حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے یہ فرمایا کہ "میرا جنازہ لے جاتے وقت اور تدفین کے وقت پردہ کا پورا لحاظ رکھنا اور سوائے اپنے اور میرے شوہر (حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے) اور کسی سے غسل میں مدد نہ لینا" تو بتایئے حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمیس نے کیا کہا جسے سیّدہ بتول رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے پسند فرمایا؟

ج: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمیس نے کہا "یا بنتِ رسول اللہ میں نے حبش میں دیکھا ہے کہ جنازے پر درخت کی شاخیں باندھ کر ایک ڈولے کی صورت بنا لیتے ہیں اور اس پر پردہ ڈال دیتے ہیں۔"

س: بتایئے حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمیس کی حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ان کے پہلے شوہر) کے صلب سے کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، محمد بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عون بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعض اہل سیر نے لکھا ہے دو لڑکیاں بھی ہوئیں۔

س: بتایئے حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمیس کے ہاں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صلب سے کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: ایک فرزند یحییٰ بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: بتایئے حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمیس کے ہاں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صلب سے کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: ایک فرزند محمد بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: بتایئے حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

Marfat.com

ج: ساٹھ حدیثیں۔

س: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمیس حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابی طالب کی اہلیہ ہونے کی حیثیت سے حضور علیہ السلام کی کیا لگتی تھیں؟

ج: بھابھی۔

س: بتایئے حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمیس کا اُم المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کیا رشتہ تھا؟

ج: اخیافی بہن۔

س: حضور اکرم علیہ السلام کی وفات سے ایک دن پہلے جب حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمیس نے آپ علیہ السلام کا مرض ذات الجنب تشخیص کیا اور غشی کی حالت میں آپ علیہ السلام کا دہن مبارک کھول کر دوا دی تو آپ علیہ السلام نے کیا فرمایا؟

ج: حضور اکرم علیہ السلام نے فرمایا کہ "یہ تدبیر اسماء (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) بنتِ عمیس نے بتائی ہو گی وہ حبشہ سے اپنے ساتھ یہی حکمت لائی ہیں یہ دوا عباس (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے سوا سب کو پلائی جائے۔

س: بتایئے حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمیس کا انتقال کب ہوا؟

ج: ۴۰ھ میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت ہوئی ان کے جلد بعد ہی حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال ہو گیا۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت اُم معبد خزاعیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت اُم معبد خزاعیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اصل نام بتایئے؟

ج: عاتکہ بنتِ خالد۔

س: حضرت اُم معبد خزاعیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر کا نام بتایئے؟

ج: تمیم بن عبدالعزیٰ خزاعی۔

س: حضرت اُم معبد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

ج: بنو خزاعہ کی شاخ بنی کعب (آپ کے شوہر کا تعلق بھی اسی شاخ سے تھا)

س: حضرت اُم معبد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا خاندان کہاں واقع تھا؟

ج: مکہ سے مدینہ جانے والے راستے پر قدید نام کی چھوٹی سی بستی میں۔

س: ربیع الاوّل ۱۳ بعثت میں رحمت عالم ﷺ، حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن فہیرہ اور عبداللہ بن اریقط پر مشتمل یہ قافلہ قدید کے مقام پر پہنچا اور بھوک، پیاس محسوس ہوئی تو بتایئے یہ مقدس قافلہ کس کے خیمے پر جا کر رُکا تھا؟

ج: اُم معبد۔

س: جب حضرت سیّد موجودات ﷺ نے حضرت اُم معبد رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا کہ "کوئی بھی کھانے کی چیز تمہارے پاس ہو تو ہمیں دو ہم اس کی قیمت ادا

Marfat.com

کردیں گے" تو بتایئے ام معبد رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کیا جواب دیا تھا؟

ج: "خدا کی قسم اس وقت کوئی چیز ہمارے گھر میں آپ ﷺ کو پیش کرنے کے لیے نہیں ہے اگر ہوتی تو فوراً حاضر کر دیتی۔"

س: بتایئے حضرت اُم معبد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کس واقعہ نے شہرت عام اور دنیا میں بلند مقام عطا کر دیا ہے؟

ج: حضرت اُم معبد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے خیمے میں صرف ایک مریل سی بکری تھی۔ سیّد المرسلین فخر موجودات ﷺ نے بسم اللہ پڑھ کر مریل سی بکری کے تھنوں کو چھوا اور دودھ دوہا۔ اس میں اللہ نے اتنی برکت دی کہ سب سیر ہو گئے یہاں تک کہ برتن پھر بھر گیا۔

س: بتایئے جس بکری کا دودھ حضرت محمد ﷺ نے دوہا تھا اس کے بارے میں اُم معبد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا کیا بیان ہے؟

ج: "حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت تک بکری ہمارے پاس رہی۔ ہم صبح و شام اس سے اپنی ضرورتیں پوری کرتے تھے۔"

س: سید البشر ﷺ کا وہ حلیہ مبارک بتایئے جو حضرت اُم معبد رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بیان کیا اور تاریخ کے صفحات نے ہمیشہ کے لیے محفوظ کر لیا؟

ج: اُم معبد رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا:

"پاکیزہ صورت، حسین و جمیل، روشن چہرہ، بدن نہ فربہ نہ نحیف، متناسب الاعضاء خوبصورت آنکھیں، بال گھنے اور لمبے، سیدھی گردن، آنکھ کی پتلیاں روشن، سرگین چشم، باریک و پیوستہ آبرو، سیاہ گھنگریالے بال، خاموش ہوتے تو نہایت باوقار معلوم ہوتے، تکلم دل نشین، دور سے دیکھنے میں نہایت سجیلے اور دلربا، قریب سے نہایت شیریں و خوبرو، شیریں کلام واضح الفاظ، کلام الفاظ کی کمی بیشی سے پاک، تمام گفتگو موتیوں کی لڑی جیسی پروئی ہوئی (یعنی مسلسل مربوط اور برمحل) میانہ قد کہ کوتاہی سے حقیر نظر نہیں آتے نہ طویل کہ آنکھ وحشت زدہ ہو جائے، زبیندہ نہال کی شاخ تازہ، زبیندہ منظر، عالی قدر، رفقاء ایسے کہ ہر وقت گرد و پیش رہتے ہیں جب وہ کچھ کہتے ہیں تو بڑی توجہ سے سنتے ہیں اور جب حکم دیتے

Marfat.com

ہیں تو تعمیل کے لیے لپکتے ہیں مخدوم مطاع، مالوف نہ ادھوری بات کرنے والے نہ ضرورت سے زیادہ بولنے والے۔''

س: حضرت اُم معبد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قبول اسلام کے بارے میں بتائیے؟

ج: ایک روایت ہے کہ اُم معبد رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بکری کا واقعہ دیکھا تو انہیں یقین ہو گیا کہ مہمانِ عزیز اللہ کے رسول ہیں۔ چنانچہ وہ اسی وقت صدقِ دل سے مسلمان ہو گئیں۔

دوسری روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ کے مدینہ تشریف لے جانے پر ابو معبد اور اُم معبد رضی اللہ تعالیٰ عنہا دونوں مدینہ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر سعادت اسلام سے بہرہ ور ہوئے۔

س: بتائیے حضرت اُم معبد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

ج: حضرت اُم معبد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مزید حالات تاریخ میں نہیں ملتے۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمرو

س: حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا (الخنساء) کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟
ج: نجد کے قبیلے بنو سلیم کی شاخ بنو قیس بن عیلان۔
س: بتایئے حضور اکرم ﷺ نے حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قبیلہ کی تعریف کن الفاظ میں فرمائی؟
ج: "بلاشبہ ہر قوم کی ایک پناہ گاہ ہوتی ہے اور عرب کی پناہ گاہ قیس بن عیلان ہے۔"
س: حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اصل نام بتایئے؟
ج: تماضر۔
س: بتایئے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت "خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا" کے لقب سے کیوں مشہور ہوئیں؟
ج: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بہت چست، ہوشیار، خوبرو تھیں (خنساء کے معنی ہرنی کے ہیں)
س: بتایئے حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کس سے ہوا؟
ج: عبدالعزیٰ (یا بروایت ابن قتیبہ، رواحہ بن عبدالعزیٰ)۔
س: بتایئے حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا دوسرا نکاح کس سے ہوا؟
ج: مرداس بن ابی عامر۔
س: بتایئے عبدالعزیٰ سے حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کون کونسی اولاد پیدا

Marfat.com

ہوئی؟

ج: ابو شجرہ عبداللہ (ایک بیٹا)

س: بتائیے مرداس بن ابی عامر سے حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کون کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: تین بیٹے عمرو زید اور معاویہ اور ایک بیٹی عمرہ۔

س: بتائیے حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا شمار عرب کے مشہور شعراء میں کیونکر ہوا؟

ج: اپنے بھائی صخر کی وفات پر دلسوز اور دردناک مرثیے کہنے پر۔

س: حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا مرثیہ گوئی میں مہارت رکھتی تھیں۔ بتائیے بازارِ عکاظ میں ان کے خیمے کے دروازے پر جو جھنڈا نصب تھا اس پر کیا لفظ لکھے ہوئے تھے؟

ج: الخنساء (رضی اللہ تعالیٰ عنہا)..... ارثی العرب، یعنی عرب کی سب سے بڑی مرثیہ گو خنساء۔

س: "واقعی تو عورتوں میں بڑی شاعرہ ہے اگر اس سے پہلے ابو بصیر (اعشیٰ) کے اشعار نہ سن لیتا تو تجھ کو اس زمانے کے تمام شعراء پر فضیلت دیتا اور کہتا تو جن وانس میں سب سے افضل ترین شاعرہ ہے۔"

بتائیے یہ الفاظ حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کس شخص نے کہے؟

ج: عرب کے عظیم ترین شاعر نابغہ ذبیانی۔

س: "اگر خنساء نہ ہوتی تو میں ہی سب سے بڑا شاعر ہوتا"۔

بتائیے یہ الفاظ کس شاعر نے کہے؟

ج: بنو امیہ کے دور کے مشہور شاعر جریر (متوفی ۱۱۰ھ)

س: بتائیے حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: کوئی حدیث مروی نہیں۔

س: "اگر تم مجھے شیر اور سانپ سے تشبیہ دینا چاہتے ہو تو میں تمہارے شعر نہیں سنوں گا ہاں اگر تم خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کلام جیسے اشعار پیش کرنا چاہتے ہو تو کرو"۔

بتایئے عبدالملک بن مروان نے یہ الفاظ کس شاعر سے کہے؟

ج: عہد بنی اُمیہ کے مشہور شاعر اخطل سے۔

س: حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قبول اسلام کے بارے میں بتائیں؟

ج: حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے قبیلے کے چند آدمیوں کے ساتھ مدینہ منورہ رحمتِ عالم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر اسلام سے بہرہ ور ہوئیں۔

س: بتایئے حضور اکرم ﷺ حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا فصیح و بلیغ کلام سنکر کیا فرماتے جاتے تھے؟

ج: "شاباش اے خنساء (رضی اللہ تعالیٰ عنہا)"

س: جنگ قادسیہ میں جس بزرگ خاتون نے اپنے فرزندوں کو میدان رزم میں بھیج کر بارگاہ الٰہی میں یوں عرض کی "الٰہی میری متاعِ عزیز یہی کچھ تھی اب تیرے سپرد ہے۔" ان کا نام بتایئے؟

ج: حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: بتایئے حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جنگ قادسیہ میں اپنے فرزندوں کو بہادر اور ثابت قدم رہنے کی تاکید کی تو انہوں نے کیا جواب دیا؟

ج: "اے مادرِ محترم! انشاء اللہ ہم آپ کی توقعات پر پورے اتریں گے اور آپ ہمیں ثابت قدم پائیں گی۔"

س: "اس اللہ کا شکر ہے جس نے مجھے اپنے فرزندوں کی شہادت سے مشرف کیا۔ باری تعالیٰ سے اُمید ہے کہ وہ قیامت کے دن مجھے اپنے بچوں کے ساتھ اپنے سایۂ رحمت میں جگہ دے گا۔"

بتایئے یہ الفاظ کس خاتون صحابیہ نے کہے؟

ج: حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: بتایئے کونسی ضعیف العمر خاتون تھیں جن کے چاروں بیٹے جنگِ قادسیہ میں شہید ہوئے اور انہوں نے تسلیم و رضا اور صبر و تحمل کا بے مثال مظاہرہ کیا تھا؟

ج: حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمرو۔

س: بتایئے حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ضخیم دیوان مع شرح کب اور کہاں چھپا؟

ج: ۱۸۸۸ء میں بیروت سے۔

Marfat.com

س: بتایئے حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے دیوان کا فرانسیسی ترجمہ کب ہوا؟

ج: ۱۸۸۹ء۔

س: بتایئے حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے دیوان کی شرح کس یہودی نے "انیس المجلساء" کے نام سے لکھی تھی؟

ج: الاب لولیس الیسوعی۔

س: حضرت خنساءؓ اسلام قبول کرنے کے بعد بھی اپنے بھائی کی یاد میں ایام جاہلیت کے دستور کے مطابق سوگ میں ہمیشہ سر پر بالوں کا گچھا یا (سر بند) باندھے رہتی تھیں بتایئے کس صحابی کی تنبیہ پر انہوں نے سوگ کی یہ علامت ترک کر دی؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: بتایئے حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

ج: ایک روایت کے مطابق جنگ قادسیہ کے آٹھ سال بعد ۲۴ھ میں۔
دوسری روایت کے مطابق امیر معاویہ کے عہد خلافت میں۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت لبابتہ الصغریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت لبابتہ الصغریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

ج: قبیلہ قیس بن عیلان۔

س: حضرت لبابتہ الصغریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ کا نام بتائیے؟

ج: ہند بنتِ عوف بن زہیر بن حارث بن حماطہ الحمیر۔

س: حضرت لبابتہ الصغریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ولید (سیف اللہ) سے کیا رشتہ تھا بتائیں؟

ج: والدہ کا۔

س: بتائیے حضرت لبابتہ الصغریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا رشتے میں اُم المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ حارث کی کیا لگتی تھیں؟

ج: بہن۔

س: حضرت لبابتہ الصغریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: ولید بن مغیرہ مخزومی۔

س: بتائیے ولید بن مغیرہ مخزومی کے صلب سے حضرت لبابتہ الصغریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: بااختلافِ روایت سات یا دس یا تیرہ بیٹے اور دو بیٹیاں۔

س: بتایئے حضرت لبابتہ الصغریٰ کی کون کونسی اولاد شرف اسلام سے بہرہ ور ہوئیں؟

ج: تین بیٹے: خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ہشام رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

دونوں بیٹیاں فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور فاختہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: "اور موت کی بے ہوشی ضرور آکر رہے گی (اس وقت کہا جائے گا کہ) یہ وہ ہے جس سے تو بھاگتا تھا" تم قرآن پاک کی یہ آیت تلاوت کرو۔ سرورِ عالم ﷺ نے یہ الفاظ کب اور کس صحابیہ سے فرمائے تھے؟

ج: حضرت لبابتہ الصغریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ (بیٹے) کے غم میں کہا مرثیہ سنکر فرمائے۔

س: حضرت لبابتہ الصغریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات کے بارے میں بتایئے؟

ج: اہل سیر نے سال وفات کی تصریح نہیں کی البتہ حافظ ابن حجر نے "الاصابہ" میں تحریر کیا ہے کہ حضرت لبابتہ الصغریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت تک زندہ رہیں۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س: حضرت امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا نام بتایئے؟

ج: حضرت ابو العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ربیع (بن عبدالعزیٰ بن عبد شمس بن عبدالمناف بن قصی)

س: حضرت امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ کا نام بتایئے؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ رسول اللہ ﷺ۔

س: حضور اکرم ﷺ کے دوش مبارک پر ایک مرتبہ ایک بچی سوار تھیں۔ انتہائے محبت میں حضور ﷺ نے انہیں شانۂ مبارک سے نہ اتارا اور نماز پڑھنی شروع کردی۔ رکوع میں جاتے تو اتار دیتے جب کھڑے ہوتے تو پھر شانۂ مبارک پر سوار کر لیتے اسی طرح پوری نماز ادا فرمائی۔ اس بچی کا نام بتایئے؟

ج: حضور اکرم ﷺ کی نواسی حضرت امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: بتایئے حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے انتقال کے بعد حضرت امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نگرانی و سرپرستی کس نے فرمائی؟

ج: حضور اکرم ﷺ نے (شفیق نانا ﷺ)

Marfat.com

س: بتائیے حضرت امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کس سے ہوا؟

ج: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: بتائیے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شہادت پائی تو ان کی وصیت کے مطابق حضرت امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کس نے نکاح کیا؟

ج: مغیرہ بن نوفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ (بن حارث بن عبدالمطلب)

س: بتائیے حضرت امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں کون کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: ایک روایت کے مطابق ایک بیٹا یحییٰ بن مغیرہ بن نوفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ (اس کے علاوہ کوئی اولاد نہیں)

س: حضرت امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

ج: سال وفات کے بارے میں حالات نہیں ملتے البتہ مغیرہ بن نوفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی میں ان کے گھر وفات پائی۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س: حضرت زینبؓ کب پیدا ہوئیں؟

ج: جمادی الاولیٰ ۵ھ ہجری۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کنیت بتایئے؟

ج: اُم الحسن یا بروایتِ دیگر اُم کلثوم (واقعہ کربلا کے بعد کنیت اُم المصائب)

س: حضرت زینب کبریٰ کے چند مشہور القاب بتایئے؟

ج: نائبۃ الزہرا' شریکۃ الحسن' راضیہ بالقدر والقضاء' ناموس لکبریٰ' صدیقۃ الصغریٰ' شجاعہ فصیحہ' بلیغہ زاہدہ' قرۃ العین المرتضیٰ' خاتون کربلا' امینۃ اللہ' محبوبۃ المصطفیٰ۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بھائیوں کے نام بتایئے؟

ج: سیّدنا حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور سیّدنا حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ (جوانانِ جنت کے سردار)

س: بتایئے حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نام کس نے رکھا اور اپنا لعاب مبارک ان کے منہ میں ڈالا؟

ج: سرورِ دو عالم ﷺ نے۔

س: بتایئے حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے پہلا سفر کب اور کس کے ہمراہ کیا تھا؟

ج: حضرت محمد ﷺ کے ہمراہ حجۃ الوداع کے موقع پر (پانچ سال کی عمر میں)

س: بتایئے حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے نانا محترم ﷺ اور پھر چھ ماہ بعد ہی والدہ محترمہ سیّدہ فاطمہ کا انتقال ہوا تو اس وقت ان کی عمر کتنی تھی؟

ج: چھ برس۔

س: ان خاتون کا نام بتایئے جن کو فصاحت و بلاغت اور زورِ بیان ورثہ میں ملے اور ان کے یہ عدیم المثال خطبات تاریخ نے اپنے صفحات میں محفوظ کر لیے ہیں؟

ج: حضرت زینب الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کس سے ہوا بتایئے؟

ج: حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (شہید موتہ حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابی طالب کے فرزند)

س: بتایئے حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدینہ منورہ سے کوفہ کس کے عہدِ خلافت میں آئے؟

ج: ۳۷ھ ہجری میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ ان کے عہد خلافت میں۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نانی محترمہ کا نام بتایئے؟

ج: حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: "یہ ہم شبیہ خدیجہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) ہے" بتایئے حضورِ اکرم ﷺ نے یہ الفاظ کس بچی کو گود میں لے کر فرمائے تھے؟

ج: حضرت زینب کبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: بتایئے ذی الحجہ ۶۰ھ میں سیّدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہمراہ مختصر سے قافلے نے مکہ سے کس جگہ جانے کا عزم کیا تھا؟

ج: اہل کوفہ کی دعوت پر کوفہ جانے کا۔

س: بتایئے محرم الحرام کی کونسی تاریخ کو حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی آنکھوں کے سامنے دلدوز سانحہ پیش آیا؟

ج: ۱۰ محرم الحرام ۶۱ ہجری کو سانحہ کربلا۔

س: بتایئے واقعہ کربلا کے بعد حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہاں رہائش پذیر

Marfat.com

ہوئیں؟

ج: ایک روایت کے مطابق دمشق میں اپنے شوہر کے ساتھ۔
دوسری روایت ہے کہ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا مدینہ پہنچ کر شہیدان کربلا کے مصائب لوگوں کو سناتیں لیکن عامل مکہ کی اطلاع پر یزید نے حکم بھیجا کسی اور شہر بھیج دو چنانچہ مصر چلی گئیں۔

س: بتایئے واقعہ کربلا کے بعد حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے روضہ حضور ﷺ پر حاضر ہو کر کیا عرض کیا تھا؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا روضہ حضور ﷺ پر حاضر ہوئیں تو چیخیں نکل گئیں اور زبان پر یہ الفاظ جاری ہو گئے۔
"اے میرے پیارے نانا جان میں آپ کے فرزند اور اپنے بھائی حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کی خبر لائی ہوں۔ آپ کی اولاد کو رسیوں سے باندھ کر کوفہ اور دمشق کی گلیوں میں پھرایا گیا۔"

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

ج: ایک روایت کے مطابق ۶۲ھ۔
دوسری روایت کے مطابق ۶۳ھ۔

س: بتایئے حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر کہاں موجود ہے؟

ج: مدینہ میں حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر کے کوئی آثار نہیں۔ البتہ دمشق اور قاہرہ دونوں جگہ ان کے مزار موجود ہیں اور زیارت گاہ خواص و عوام ہیں۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت صعبہ بنتِ الحضر می رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت صعبہ بنت الحضر می رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سلسلہ نسب بتایئے؟

ج: صعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت عبداللہ حضرمی بن ضماد بن سلمی بن اکبر۔

س: بتایئے حضرت صعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا عشرہ مبشرہ میں شریک کس عظیم شخصیت کی والدہ ہیں؟

ج: حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت صعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر کا نام بتائیں؟

ج: عبیداللہ بن عثمان۔

س: بتایئے حضرت صعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نسلاً اور وطناً کون تھیں؟

ج: نسلاً حضرمی اور وطناً یمنی۔

س: بتایئے مشہور صحابی حضرت علا بن الحضر می رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حضرت صعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کیا رشتہ تھا؟

ج: بھائی کا۔

س: بتایئے حضرت صعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کتنے برس عمر پائی؟

ج: تقریباً اسی برس (امام بخاری نے تاریخ الصغیر میں یہ روایت درج کی ہے کہ آپ خلیفہ ثالث حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے محصور ہونے تک

Marfat.com

س: حضرت صعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو جب حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے محصور ہونے کی خبر ملی تو بتایئے انہوں نے اپنے بیٹے حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کس خواہش کا اظہار کیا تھا؟

ج: وہ اپنے اثر ورسوخ سے کام لے کر مفسدین کو واپس جانے پر آمادہ کریں۔

س: حضرت صعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب اور کس کے ساتھ اسلام قبول کیا تھا؟

ج: دعوت حق کے بالکل ابتدائی زمانے میں اپنے بیٹے حضرت طلحہ بن عبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ۔

س: بتایئے حضرت صعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے قبول اسلام کے چند سال بعد کس کے ہمراہ مکہ سے مدینہ ہجرت کی تھی؟

ج: اپنے فرزند حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہمراہ۔

☆☆☆

# حضرت شفاء بنتِ عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: بتایئے حضرت شفاء بنتِ عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

ج: بنو زہرہ سے۔

س: حضرت شفاء بنتِ عوف کا سلسلہ نسب بتایئے؟

ج: شفاء بنتِ عوف بن عبد بن حارث بن زہرہ۔

س: حضرت شفاء بنتِ عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر کا نام بتایئے؟

ج: عوف بن عبد جوف زہری۔

س: بتایئے حضرت شفاء بنت عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن سے عوف بن عبد جوف زہری سے پیدا ہونے والے بیٹے کا کیا نام تھا؟

ج: حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت شفاء بنتِ عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کونسے بیٹے عشرہ مبشرہ میں شامل ہیں؟

ج: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: بتایئے حضرت شفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب اسلام قبول کیا تھا؟

ج: دعوت حق کے ابتدائی تین سالوں میں۔

س: بتایئے حضرت شفاء بنتِ عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس بنا پر سابقین اولین کی

Marfat.com

مقدس جماعت میں امتیازی درجہ رکھتی تھیں؟

ج: بعثت کے ابتدائی تین سالوں میں سعادت اسلام سے بہرہ ور ہونے کی بنا پر [illegible] تعالیٰ [illegible]

س: سرورِ دو عالم ﷺ کی ولادت باسعادت کے موقع پر حضرت شفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بارے میں کیا روایت ملتی ہے؟

ج: چند دوسری خواتین کے علاوہ آپ بھی سیّدہ آمنہ کے پاس موجود تھیں۔(اور دایہ کا کام کرتی تھیں۔)

☆☆☆

# حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ملحان

س: حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اصلی نام بتایئے؟
ج: رملہ یا سہلہ اور بعض کے نزدیک رمیثہ۔
س: حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا لقب بتایئے؟
ج: غمیصاء اور رمیصاء رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س: حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کنیت بتایئے؟
ج: اُم انس رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س: حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس قبیلہ سے تعلق رکھتی تھیں؟
ج: قبیلہ خزرج کی نہایت معزز شاخ عدی بن نجار سے۔
س: حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ کا نام بتایئے؟
ج: ملیکہ بنتِ مالک بنتِ عدی۔
س: بتایئے حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب اسلام قبول کیا تھا؟
ج: ان کا شمار سابقون الاوّلون میں ہوتا ہے۔
س: حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا نکاح کس شخص سے ہوا؟
ج: مالک بن نضر (ابن عم)
س: بتایئے مالک بن نضر سے حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کون کونسی اولاد پیدا

Marfat.com

ہوئی؟

ج: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن مالک۔

س: حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا دوسرا نکاح کس شخص سے ہوا تھا؟

ج: ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ زید بن سہل۔

س: "میں تو خدائے واحد اور اس کے سچے رسول ﷺ پر ایمان لائی ہوں افسوس ہے تم پر کہ جس کو پوجتے ہو وہ ایک درخت ہے (یعنی لکڑی کا بت ہے) جو زمین میں اگا ہے اور اس کو فلاں حبشی نے گھڑ کر تیار کیا ہے۔ میں خدائے واحد کی پرستار ہوں اور تم خود ساختہ بتوں کے پجاری ہو جو کسی کو نفع یا نقصان نہیں پہنچا سکتے بھلا میرا تمہارا میل کیسے ہو سکتا ہے۔"

بتایئے یہ الفاظ حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ زید بن سہل سے کب کہے تھے؟

ج: حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نکاح کا پیغام بھیجنے پر اور اس وقت تک حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ غیر مسلم تھے۔

س: "پھر میں تم سے نکاح کرتی ہوں اور سوائے اسلام کے کوئی مہر نہیں لیتی"۔

بتایئے حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یہ لفظ کب کہے تھے؟

ج: حضرت ابو طلحہ زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن سہل کے اسلام قبول کرنے کی خوشی میں۔

س: بتایئے حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ زید کو جب یہ شرف حاصل ہوا کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۱۱ھ نبوت میں مکہ حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عہد کیا اپنی جانوں' مالوں اور اولادوں کے ساتھ کہ حضور اکرم ﷺ کی اعانت کریں گے یہ بیعت تاریخ میں کس نام سے مشہور ہے؟

ج: بیعت لیلتہ العقبہ' بیعت عقبہ ثانیہ' بیعت عقبہ کبیرہ۔

س: ہجرت کے چند ماہ بعد حضور اکرم ﷺ نے مہاجرین و انصار کے درمیان بھائی چارہ (عقد مواخاۃ) قائم کرایا تو سید البشر ﷺ اور مہاجرین و انصار نے کس کے مکان کو شرف بخشا؟

Marfat.com

ج: حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت ابو طلحہ زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: بتایئے ۳ھ ہجری میں حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے شوہر حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ کس جنگ میں حصہ لیا اور زخمیوں کی خدمت کی؟

ج: جنگِ اُحد میں۔

س: ''یارسول اللہ! ہمارے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان۔ ہم اون کاتتی ہیں اور اس خدا کی راہ میں اعانت کرتی ہیں ہمارے ساتھ زخمیوں کے علاج کا سامان ہے۔ ہم لوگوں کو تیر اٹھا اٹھا کر دیتی ہیں اور ستو گھول گھول کر پلاتی ہیں''۔

بتایئے یہ الفاظ حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کس جنگ کے موقع پر رسول اللہ ﷺ سے کہے تھے؟

ج: اواخر ۶ھ غزوۂ خیبر۔

س: ''یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان' یہ میرا فرزند انس ہے۔ میری دلی تمنا ہے کہ یہ آپ کی خدمت کیا کرے اس کو اپنے خادموں میں شامل فرمالیں اور اس کے لیے دعا کریں''۔

ان خاتون کا نام بتایئے جنہوں نے حضور اکرم ﷺ سے درخواست کی کہ میرے فرزند کو خدمت اقدس میں لے کر مجھے شرف بخشیں؟

ج: حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: بتایئے ۸ھ ہجری میں فتح مکہ کے چند دن بعد حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے شوہر حضرت ابو طلحہ زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ کس غزوہ میں حصہ لیا تھا؟

ج: غزوہ حنین۔

س: امہات المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے علاوہ کن خواتین کو یہ شرف حاصل تھا کہ حضور اکرم ﷺ ان کے گھر تشریف لے جایا کرتے تھے؟

ج: حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کی بہن اُم حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: ''مجھے اس پر رحم آتا ہے کہ اس کے بھائی حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ملحان نے میری حمایت میں شہادت پائی ہے'' حضور اکرم ﷺ یہ الفاظ کس خاتون کے لیے

Marfat.com

فرمایا کرتے تھے؟

ج: حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: بتایئے حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے تبرک کے طور پر حضور اکرم ﷺ کی کیا کیا چیزیں جمع کر رکھی تھیں؟

ج: آپ ﷺ کا پسینہ مبارک، موئے مبارک (بال) اور جس مشکیزے سے رسول اللہ ﷺ نے دہن مبارک لگا کر پانی پیا تھا اس کا منہ کاٹ کر تبرک کے طور پر رکھ لیے تھے۔

س: ایک بار سفر حج پر جاتے ہوئے حضرت محمد ﷺ نے اپنے غلام سے فرمایا کہ "انجشہ! آہستہ آہستہ اونٹوں پر شیشے ہیں شیشے۔"
بتایئے اس وقت اونٹوں پر کون سوار تھا؟

ج: ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن اور حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: بتایئے حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے عرض کرنے پر سرور عالم ﷺ نے خاص طور پر ان کے فرزند حضرت انسؓ کے لیے کیا دعا فرمائی تھی جسے شرف قبولیت حاصل ہوا؟

ج: آپ ﷺ نے یوں دعا فرمائی "اے اللہ اس کو مال دے اور اس کی عمر میں برکت عطا فرما۔"

س: ۵ ہجری میں رسول کریم ﷺ اور حضرت زینب بنتِ جحش کے نکاح پر حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کیا ہدیہ بھجوایا تھا؟

ج: ایک بڑے برتن میں مالیدہ بنا کر۔

س: ایک شخص حضور اکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا حضور اکرم ﷺ نے فرمایا "کوئی ہے جو اللہ کے اس بندے کو اپنا مہمان بنالے" تو بتایئے کس نے اس شخص کو اپنا مہمان بنایا؟

ج: حضرت ابو طلحہ زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے (حضرت ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر)

س: "کوئی مضائقہ نہیں تم بچوں کو سلادو۔ وہ سو جائیں تو ہم ان کا کھانا مہمان کے آگے رکھ دیں گے تم چراغ درست کرنے کے بہانے اٹھ کر اسے بجھا دینا اندھیرے میں مہمان کھانا کھالے گا اور ہم یونہی منہ چلاتے رہیں گے۔"

بتایئے یہ کون میاں بیوی تھے جنہوں نے مہمان کو کھلا کر اپنے بچوں کے ساتھ رات فاقے میں گزاری؟

ج: حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے شوہر حضرت ابو طلحہ زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: بتایئے ایک بار حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مہمان کو کھانا کھلانے اور خود فاقہ کرنے پر حضور اکرم ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا تھا؟

ج: "رات کو مہمان کے ساتھ تم لوگوں کا برتاؤ اللہ تعالیٰ کو بہت پسند آیا ہے۔"

س: بتایئے جب ایک بار حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا "یا رسول اللہ ﷺ! میرے بیٹے ابو عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی چڑیا (نفیر) جس کے ساتھ وہ کھیلا کرتا تھا آج مر گئی ہے اس لیے وہ غمگین ہے"

اس وقت رسول اکرم ﷺ نے کیا جملہ فرمایا جو کہ ضرب المثل بن گیا؟

ج: "اے ابو عمیر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) تیری نفیر نے کیا کیا۔"

س: حضرت ابو طلحہ زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کون کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: ابو عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: "اللہ تعالیٰ تمہیں ابو عمیر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کا نعم البدل عطا فرمائے" بتایئے حضور اکرم ﷺ نے یہ دعا کب اور کن کے لیے کی تھی؟

ج: حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لیے ان کے بیٹے کی کمسنی کی وفات پر۔

س: "قسم اس ذات کی جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ پیدا کیا وہ کپی بھری ہوئی ہے اور اس میں سے گھی ٹپک رہا ہے۔"

بتایئے حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور اکرم ﷺ سے یہ عرض کیوں کی؟

ج: گھی سے بھری کپی حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں بھجوائی اور خالی ہونے پر کپی کے واپس گھی سے بھر جانے پر۔

Marfat.com

س: بتائیے جب حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے خالی کپی کے واپس گھی سے بھر جانے پر تعجب کا اظہار کیا تو حضور اکرم ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج: "اے اُم سلیم (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) تجھے اس بات پر تعجب کیوں ہے کہ اللہ نے تجھ کو رزق دیا جیسا کہ تو نے اس کے نبی ﷺ کو کھانے کو دیا ہے کھا اور کھلا۔

س: بتائیے حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو حضرت محمد ﷺ نے جنت کی بشارت کن الفاظ میں دی؟

ج: "میں جنت میں گیا تو مجھے کچھ آہٹ معلوم ہوئی میں نے پوچھا کون ہے تو لوگوں نے کہا کہ انس (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی والدہ غمیصاء (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) بنتِ ملحان ہیں"

س: بتائیے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بارے میں کیا فرمایا کرتے تھے؟

ج: "اے اللہ میری ماں کو جزائے خیر دے۔ انہوں نے بڑی خوبی سے میری پرورش اور تربیت کی ہے۔"

س: حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

ج: سالِ وفات کے بارے میں تصریح نہیں قیاس ہے کہ انہوں نے صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں وفات پائی۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ معوذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س: حضرت ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

ج: انصار کے معزز خاندان بنو نجار سے۔

س: حضرت ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ معوذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ کا نام بتایئے؟

ج: اُم یزید بنتِ قیس۔

س: حضرت ربیع بنتِ معوذ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قبول اسلام کے بارے میں بتایئے؟

ج: حضرت ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ہجرت نبوی ﷺ سے قبل اسلام قبول کیا (آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد معوذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور چچاؤں عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ، معاذر ضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی ہجرت نبوی ﷺ سے قبل اسلام قبول کر لیا تھا)

س: ''بیٹے! اگر تم حضور ﷺ کو دیکھتے تو یوں سمجھتے گویا آفتاب طلوع ہو رہا ہے'' سرورِ عالم ﷺ کے بارے میں یہ الفاظ ابو عبیدہ بن محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کس خاتون نے کہے تھے؟

ج: حضرت ربیع بنت معوذ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے۔

Marfat.com

س: ہجرت کے بعد اہل مدینہ کا سب سے بڑا یوم مسرت بتایئے جس میں حضرت ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بھی لڑکیوں کے ساتھ مل کر خوشی کے ترانے گائے تھے؟

ج: رحمت عالم ﷺ کی مدینہ آمد کا دن۔

س: بتایئے حضرت ربیع بنتِ معوذ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کس شخص سے ہوا؟

ج: حضرت ایاس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن بکیر لیثی سے۔

س: "ہم رسول اللہ ﷺ! کے ساتھ غزوہ کرتی تھیں۔ قوم کو پانی پلاتی تھیں۔ ان کی خدمت کرتی تھیں اور مقتولین اور زخمیوں کو مدینہ کی طرف واپس لاتی تھیں"
یہ الفاظ کس خاتون نے کہے تھے؟

ج: حضرت ربیع بنتِ معوذ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: بتایئے ایک بار حضورِ اکرم ﷺ نے از راہِ قدر دانی حضرت ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کچھ سونا کیوں عطا فرمایا تھا؟

ج: از راہِ عقیدت کچھ انگور اور چھوہارے خدمتِ اقدس میں پیش کرنے پر۔

س: بتایئے ہجری ٦ھ میں حضرت ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کس عظیم الشان واقعہ میں شرکت کی۔ جس کے بارے میں بارگاہِ الٰہی میں سے ارشاد ہے:
"اے پیغمبر ﷺ اللہ راضی تھا مؤمنین سے جب کہ وہ درخت کے نیچے آپ کے ہاتھ پر بیعت کر رہے تھے"؟

ج: بیعت رضوان۔ صلح حدیبیہ۔

س: بتایئے حضرت ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: اکیس ۲۱ احادیث۔

س: حضرت ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سال وفات بتایئے؟

ج: سال وفات کے بارے میں کوئی تصریح نہیں۔ حافظ ابن حجرؒ نے "اصابہ" میں لکھا ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت تک زندہ تھیں۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت سفانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ حاتم

س: حضرت سفانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ حاتم کس قبیلہ سے تعلق رکھتی تھیں؟

ج: قبیلہ طے (یمن میں آباد تھے)

س: بتایئے 9ھ میں جب اسلامی لشکر نے بنو طے کے چند آدمیوں اور حضرت سفانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ حاتم کو اسیر کرلیا تو حضرت سفانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں کیا عرض کی؟

ج: "اے صاحب قریش میں بے یار و مددگار ہوں مجھ پر رحم کیجئے۔ باپ کا سایہ میرے سر سے اٹھ چکا ہے اور بھائی مجھے تنہا چھوڑ گیا ہے۔ میرے والد بنو طے کے سردار تھے۔ وہ بھوکوں کو کھانا کھلاتے، یتیموں کی سرپرستی کرتے، حاجت مندوں کی حاجتیں پوری کرتے تھے، مظلوموں کی مدد کرتے اور ظالموں کو کیفر کردار تک پہنچاتے تھے۔ اس حاتم طائی کی بیٹی ہوں جس نے کبھی کسی سائل کو خالی ہاتھ نہ جانے دیا تھا اگر آپ مناسب سمجھیں تو مجھے آزاد کردیں۔"

س: بتایئے جب حضرت سفانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ان کے بھائی عدی نے پوچھا کہ تم ہوشیار ہو اور عاقلہ ہو صاحب قریش سے ملکر تم نے کیا رائے قائم کی: تو اس کا انہوں نے کیا جواب دیا؟

ج: "جس قدر جلد ہو سکے تم ان سے ملو اگر وہ نبی ہیں تو ان سے ملنے میں سبقت کرنا

Marfat.com

شرف سعادت ہے اور اگر بادشاہ ہیں تو بھی یمن کا کوئی فرمانروا ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا اور ایک بادشاہ سے ملنے میں سبقت بھی تمہاری قدر و منزلت کا وسیلہ ہو گی۔

س: بتایئے حضرت سفانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے بھائی عدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن حاتم نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: حضرت سفانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مشورہ سے حضرت عدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی بہن کے ساتھ بارگاہِ رسالت ﷺ میں پہنچ گئے اور دونوں نے اسلام قبول کیا۔

س: حضرت سفانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت حاتم کی کس درخواست سے متاثر ہو کر سرورِ عالم ﷺ نے سارے اسیران طے کو رہا کر دیا تھا؟

ج: "اے محمد ﷺ میں جس باپ کی بیٹی ہوں اس کو کبھی یہ گوارا نہ تھا کہ قوم مصیبت میں مبتلا ہو اور وہ سکھ کی نیند سوئے جہاں آپ نے مجھ پر رحم فرمایا وہاں میرے ساتھیوں پر بھی رحم فرمایئے اللہ آپ کو جزا دے گا۔"

س: حضرت سفانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت حاتم کے سال وفات کے بارے میں بتایئے؟

ج: سال وفات کے بارے میں تاریخ خاموش ہے۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت اُم حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ملحان

س: حضرت اُم حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ملحان کا اصل نام بتائیے؟

ج: ارباب سیر نے ان کے اصل نام کی تصریح نہیں کی۔

س: حضرت اُم حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ملحان کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

ج: خزرج کے خاندان بنو نجار سے۔

س: بتائیے حضرت اُم حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: اوائل اسلام میں مشرف بہ اسلام ہوئیں۔

س: حضرت اُم حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا نکاح کس شخص سے ہوا تھا؟

ج: عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن قیس۔

س: بتائیے عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن قیس سے حضرت اُم حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کون کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: دو فرزند قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت اُم حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن قیس اور بیٹے قیس بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کن غزوات میں حصہ لیا اور کس غزوہ میں شہادت پائی؟

Marfat.com

ج: غزوہ بدر اور غزوہ احد میں حصہ لیا۔ غزوہ احد ۳ھ میں شہادت پائی۔

س: بتایئے حضرت اُم حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حضرت اُم سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کیا رشتہ تھا؟

ج: (بہن کا رشتہ)

س: بتایئے حضرت اُم حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا دوسرا نکاح کس شخص سے ہوا؟

ج: عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن صامت۔

س: بتایئے حضرت عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن صامت سے حضرت ام حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کون کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: ایک فرزند محمدؒ۔

س: حضرت اُم حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: چند احادیث۔

س: بتایئے ۶ھ میں حضرت اُم حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کونسے صدمے سے دوچار ہونا پڑا تھا؟

ج: اپنے بھائی حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ملحان کی واقعہ بیرٔ معونہ میں شہادت کے صدمہ سے۔

س: بتایئے حضرت اُم حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا گھر کس جگہ واقع تھا؟

ج: قباء میں۔

س: ''میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میری امت کے کچھ لوگ سمندر میں جہاد فی سبیل اللہ کے لیے آمادۂ سفر ہیں'' بتایئے جب رسول اللہ ﷺ نے یہ خواب حضرت ام حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو سنایا تو انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے کیا عرض کی؟

ج: ''یارسول اللہ ﷺ! میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان دعا فرمائیں کہ مجھے بھی ان لوگوں میں شامل ہونے کی سعادت نصیب ہو۔''

س: ''تم بھی ایسی جماعت کے ساتھ ہو'' بتایئے حضور اکرم ﷺ نے مجاہدین فی سبیل اللہ میں شامل ہونے کی یہ بشارت کن انصاریہ خاتون کو دی تھی؟

ج: حضرت اُم حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت ملحان انصاریہ۔

Marfat.com

س: بتایئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اُمِ حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو جہاد فی سبیل اللہ کی جو بشارت دی تھی اس کی تعبیر کب پوری ہوئی؟

ج: ۲۸ھ میں حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں۔

س: اس غزوہ کا نام بتایئے جس میں اسلامی لشکر نے جزیرہ قبرص (CYPRUS) کو فتح کیا تھا؟

ج: غزوۂ بحر۔

س: بتایئے حضرت اُمِ حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کہاں ہوا؟

ج: (فتح قبرص) سے واپسی پر سواری پر بیٹھنے لگیں جانور نے زمین پر گرا دیا۔ حضرت حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا سخت زخمی ہوئیں اور اسی صدمہ سے قبرص میں وفات پائی۔

س: حضرت اُمِ حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ملحان کی قبر کہاں واقع ہے؟

ج: سر زمین قبرص (CYPRUS) میں۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت اُم شریک دوسیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: بتایئے حضرت اُم شریک دوسیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

ج: قبیلہ دوس (یہ قبیلہ یمن کے ایک گوشہ میں آباد تھا)۔

س: بتایئے حضرت اُم شریک دوسیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا "اسابقون الاولون" میں شامل ہیں۔

س: بتایئے جب حضرت اُم شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے اعزہ و اقارب نے اسلام قبول کرنے پر آپ پر ظلم و ستم کیا اور دین چھوڑنے کو کہا تو ان کا جواب کیا تھا؟

ج: "خدا کی قسم! میں تو اسی عقیدہ پر قائم ہوں"۔

س: حضرت اُم شریک دوسیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ہجرت کی سعادت نصیب ہوئی تو انہوں نے کہاں رہائش اختیار کی؟

ج: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ہجرت کی سعادت نصیب ہونے کے بعد مدینہ منورہ مین رہائش اختیار کی۔

س: "اگر تم کپی کو نہ الٹتیں تو اس میں گھی عرصہ تک باقی رہتا"
بتایئے محمد ﷺ نے یہ الفاظ کب اور کس خاتون سے فرمائے؟

ج: حضرت اُم شریک سے جو کپی سے گھی نکال کر رسول اللہ ﷺ کو ہدیہ بھیجتی تھیں ایک بار اس کو الٹا کر دیکھنے پر گھی ختم ہو گیا تھا۔

س: حضرت اُم شریک دوسیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

ج: حضرت اُم شریک کے سالِ وفات کا تاریخ میں ذکر نہیں ملتا۔

Marfat.com

# حضرت سلافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ سعید

س: بتایئے حضرت سلافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہاں کی رہنے والی تھیں؟

ج: مدینہ۔

س: بتایئے حضرت سلافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس قبیلہ سے تعلق رکھتی تھیں؟

ج: قبیلہ اوس کے خاندان بنی عمرو بن عوف سے۔

س: بتایئے حضرت سلافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کس شخص سے ہوا تھا؟

ج: رئیس طلحہ بن ابی طلحہ۔

س: حضرت سلافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد کا نام بتایئے؟

ج: عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن طلحہ (کلید بردار کعبہ)

س: حضرت سلافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قبول اسلام کے بارے میں بتایئے؟

ج: حضور اکرم ﷺ نے کعبہ کی کنجی طلب کی اس وقت حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کلید برداری پر فائز تھے۔ انہوں نے جاکر ماں سے کنجی طلب کی۔ انہوں نے دینے سے انکار کر دیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ زبردستی کنجی لے آئے اور حضور اکرم ﷺ نے اپنے دستِ مبارک سے دروازہ کھول کر کنجی واپس کر دی اور فرمایا کہ "جو شخص اس کو تم سے چھینے گا وہ ظالم ہوگا"

اس موقع پر حضرت سلافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فوراً اسلام قبول کر لیا اور

Marfat.com

شرف صحابیت سے بہرہ ور ہوئیں۔

دوسری روایت کے مطابق حضرت سلافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کنجی دینے سے انکار کر دیا تھا اس لیے حضور اکرم ﷺ کو خیال آیا کنجی واپس نہ کی جائے مبادا یہ واپس ضد کریں اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

ترجمہ! "بے شک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ تم امانتیں ان کے مالکوں کو واپس کردو۔"

چنانچہ حضور اکرم ﷺ نے کنجی واپس کر دی جس کا اثر یہ ہوا کہ حضرت سلافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اسلام قبول کر لیا۔

س: حضرت سلافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت سعید کا انتقال کب ہوا؟

ج: حضرت سلافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مزید حالات تاریخ میں نہیں ملتے۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت عزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ
# ابوسفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س: بتایئے حضرت عزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس خاندان سے تعلق رکھتی تھیں؟

ج: قریش کے خاندان بنوامیہ سے۔

س: بتایئے حضرت عزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (ام المومنین) اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: ہمشیرہ کا۔

س: جب ایک مرتبہ اُم المومنین حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کی تھی کہ "یارسول اللہ ﷺ میری خواہش ہے کہ آپ میری بہن عزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بھی شرف زوجیت سے سرفراز کریں"
تو سرورِ عالم ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟

ج: "عزہ میری سالی ہے اور بیوی کی زندگی میں اس کی بہن سے نکاح جائز نہیں"۔

س: حضرت عزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر کا نام بتایئے؟

ج: حضرت عزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مزید حالاتِ زندگی تاریخ میں نہیں ملتے۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت سہلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ سہیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س: بتایئے حضرت سہلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس خاندان سے تعلق رکھتی تھیں؟

ج: قریش کے خاندان عامر بن لوی۔

س: حضرت سہلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد سہیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کس لقب سے مشہور تھے؟

ج: خطیب قریش (فصیح و بلیغ تقریروں کی وجہ سے)

س: حضرت سہلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بہن بھائیوں کے نام بتایئے؟

ج: ایک بہن کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور دو بھائی عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ابو جندل عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت سہلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قبول اسلام کے بارے میں بتایئے؟

ج: بعثت کے ابتدائی زمانے میں اسلام قبول کر کے سابقون الاولون میں شامل ہوئیں۔

س: حضرت سہلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر کا نام بتایئے؟

ج: ابو حذیفہ ہشیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: بتایئے ۵ھ بعد بعثت میں حضرت سہلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے شوہر نے

حضور اکرم ﷺ کے ایما پر کہاں ہجرت کی تھی؟

ج: حبش۔

س: ۶ ھ میں حضور اکرم ﷺ نے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مدینہ ہجرت کا حکم دیا تو بتایئے حضرت سہلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (جو ہجرت مدینہ سے کچھ پہلے حبش سے مکہ آ گئی تھیں) کے ساتھ ان کے خاندان کے کونسے افراد شامل تھے؟

ج: حضرت سہلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر ابو حذیفہ ہشیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کے فرزند محمد بن ابو حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت سالم مولیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (رضاعی فرزند)

س: حضرت سہلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت ابو حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے منہ بولے بیٹے ابو سالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام سالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابو حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مشہور تھا' بتایئے کس آیت کے نزول کے بعد سالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ مولیٰ ابو حذیفہ کہلانے لگے؟

ج: ادعو ھم لآبآئھم "ترجمہ" (لوگوں کو اپنے اصلی باپوں کی نسبت سے پکارو)

س: بتایئے حضرت سہلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر ابو حذیفہ ہشیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کس کے عہد خلافت میں اور کس جنگ میں شہادت پائی؟

ج: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں جنگ یمامہ میں۔

س: حضرت سہلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے دوسرے شوہر کا نام بتایئے؟

ج: عبدالرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عوف۔

س: حضرت سہلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے سالِ وفات کے بارے میں بتایئے؟

ج: سالِ وفات کا ذکر تاریخ میں نہیں ملتا۔

☆☆☆

# حضرت معاذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عبداللہ

س: حضرت معاذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عبداللہ کہاں کی رہنے والی تھیں؟

ج: مدینہ منورہ کی۔

س: حضرت معاذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سلسلہ نسب بتایئے؟

ج: معاذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عبداللہ بن جریر الضریر بن امیہ بن حدارہ بن حارث بن خزرج۔

س: بتایئے حضرت معاذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس شخص کی کنیز تھیں؟

ج: رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی بن سلول کی۔

س: حضرت معاذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عبداللہ کے قبول اسلام کے بارے میں بتایئے؟

ج: حضور اکرم ﷺ مدینہ تشریف لائے تو حضرت معاذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اسلام قبول کیا اور حضور اکرم ﷺ کی بیعت کی سعادت حاصل کی۔

س: بتایئے قرآن کی کس آیت کے نازل ہونے کے بعد حضرت معاذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو عبداللہ بن ابی کے ظلم و ستم سے رہائی نصیب ہوئی؟

ج: ”ولا تکرھم الفتیاتکم علی البغاء ان الدن تحصنا لتنبغو دا عرض الخیواۃ الدینا (سورہ نور آیت ۳۲)

Marfat.com

اور اپنی لونڈیوں کو جو پاک دامن رہنا چاہتی ہیں دنیا کے عارضی فائدے کے لیے حرام کاری پر مجبور نہ کرو۔

س: حضرت معاذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پہلے شوہر کا نام بتایئے؟

ج: سہل رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن قرظہ۔

س: حضرت معاذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے دوسرے شوہر کا نام بتایئے؟

ج: حمیر بن عدی۔

س: سہل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضرت معاذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کون کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: ایک بیٹا عبداللہ اور بیٹی اُم سعید۔

س: حمیر بن عدی سے حضرت معاذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کون کونسی اولاد پیدا ہوئی تھی؟

ج: دو بیٹے حارث، عدی ایک بیٹی اُم سعید۔

س: بتایئے حضرت معاذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے تیسرا نکاح کیوں اور کس سے کیا؟

ج: حمیر بن عدی نے طلاق دے دی۔ اس کے بعد عامر بن عدی سے نکاح کیا۔

س: عامر بن عدی سے حضرت معاذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بن عبداللہ کی کون کونسی اولاد تھی؟

ج: ایک بیٹی اُم حبیب۔

س: حضرت معاذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات کب ہوئی؟

ج: حضرت معاذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے سالِ وفات کے بارے میں یا مزید حالاتِ زندگی کے بارے میں تاریخ میں ذکر نہیں ملتا۔

☆☆☆

# حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جس شخص کی لونڈی تھیں اس نے کتنی رقم کے ادا کرنے پر آپ کو آزاد کرنے کا کہا تھا؟

ج: نو (یا پانچ) اوقیہ سونا سالانہ قسطوں میں ادا کرنے پر۔

س: حضرت اُم المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں کس خاتون نے حاضر ہو کر عرض کی کہ "میری مدد کیجئے اور اپنی کنیز بنا لیجئے"؟

ج: حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے۔

س: حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس خاتون کی آزاد کردہ کنیز تھیں؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی۔

س: حضور اکرم ﷺ نے ایک خطبہ دیا "اس میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا کہ بعض لوگ ایسی شرطیں کرنا چاہتے ہیں جو اللہ کی کتاب میں نہیں ہیں۔ یاد رکھو جو شرط اللہ کی کتاب میں نہیں ہے وہ باطل ہے اللہ کا فیصلہ سچا ہے اور اس کی شرط نہایت پختہ ہے اور حقیقت یہ ہے کہ ولاء (غلام کی ورثہ) غلام آزاد کرنے والے ہی کی ہوتی ہے۔
یہ خطبہ آپ ﷺ نے کیوں دیا تھا؟

ج: حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا آقا ان کو فروخت کرنے پر آمادہ ہو گیا لیکن اپنا حق وراثت برقرار رکھنے پر مصر تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ وراثت کا حق اسی شخص کو پہنچتا ہے۔

Marfat.com

س: حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کس شخص سے ہوا تھا؟

ج: حضرت مغیث رضی اللہ تعالیٰ عنہ (حبشی غلام اور حضور اکرم ﷺ کے صحابی)

س: بتایئے جب حضرت محمد ﷺ نے حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو حضرت مغیث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے قطع تعلق سے روکنا چاہا تو حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کیا کہا تھا؟

ج: "یا رسول ﷺ اللہ یہ آپ کا حکم ہے یا مشورہ۔" (اگر حکم ہے تو سر آنکھوں پر اور اگر مشورہ ہے تو مجھے قبول نہیں۔)

س: "نہیں میں سفارش کرتا ہوں جب یہ الفاظ سرورِ عالم ﷺ نے حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہے کہ (وہ مغیث رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ رہیں) تو انکار پر سرورِ عالم ﷺ نے کیا حکم دیا تھا؟

ج: علیحدگی کا حکم صادر کر دیا اور فرمایا کہ ایک مطلقہ عورت کی طرح عدت پوری کریں۔

س: "چچا جان، مغیث رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی محبت اور بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نفرت آپ کو عجیب نہیں معلوم ہوتی" بتایئے یہ الفاظ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کس شخصیت نے کہے تھے؟

ج: حضور اکرم ﷺ نے۔

س: "یہ بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لیے صدقہ ہے لیکن ہمارے لیے ہدیہ ہے" بتایئے حضور اکرم ﷺ نے یہ الفاظ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کیوں فرمائے تھے؟

ج: حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو گوشت صدقے میں ملا تھا اور انہوں نے یہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ہدیۃً دیا تھا۔

س: "اور تو کوئی برائی نہیں البتہ بچپن ہے سو جاتی ہے اور بکری آٹا کھا جاتی ہے" حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یہ الفاظ کس اُم المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی پاک دامنی بیان کرتے ہوئے کہے تھے؟

ج: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی (جن پر تہمت طرازی کی گئی تھی)۔

س: واقعہ افک کے موقع پر حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اس بہتان کے بارے میں سوال کیا گیا کہ انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کیسا پایا اس کا جواب انہوں نے کیا دیا تھا؟

Marfat.com

ج: "سبحان اللہ خدا کی قسم جس طرح سنار کھرے سونے کو جانتا ہے اسی طرح میں ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو جانتی ہوں وہ بالکل بے عیب ہیں"

س: حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قبول اسلام کے بارے میں بتایئے؟

ج: حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شرف اسلام اور شرف صحابیت پر تمام اہل سیر متفق ہیں۔

س: حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کتنی احادیث اور اقوال روایات میں نقل کیے گئے ہیں؟

ج: چند احادیث مروی ہیں اور متعدد اقوال۔

س: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی تھیں کہ حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اسلام کے تین احکام معلوم ہوئے بتایئے یہ کیا احکام تھے؟

ج: (۱) ولایت (وراثت کا حق آزاد کنندہ کو ملے گا۔)

(۲) غلامی کی حالت میں اگر ایک غلام اور ایک لونڈی کا بیاہ ہوا ہو اور بیوی آزاد ہو جائے اور شوہر غلامی کی حالت میں رہے تو بیوی کو حق حاصل ہے کہ اپنے اس سابق شوہر کو قبول کرے یا نہ کرے۔

(۳) اگر کسی مستحق کو صدقہ کا کوئی مال ملے اور وہ اپنی طرف سے غیر مستحق کو ہدیۃً پیش کرے تو اس غیر مستحق کو اس کا لینا جائز ہو گا یعنی اس کی حیثیت بدل جائے گی۔

س: "عبدالملک بن مروان غور سے سنو، میں تم میں کچھ ایسے آثار دیکھ رہی ہوں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی دن تمہیں حکومت عطا کرے گا۔ اگر تم حکمران بن گئے تو قتل و غارت اور خونریزی سے ہمیشہ بچنا۔ میں یہ اس لیے کہہ رہی ہوں کہ میں نے اپنے کانوں سے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جس شخص نے کسی مسلمان کو ناحق قتل کیا ہو گا تو اس کو دھکے دے کر جنت کے دروازے سے پیچھے ہٹا دیا جائے گا۔"

بتایئے یہ الفاظ کس خاتون صحابیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہے؟

ج: حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے۔

س: حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے سال وفات کے بارے میں بتایئے؟

ج: سال وفات کے بارے میں کسی سیرت نگار نے نہیں لکھا۔ البتہ مختلف روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ سرور عالم ﷺ کے وصال ۱۱ھ کے بعد بہت عرصہ تک زندہ رہیں۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ثعلبہ

س: حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ثعلبہ کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

ج: انصار کے قبیلہ بنی عوف بن خزرج۔

س: حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سلسلہ نسب بتایئے؟

ج: حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ثعلبہ بن اصرام بن فہر بن قیس بن ثعلبہ بن غنم بن سالم بن عوف۔

س: حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ثعلبہ کے شوہر کا نام بتایئے؟

ج: حضرت اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن صامت (ابن عم)

س: حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ثعلبہ کے قبول اسلام کے بارے میں بتایئے؟

ج: حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے شوہر اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ مشرف بہ اسلام ہوئیں اور حضور اکرم ﷺ کی بیعت کی سعادت حاصل کی۔

س: حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حضرت اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے غصے میں اپنی اہلیہ سے کہہ دیا "تو میرے اوپر ایسی جیسے میری ماں کی پیٹھ" اس فعل کا نام بتایئے؟

ج: "ظہار"۔

س: "مجھے یہ واقعہ (ظہار) رسول اللہ ﷺ کے سامنے بیان کرنے سے شرم آتی ہے۔ خدا کے لیے تم ہی ہادی بر حق سے اس کے متعلق فتویٰ لو۔"

بتایئے یہ الفاظ حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ثعلبہ سے کس نے کہے تھے؟

ج: ان کے شوہر حضرت اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن صامت نے واقعہ ظہار کے بعد۔

Marfat.com

س: "یارسول اللہ ﷺ! میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان۔ کیا میری اور میرے بچوں کی زندگی کو تباہی سے بچانے کی کوئی صورت ہو سکتی ہے"۔ جب یہ الفاظ حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت ثعلبہ نے رسول اللہ ﷺ کو واقعہ ظہار سنا کر عرض کیے تو بتایئے رسول کریم ﷺ نے کیا جواب فرمایا؟

ج: "اس مسئلے میں ابھی تک اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی حکم نہیں دیا گیا۔"

س: "اے مولائے کریم میں تجھ سے اپنی سخت ترین مصیبت کی فریاد کرتی ہوں اے اللہ جو بات ہمارے لیے رحمت کا باعث ہو اسے اپنے نبی ﷺ کی زبان سے ظاہر فرما۔" واقعہ ظہار کے بعد حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت ثعلبہ کی اس دعا کے بعد اللہ پاک نے کیا فیصلہ نازل فرمایا؟

ج: حضور اکرم ﷺ پر وحی کا نزول ہوا حضور اکرم ﷺ نے فرمایا "خولہ اللہ تعالیٰ نے تمہارا فیصلہ کر دیا۔"

س: سورہ مجادلہ کی کونسی آیت حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت ثعلبہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے واقعہ ظہار کے بعد نازل فرمائی تھی؟ اور سرورِ عالم ﷺ نے پوری سورۃ پڑھی تھی؟

ج: پہلی آیت (اللہ نے سن لی اس عورت کی بات جو اپنے شوہر کے معاملے میں تم سے تکرار کر رہی ہے اور اللہ سے فریاد کیے جاتی ہے۔ اللہ تم دونوں کی گفتگو سن رہا ہے۔ بیشک اللہ سمیع اور بصیر ہے۔)

س: حضور اکرم ﷺ نے حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو واقعہ ظہار کا سورۃ مجادلہ کے احکام کے مطابق کیا کفارہ ادا کرنے کا فرمایا تھا؟ اور بتایئے حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کیا جواب دیا؟

ج: آپ ﷺ نے فرمایا کہ اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہو ایک لونڈی یا غلام آزاد کر دیں۔ حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کی! یارسول اللہ ﷺ میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان میرے خاوند کے پاس لونڈی ہے نہ غلام۔"
آپ ﷺ نے فرمایا! "مسلسل ساٹھ روزے رکھیں۔" "حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بولیں یارسول اللہ ﷺ خدا کی قسم میرا شوہر بہت کمزور ہے جب تک وہ دن میں تین بار کھا پی نہ لے اس کی بینائی جواب دینے لگتی ہے وہ مسلسل ساٹھ روزے نہیں رکھ سکتا۔"
حضور ﷺ نے فرمایا "اچھا تو ان سے کہو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا دیں۔"

Marfat.com

خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بولیں "یا رسول اللہ ﷺ! میرا شوہر اس کی بھی استطاعت نہیں رکھتا۔ الا یہ کہ آپ مدد نہ فرمائیں۔

س: حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت ثعلبہ جب واقعہ ظہار کے فیصلہ کے بعد حضور اکرم ﷺ سے رخصت ہو کر گھر آئیں تو انہوں نے حضرت اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کیا کہا تھا؟

ج: "تم بہت خوش قسمت ہو، جاؤ اور اُم المنذر بنت قیس سے ایک بار شتر کھجوریں لے کر ساٹھ مسکینوں پر صدقہ کر دو تاکہ تمہاری قسم کا کفارہ ادا ہو جائے۔"

س: "اوہو، عمر ایک زمانہ تھا کہ میں نے تمہیں بازار عکاظ میں دیکھا تھا اس وقت لوگ تمہیں عمیر، عمیر کہہ کر پکارتے تھے اور تم لاٹھی ہاتھ میں لے کر بکریاں چراتے تھے۔ تھوڑے ہی زمانے کے بعد لوگ تمہیں عمر کہنے لگے اور پھر وہ وقت آیا کہ تمہارا لقب امیر المومنین ہو گیا۔ پس مخلوق خدا کے معاملے میں اللہ سے ڈرتے رہو اور یقین جانو کہ جو شخص عذاب الٰہی سے ڈرتا ہے اس کے لیے بعید بھی قریب ہے اور جو موت سے ڈرتا ہے اس کو ہر وقت مرنے کا دھڑکا لگا رہے گا اور وہ ہر اس چیز کو کھو دے گا جس کو وہ بچانا چاہے۔"

بتائیے یہ الفاظ کس خاتون نے امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہے تھے؟

ج: حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ثعلبہ۔

س: "بڑی بی تم نے تو امیر المومنین کو بہت کچھ کہہ ڈالا" حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھی نے یہ بات کہی تو امیر المومنین نے کیا جواب دیا تھا؟

ج: "یہ جو کہتی ہیں انہیں کہنے دو۔ تمہیں معلوم نہیں یہ کون ہیں؟ یہ خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ثعلبہ ہیں۔ ان کی بات تو سات آسمانوں کے اوپر سنی گئی تھی اور انہی کے بارے میں تو یہ آیت قد سمع اللہ نازل ہوئی تھی۔ مجھ اللہ کے ناچیز بندے کو تو ان کی بات بدرجہ اولیٰ سننی چاہیے۔

س: بتائیے حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ثعلبہ کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج: حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ثعلبہ کے سال وفات اور زندگی کے دوسرے حالات کا ذکر نہیں ملتا۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت حمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ جحش

س: حضرت حمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سلسلہ نسب بتایئے؟

ج: حمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ جحش بن رباب بن نعیر بن صبرۃ بن مرہ بن کثیر بن غنم بن دودان بن اسد بن خزیمہ۔

س: حضرت حمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تعلق کس خاندانِ قریش سے تھا؟

ج: اسد بن خزیمہ۔

س: حضرت حمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ جحش کی والدہ کا نام بتایئے؟

ج: امیمہ بنتِ عبدالمطلب۔

س: حضرت حمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ جحش حضور اکرم ﷺ کی رشتہ میں کیا لگتی تھیں؟

ج: پھوپھی زاد بہن۔

س: اُم المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ جحش اور سیّدنا عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن جحش (شہید احد) یہ عظیم شخصیتیں کس خاتون کے بہن، بھائی تھے؟

ج: حضرت حمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ جحش کے۔

س: حضرت حمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قبول اسلام کے بارے میں بتایئے؟

ج: بعثت نبوی ﷺ کی ابتدا میں مشرف بہ اسلام ہوئیں۔ اور حضور ﷺ کی بیعت کا شرف حاصل کیا۔

س: حضرت حمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ جحش کا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: حضرت مصعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عمیر۔ (جلیل القدر صحابی تھے)

Marfat.com

س: حضرت حمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ جحش کا دوسرا نکاح کس شخص سے ہوا تھا؟

ج: سیّدنا حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عبید اللہ (صاحب احد (یکے از اصحاب عشرہ مبشرہ)

س: بتایئے حضرت مصعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضرت حمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کون کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: ایک بیٹی زینب۔

س: بتایئے حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عبید اللہ سے حضرت حمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کون کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: دو بیٹے محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ (سجاد) عمران رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: بتایئے حضرت حمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کن کے ساتھ ہجرت الی مدینہ کا شرف حاصل کیا تھا؟

ج: اپنے شوہر حضرت مصعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عمیر۔

س: ۳ھ ہجری میں حضرت حمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ جحش نے کس غزوہ میں حصہ لیا اور اس غزوہ میں ان کے خاندان کے کن افراد نے شہادت پائی؟

ج: غزوہ احد۔ ان کے شوہر حضرت مصعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عمیر اور بھائی حضرت عبداللہ بن جحش نے شہادت پائی۔

س: واقعہ افک میں (حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر لگائی گئی تہمت) حضرت حمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کن افراد کے ساتھ منافقین کے فریب میں آگئیں اور بریت کے بعد انہوں نے کیا کیا؟

ج: حضرت حسان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ثابت اور حضرت مسطح رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ تہمت کی تصدیق کی۔ بارگاہِ خداوندی سے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بریت کے بعد توبہ کی۔

س: حضرت حمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ جحش سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: چند احادیث۔

س: حضرت حمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ جحش کا انتقال کب ہوا؟

ج: ۲۰ھ ہجری کے بعد کسی سال۔

س: حضرت حمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ جحش کا حضرت حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کیا رشتہ تھا؟

ج: سگی بہن کا۔

# حضرت ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خویلد

س: حضرت ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سلسلہ نسب بتایئے؟

ج: ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ بن قصی۔

س: حضرت ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ خویلد کا اُم المؤمنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کیا تعلق ہے؟

ج: حقیقی بہن کا۔

س: حضرت ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قبول اسلام کے بارے میں بتایئے؟

ج: جمہور اہل سیر کا بیان ہے شرف اسلام سے بہرہ ور ہوئیں۔

س: حضرت ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر کا نام بتایئے؟

ج: ربیع بن عبدالعزیٰ۔

س: حضرت ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ربیع بن عبدالعزیٰ سے کون کونسی اولاد پیدا ہوئی تھی؟

ج: ایک بیٹا ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: ایک بار حضرت ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے مکہ سے مدینہ آکر حضور اکرم ﷺ کے گھر کے اندر آنے کا اذن چاہا تو حضور اکرم ﷺ نے آواز سن کر کیا فرمایا؟

Marfat.com

ج: ''خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بہن ہالہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) ہوں گی۔''

س: حضرت ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حضور اکرم ﷺ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: سمدھن کا (آپ ﷺ کی بیٹی زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شادی ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہوئی تھی)

س: حضرت ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کس سال ہوا تھا؟

ج: سال وفات اور مزید حالات معلوم نہیں ہوتے (حضرت خدیجہ کے انتقال کے بعد تک زندہ رہیں)

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت اُم علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نام کے صحابی کے منہ سے تلقین کے باوجود کلمہ جاری نہ ہوتا تھا تو حضور اکرم ﷺ کو اطلاع بھجوانے پر آپ ﷺ نے کیا دریافت فرمایا تھا؟

ج: ''کیا علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ماں باپ زندہ ہیں۔''

س: بتائیے حضور اکرم ﷺ نے جب اُم علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ان کے بیٹے کے بارے میں دریافت فرمایا تو اُم علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کیا عرض کی؟

ج: ''یارسول اللہ ﷺ علقمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نہایت نیک آدمی ہے لیکن وہ اپنی بیوی کے مقابلے میں ہمیشہ میری نافرمانی کرتا ہے۔''

س: ''یارسول اللہ ﷺ میں اس کی طرف سے بہت دکھی ہوں' اس لیے اس کو معاف کرنے کو دل نہیں چاہتا۔''

بتائیے اُم علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی یہ بات سن کر حضور اکرم ﷺ نے کیا حکم دیا؟

ج: حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دیا کہ لکڑیاں جمع کرو اور آگ لگا کر علقمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کو جلادو۔

س: حضرت اُم علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور اکرم ﷺ سے جب یہ پوچھا کہ ''کیا میرے بچے کو آگ میں جلادیا جائے گا'' آپ ﷺ نے کیا جواب فرمایا؟

Marfat.com

ج: "ہاں اللہ کے عذاب کے مقابلے میں یہ عذاب ہلکا ہے خدا کی قسم جب تک تو اس سے ناراض ہے نہ اس کی نماز قبول ہے اور نہ کوئی صدقہ۔"

س: حضرت اُم علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور اکرم ﷺ سے یہ ارشاد سنکر کہ اللہ تعالیٰ بھی علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس وقت تک راضی نہ ہوں گے جب تک کہ یہ ناراض ہیں۔ کیا عرض کی جس پر علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کلمۂ شہادت پڑھ کر جان دے دی تھی؟

ج: اُم علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا "یا رسول ﷺ میں آپ کو اور حاضرین کو گواہ کرتی ہوں کہ میں نے علقمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کو معاف کر دیا۔"

س: بتایئے حضرت اُم علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بیٹے حضرت علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دفنانے کے بعد حضور اکرم ﷺ نے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مخاطب ہو کر کیا فرمایا تھا؟

ج: "جس شخص نے اپنی ماں کی نافرمانی کی یا اس کو تکلیف پہنچائی تو اس پر اللہ کی لعنت، فرشتوں کی لعنت اور سب لوگوں کی لعنت ہوتی ہے۔ اللہ نہ اس کے فرض قبول کرتا ہے نہ نفل یہاں تک کہ وہ توبہ کرے اور اپنی ماں سے نیکی کرے اور جس طرح ممکن ہو اسے راضی کرے۔ اللہ تعالیٰ کی رضا ماں کی رضا پر موقوف ہے اور اللہ کی ناراضی ماں کی ناراضی میں مضمر ہے۔"

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمرو

س: حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمرو کا تعلق خزرج کی کس شاخ سے تھا؟

ج: بنو سلمہ۔

س: حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قبول اسلام کے بارے میں بتایئے؟

ج: حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے بیٹے حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہجرت نبوی سے پہلے اسلام قبول کیا۔

س: حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمرو کے شوہر کا نام بتایئے؟

ج: حضرت عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن جموع (جلیل القدر صحابی)۔

س: حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حضرت عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن جموع کو کس بیعت میں شریک ہونے کا شرف حاصل ہوا؟

ج: بیعت عقبہ کبیرہ (۱۳ بعد بعثت)۔

س: بتایئے حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ عمرو نے ۳ھ میں کس غزوہ میں حصہ لیا اور اس میں ان کے خاندان کے کن افراد نے شہادت پائی؟

ج: غزوۂ احد۔ شوہر، بھائی اور بیٹے نے شہادت پائی۔

س: ''آپ سلامت ہیں تو سب مصیبتیں ہیچ ہیں'' کن خاتون صحابیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یہ الفاظ سرورِ عالم ﷺ کے لیے کہے حالانکہ ان کے بھائی، شوہر

Marfat.com

اور بیٹا شہید ہو گئے تھے؟

ج: حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت عمرو نے۔

س: "ہاں یا رسول اللہ میرے شوہر (عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن جموع) نے گھر سے چلتے وقت یہ دعا کی تھی کہ الٰہی مجھ کو شہادت نصیب فرما اور مجھ کو ناامید اپنے اہل و عیال میں واپس نہ لانا" بتایئے یہ الفاظ حضور اکرم ﷺ سے حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کیوں عرض کیے؟

ج: حضور اکرم ﷺ کے دریافت فرمانے پر کہ ان شہیدوں بھائی، شوہر یا بیٹے میں سے کسی نے غزوہ احد میں شریک ہوتے وقت کوئی بات کہی تھی۔ (حضور ﷺ نے فرمایا جس اونٹ پر ان شہیدوں کی لاشیں لائی جا رہی تھیں تو وہ مدینہ کی طرف قدم نہ اٹھاتا تھا اس لیے انہیں میدان احد میں دفنایا گیا۔)

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی معاویہ

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا لقب یا عرف بتایئے؟

ج: رائطہ۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی معاویہ کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

ج: قبیلہ بنو ثقیف۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نسب نامہ بتایئے؟

ج: زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی معاویہ عبداللہ بن معاویہ بن عتاب بن اسعد بن غاضرہ بن حطیط بن جشم بن ثقیف۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی معاویہ کے شوہر کا نام بتایئے؟

ج: حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: "یارسول اللہ ﷺ میرے ماں باپ آپ پر قربان میں ایک دستکار عورت ہوں جو کچھ کماتی ہوں، شوہر اور اولاد پر خرچ کر دیتی ہوں کیونکہ میرے خاوند کا کوئی ذریعہ معاش نہیں ہے۔ اس طرح مساکین کو صدقہ نہیں دے سکتی۔ ایسی صورت میں مجھے کچھ ثواب ملتا ہے یا نہیں۔"

حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی معاویہ کے اس سوال کا سرورِ عالم ﷺ نے کیا جواب فرمایا؟

Marfat.com

ج: حضور اکرم ﷺ نے فرمایا! ”ہاں تم کو ان کی کفالت کرنی چاہیے۔“

س: ”ان کو دوہرا ثواب ملے گا ایک قرابت کا دوسرا صدقہ کا۔“
بتایئے سرور عالم ﷺ نے یہ کن خاتون صحابیہ کے سوال کے جواب میں فرمایا تھا؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی معاویہ کے پوچھنے پر کہ وہ اپنے شوہر اوران کے زیر کفالت یتیموں پر صدقہ کر سکتی ہیں یا نہیں۔

س: ”اے پروردگار کائنات، تکلیف کو دور فرما اور تیری شفا ہی دراصل شفا ہے۔ شفا عطا فرما کیونکہ تو ہی شفا بخشنے والا ہے۔ ایسی شفا عطا کر کہ جس کے بعد کسی قسم کی تکلیف باقی نہ رہے۔“
تمہارے لیے ایسے کہنا بہتر تھا جس طرح سرور عالم ﷺ کہا کرتے تھے حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی معاویہ سے یہ الفاظ کس شخص نے کہے؟

ج: ان کے شوہر حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن مسعود نے (دم کیا گیا دھاگہ گردن میں دیکھ کر)

س: بعض علماء نے تاویل کی ہے کہ دوسری روایتوں کے پیش نظر کئی قسم کے تعویذ گنڈے جائز قرار دیئے گئے ہیں بتایئے کس قسم کے تعویذ جائز ہیں؟

ج: جس میں شرکیہ کلمات استعمال نہ کیے گئے ہوں۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی معاویہ کی اولاد کا نام بتایئے؟

ج: ابو عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: ”تم آنکھ سے نہیں بولتی ہو، کام بھی کرو اور باتیں بھی۔“
بتایئے حضور اکرم ﷺ نے یہ کس خاتون سے فرمایا جبکہ وہ آپ ﷺ کا سر دیکھنا چھوڑ کر باتوں میں لگ گئیں تھیں؟

ج: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی معاویہ سے۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی معاویہ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: چند احادیث۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کن اشخاص سے احادیث روایت کی ہیں؟

ج: حضور اکرم ﷺ، حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن مسعود سے۔

# حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ قیس

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ قیس کا سلسلۂ نسب بتایئے؟

ج: فاطمہ بنتِ قیس بن خالد اکبر بن وہب بن ثعلبہ بن وائلہ بن عمرو بن شیبان بن صحارب بن فہر۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ قیس کی والدہ کا نام بتایئے؟

ج: امیمہ بنتِ ربیعہ (بنی کنانہ سے تھیں)

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: ابو عمرو حفص رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن مغیرہ۔

س: ابو عمرو حفص رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ قیس کو پہلے دو طلاقیں دے چکے تھے بتایئے تیسری طلاق کب دی؟

ج: ۱۰ ہجری میں یمن روانگی سے پہلے۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ قیس طلاق کے بعد سرورِ عالم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں تو آپ ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج: ”تم عدت کا زمانہ اُم شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں گزارو“ اب تمہارا نان و نفقہ ابو عمر پر واجب نہیں ہے“ لیکن پھر آپ ﷺ نے اپنے حکم میں ترمیم فرما کر فرمایا تم عدت کا زمانہ ابن عم ابن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاں گزارو۔

Marfat.com

س: ''تمہیں کیوں عذر ہے۔ اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو۔ اسی میں بھلائی ہے''
بتایئے سرورِ عالم ﷺ نے کس موقع پر حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت قیس سے فرمایا تھا؟

ج: اُسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نکاح کرنے سے کچھ متامل ہونے پر۔

س: حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت ابوجہم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کی خواہش کا اظہار کیا تو بتایئے خود حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا کیا خیال تھا؟

ج: یہ کہ حضور اکرم ﷺ خود انہیں شرف زوجیت بخشیں (لیکن یہ مصلحت خداوندی نہ تھی)

س: حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن زید (حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ قیس کے شوہر) کس لقب سے مشہور تھے؟

ج: حب النبی ﷺ (نبی ﷺ کے محبوب)

س: ۲۴ھ میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے بعد مجلس شوریٰ کے اجتماع کس خاتون صحابیہ کے مکان میں ہوتے تھے؟

ج: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ قیس۔ (اراکین ان سے مشورہ لیتے تھے)

س: بتایئے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ قیس کے شوہر کا انتقال کب ہوا۔ اور آپ ان کی وفات کے بعد کس کے پاس رہنے لگیں؟

ج: ۵۴ھ میں حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتقال ہوا اس کے بعد آپ اپنے بھائی ضحاک بن قیس کے پاس رہنے لگیں۔

س: اسلام میں حکم ہے کہ مطلقہ عورتیں عدت کے دن اپنے شوہر کے ہی گھر میں گزاریں لیکن بتایئے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ قیس نے اپنی عدت کے ایام اپنے ابن عم ابن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاں کیوں گزارے تھے؟

ج: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ قیس کے شوہر کا گھر شہر کے کنارے پر تھا اور

رات کو جانوروں کا خوف رہتا تھا اس لیے انہوں نے سرورِ دوعالم ﷺ کی اجازت حاصل کی اور اپنے ابن عم کے گھر عدت کے ایام گزارے۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ قیس سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: چونتیس ۳۴ احادیث۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ قیس کے راویوں میں کون سے اشخاص شامل ہیں؟

ج: حضرت قاسم بن محمدؒ۔ ابو سلمہؒ۔ سعید بن مسیبؒ۔ عروہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ سلمان بن سیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور شعبیؒ۔

س: صحیح مسلم اور ابوداؤد کی ایک حدیث جو علماء میں "حدیثِ جساسہ" کے نام سے شہرت رکھتی ہے بتایئے کس خاتون صحابیہ سے مروی ہے؟

ج: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ قیس۔

س: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ قیس کے سال وفات کے بارے میں بتایئے؟

ج: سال وفات کی صراحت نہیں کی گئی البتہ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت مکہ تک زندہ تھیں۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ ابی طالب

س: حضرت اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نام بتایئے؟

ج: بہ اختلاف روایت فاختہ، یا فاطمہ یا ہند۔

س: حضرت اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کنیت بتایئے؟

ج: حضرت اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہی کنیت ہے۔

س: حضرت اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ کا نام بتایئے؟

ج: فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنتِ اسد۔

س: حضرت اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بھائیوں کے نام بتایئے؟

ج: حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ، طالب، عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔

س: حضرت اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر کا نام بتایئے؟

ج: ہبیرہ بن ابی وہب۔

س: بتایئے حضرت اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب اسلام قبول کیا تھا؟

ج: تمام اہل سیر ان کے قبول اسلام پر متفق ہیں۔ بعض اہل سیر کے نزدیک فتح مکہ کے موقع پر اسلام قبول کیا اور بعض کے نزدیک قدیم الاسلام تھیں البتہ اسلام چھپائے رکھا۔

Marfat.com

س: "جس کو تو نے پناہ دی اس کو میں نے بھی پناہ دی" بتایئے رسول اللہ ﷺ نے کن اشخاص کے بارے میں یہ فرمایا جنہیں حضرت اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے پناہ دی تھی؟

ج: دو مخزومی حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ہشام اور زہیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ابن امیہ (دونوں اس واقعہ کے بعد مسلمان ہو گئے)

س: اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ سرورِ عالم ﷺ میرے گھر تشریف لائے اور وہاں غسل فرمایا اور آٹھ رکعتیں پڑھیں۔ میں نے کوئی نماز اس سے ہلکی نہیں دیکھی لیکن آپ ﷺ رکوع اور سجدہ پوری طرح کرتے تھے"۔
بتایئے یہ کونسی نماز تھی؟

ج: یہ چاشت کی نماز تھی۔

س: اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ فتح مکہ کے دن رسول اللہ ﷺ میرے گھر آئے اور خادمہ ایک برتن لے کر حاضر ہوئی جس میں پینے کی کوئی چیز تھی۔ آپ ﷺ نے پی لیا اور پھر مجھے دے دیا میں نے پی لیا میں نے عرض کی یا رسول اللہ میں روزہ سے تھی اور میں نے پی لیا؟
اس موقع پر بتایئے رسول اللہ ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج: آپ ﷺ نے فرمایا "اگر یہ روزہ نفلی تھا تو کچھ ہرج نہیں۔

س: صحیح مسلم میں ہے کہ ایک بار رسول اللہ ﷺ نے اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کی خواہش ظاہر کی تو بتایئے حضرت اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کیا جواب دیا؟

ج: انہوں نے معذرت کی اور کہا کہ "میرا سن زیادہ ہو گیا ہے اور میرے بچے ہیں (جن کی پرورش میرے لیے ضروری ہے)

س: بتایئے جب حضرت اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور اکرم ﷺ سے نکاح سے معذرت چاہی تو اس موقع پر سرورِ عالم ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج: خواتین قریش کے بارے میں فرمایا کہ "شتر سوار عورتوں میں سب سے بہتر قریش کی عورتیں ہیں، بچپن میں اپنے یتیم بچے سے محبت رکھتی ہیں اور اپنے شوہر کے مال کی بہت زیادہ حفاظت کرتی ہیں"۔

س: حضور اکرم ﷺ نے کس خاتون سے فرمایا کہ "بکری لے لو یہ بابرکت جانور ہے"؟

Marfat.com

ج: حضرت اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے۔

س: حضرت اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد کا نام بتایئے؟

ج: عمرو، ہانی، یوسف، جعدہ مشہور ہیں۔

س: حضرت اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے عرض کرنے پر کہ "یا رسول اللہ اب میں بوڑھی ہوگئی ہوں کوئی ایسا وظیفہ بتادیں جسے بیٹھے بیٹھے پڑھ لوں"۔

بتایئے آپ ﷺ نے کیا وظیفہ بتایا؟

ج: حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ایک سو مرتبہ سبحان اللہ، ایک سو مرتبہ الحمد اللہ، ایک سو مرتبہ لاالٰہ الا اللہ کہہ لیا کرو۔

س: حضرت اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: چھیالیس احادیث۔

س: حضرت اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے راویوں میں کون سے اکابر امت شامل ہیں؟

ج: حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عباس، عبداللہ بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ابن ابی لیلیٰؒ، مجاہدؒ، عروہؒ اور شعبیؒ۔

س: حضرت اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

ج: حافظ ابن حجرؒ کا بیان ہے کہ امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ حکومت میں وفات پائی۔

س: کچھ روایتوں میں حضرت اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سیرت کے متعلق کیا لکھا گیا ہے؟

ج: حضرت اُم ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور ﷺ سے فقہی مسائل اور قرآن حکیم کے مطالب دریافت کرتیں، روزہ رکھا کرتیں اور حضور اکرم ﷺ سے عقیدت و محبت رکھتیں۔

☆☆☆

# حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کنیت بتایئے؟

ج: ام سلمیٰ۔

س: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد گرامی کا نام بتایئے؟

ج: یزید بن السکن۔

س: کیا آپ حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سلسلہ نسب بتا سکتے ہیں؟

ج: اسماء بنت یزید بن السکن بن رافع بن امراء القیس بن زید بن عبدالاشہل بن جشم بن حارث بن خزرج بن عمرو بن مالک بن اوس۔

س: حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا کب مسلمان ہوئیں؟

ج: ہجرت مدینہ کے بعد۔

س: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا قبولِ اسلام کے بعد جب چند عورتوں کے ساتھ بیعت کے لیے خدمت اقدس میں حاضر ہوئیں تو بتایئے انہوں نے مسلم عورتوں کی جانب سے رسول اکرم ﷺ سے کیا عرض کیا تھا جسے سن کر آپ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے فرمایا کہ تم نے کسی عورت سے بھی ایسی گفتگو سنی ہے؟

ج: ”مسلمان عورتوں کی طرف سے ایک پیغام لے کر آئی ہوں اللہ نے آپ ﷺ کو

Marfat.com

مرد و عورت سب کی ہدایت کے لیے بھیجا ہے ہم نے آپ ﷺ کی پیروی کی ہے اور آپ ﷺ پر ایمان لائے ہیں لیکن ہماری حالت مردوں سے بالکل جداگانہ ہے ہم پردہ نشیں ہیں اس لیے جمعہ اور جماعت میں شریک نہیں ہو سکتیں اور مرد جمعہ و جماعت میں شریک ہوتے ہیں مریضوں کی عیادت کرتے ہیں نماز جنازہ پڑھتے ہیں حج کو جاتے ہیں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ جہاد کرتے ہیں لیکن ان تمام صورتوں میں ہم گھر میں بیٹھ کر ان کی اولاد کو پالتی ہیں گھروں کی حفاظت کرتی ہیں کپڑوں کے لیے چرخہ کاتتی ہیں تو کیا اس صورت میں ہم کو بھی ثواب ملے گا۔"

س: حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنی بیعت کے موقع پر سرور دو عالم ﷺ کی خدمت میں مسلمان عورتوں کی نمائندگی کرتے ہوئے جو سوال کیے تھے بتایئے آپ ﷺ نے اس کے جواب میں کیا ارشاد فرمایا تھا؟

ج: "عورتوں کے لیے شوہر کی رضاجوئی نہایت ضروری چیز ہے اگر وہ فرائض زوجیت ادا کرتی ہے اور شوہر کی مرضی پر چلتی ہے تو مرد کو جس قدر ثواب ملتا ہے عورت کو بھی اسی قدر ملتا ہے۔

س: حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا جب بیعت کے لیے خدمت اقدس ﷺ میں حاضر ہوئیں تو ان کی خالہ بھی ہمراہ تھیں جو سونے کے کنگن اور انگوٹھیاں پہنے تھیں آپ ﷺ نے دریافت کیا ان کی زکوٰۃ ادا کرتی ہو۔ بولیں نہیں۔ بتایئے اس پر سرور دو عالم ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟

ج: آپ ﷺ نے فرمایا "تو کیا تم کو یہ پسند ہے کہ اللہ آگ کے کنگن اور انگوٹھیاں پہنائے۔"

س: حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خالہ کو بیعت کے موقع پر جب سرور دو عالم ﷺ نے زکوٰۃ کے بغیر سونے کا زیور پہننے سے منع فرمایا تو انہوں نے خدمت اقدس ﷺ میں کیا عرض کیا تھا؟ اور آپ ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟

ج: یارسول اللہ ﷺ ہم زیور نہ پہنیں گی تو شوہر بے وقعت سمجھے گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا...... تو پھر چاندی کے زیور بنواؤ اور ان پر زعفران مل لو کہ سونے کی چمک پیدا ہو جائے۔

س: بتایئے سیدہ اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جب بیعت کے لیے

Marfat.com

حضور اکرم ﷺ کو ہاتھ بڑھانے کے لیے کہا تو آپ ﷺ کیا فرمایا؟

ج: آپ ﷺ نے فرمایا "میں عورتوں سے مصافحہ نہیں کرتا۔"

س: ۱۵ھ میں جب یرموک کا واقعہ پیش آیا تو بتایئے حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے خیمہ کی چوب سے کتنے رومیوں کو قتل کیا تھا؟

ج: نو(۹) رومیوں کو۔

س: حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سن وفات بتایئے؟

ج: وفات کا سن معلوم نہیں۔

س: حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی روایت کردہ احادیث کے راوی کون سے اصحاب تھے؟

ج: محمود بن عمرو انصاری۔ مہاجر بن ابی مسلم۔ شہر بن حوشب' مجاہد' اسحاق بن راشد۔

س: بتایئے استعیاب میں حضرت فاطمہ بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے اخلاق کے متعلق کیا درج ہے؟

ج: "یعنی وہ عقل اور دین دونوں سے متصف تھیں۔"

س: حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا ایک مرتبہ رسول اکرم ﷺ کی ناقہ غضباء کی مہار تھامے ہوئے تھیں کہ آپ ﷺ پر وحی نازل ہوئی بتایئے حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مطابق اس وقت اونٹنی کی کیا کیفیت تھی؟

ج: "وحی کا اتنا بار تھا کہ مجھے خوف ہوا کہ کہیں اونٹنی کے ہاتھ پاؤں نہ ٹوٹ جائیں۔"

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت ام الدردا بنت ابو حدرد اسلمیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت ام الدردا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نام بتایئے؟

ج: خیرہ۔

س: کیا حضرت ام الدردا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو صحابیت کا درجہ حاصل تھا؟

ج: جی ہاں۔

س: حضرت ام الدردا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر کا نام بتائیں؟

ج: حضرت ابودردا رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: بتایئے حضرت ام الدردا رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت ابودردا رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کتنے برس پہلے وفات پائی؟

ج: دو سال قبل۔

س: حضرت ام الدردا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا مقام پیدائش بتائیں؟

ج: شام۔

س: حضرت ام الدردا رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کس خلیفہ کے عہد میں وفات پائی؟

ج: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں۔

س: حافظ ابن عبدالبرؒ نے حضرت ام الدردا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے فضل و کمال کے بارے میں کیا لکھا ہے؟

Marfat.com

ج: "وہ بڑی عاقلہ اور فاضلہ اور صاحب الرائے تھیں۔"

س: حضرت ام الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کن سے حدیثیں روایت کی ہیں؟

ج: آنحضرت ﷺ اور حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے۔

س: حضرت ام الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شاگرد کا نام بتایئے؟

ج: میمون بن مہران۔

☆☆☆

# حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا قریش کے کس خاندان سے تعلق رکھتی تھیں؟
ج: خاندان مخزوم سے۔
س: حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا نام بتائیے؟
ج: حارث بن ہشام بن المغیرہ۔
س: حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ محترمہ کا کیا نام تھا؟
ج: فاطمہ بنت الولید۔
س: بتائیے حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس مشہور مسلم جرنیل کی بھانجی تھیں؟
ج: حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
س: بتائیے رسول اکرم ﷺ نے حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ماموں حضرت خالد بن ولید کو کیا خطاب عطا فرمایا تھا؟
ج: سیف اللہ۔
س: حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پہلے شوہر کا نام بتائیے؟
ج: عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابو جہل۔
س: بتائیے حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی درخواست پر کہ ان کے شوہر کو معاف فرمادیں۔ حضور اکرم ﷺ نے کیا فرمایا؟

Marfat.com

ج: حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ [illegible]
"جاؤ میں نے اس کو امان دی۔" [illegible]

س: بتائیے قبول اسلام سے قبل حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مسلمانوں کے خلاف کیا کیا عمل کیے؟

ج: غزوۂ احد میں شرکت کی۔ غزوۂ احزاب میں بنو کنعانہ کے ساتھ مل کر مدینہ منورہ پر چڑھائی کی۔ ۸ ھ میں مسلمانوں کے حلیف قبیلہ بنو خزاعہ کے قتل و غارت میں حصہ لیا۔ صلح حدیبیہ کو عملاً توڑا اور فتح مکہ کے موقع پر بھی مشرکین کے ساتھ رہے۔

س: مکہ میں اسلام کے سب سے بڑے دشمن ابو جہل کا حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کیا رشتہ تھا۔

ج: سسر۔

س: حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قبول اسلام سے قبل اپنی جان بچا کر کہاں بھاگ گئے تھے؟

ج: یمن۔

س: بتائیے حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابو جہل کے لیے سرور دو عالم ﷺ کی خدمت میں امن اور معافی کی درخواست کس نے کی تھی؟

ج: ان کی بیوی حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے۔

س: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں حضرت عکرمہ بن ابو جہل رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو اپنے ہمراہ لے کر رومیوں کے خلاف کس جنگ میں شریک ہوئے تھے؟

ج: اجنادین کی جنگ میں۔

س: بتائیے حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پہلے شوہر حضرت عکرمہ بن ابو جہل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عہد صدیقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کس جنگ میں شہادت پائی تھی؟

ج: اجنادین کی جنگ میں۔

س: حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اجنادین کے معرکے میں اپنے شوہر کی

شہادت کے بعد عدت کی مدت گزار کر کس سے شادی کی تھی؟

ج: حضرت خالد بن سعید بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے۔

س: بتایئے حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت خالد بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کتنے مہر کے عوض نکاح کیا تھا؟

ج: ۴۰۰ دینار مہر کے عوض۔

س: حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کس مقام پر ہوا؟

ج: مرج الصفر کے مقام پر جو دمشق کے قریب ہے۔

س: بتایئے حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی رسم عروسی کس مقام پر ادا ہوئی؟

ج: مرج الصفر میں ایک پل کے پاس جو آج کل قنطرہ ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہلاتا ہے۔

س: حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حضرت خالد بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کب شہادت پائی؟

ج: اپنی دعوت ولیمہ سے فارغ ہونے کے کچھ ہی دیر بعد رومیوں سے جنگ میں۔

س: بتایئے حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے دوسرے شوہر حضرت خالد بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رومیوں کے ہاتھوں شہادت کے بعد باوجود دلہن ہونے کے اپنے خیمے کے چوب سے کتنے رومیوں کو قتل کیا تھا؟

ج: سات (۷) رومیوں کو۔

س: بتایئے حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے قبول اسلام سے قبل اپنے شوہر عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ماموں خالدؓ بن ولید کے ساتھ کس غزوہ میں مسلمانوں کو نقصان پہنچایا؟

ج: غزوۂ احد۔

س: حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے رومیوں کے خلاف اور کس جنگ میں حصہ لیا تھا؟

ج: جنگ یرموک۔

س: ”اے اللہ میں عہد کرتا ہوں کہ اگر اس طوفان نے مجھے زندہ چھوڑ دیا تو خود کو محمد ﷺ کے سامنے پیش کر دوں گا وہ بڑے رحیم و کریم ہیں۔ امید ہے مجھ سے

مواخذہ نہ فرمائیں گے۔"

س: بتائیے یہ الفاظ کس شخص نے کہے تھے؟

ج: حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے (جو اس وقت تک اسلام نہیں لائے تھے)

س: حضور اکرم ﷺ نے حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ان کے شوہر عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ دیکھ کر کیا فرمایا؟

ج: "مرحبایا الراکب المہاجر" (خوش آمدید اے پردیسی سوار)

س: بتائیے حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے کیا الفاظ سن کر فوراً اسلام قبول کر لیا؟

ج: "ہاں اس نے سچ کہا تم محفوظ و مامون ہو۔"

س: بتائیے حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے والدین کے ہمراہ کب اسلام قبول کیا؟

ج: فتح مکہ کے بعد حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت ام ورقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

# بنت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س: حضرت ام ورقہ بنت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سلسلہ نسب بتائیے؟

ج: ام ورقہ بنت عبداللہ بن حارث بن عویم بن نوفل۔

س: بتائیے حضرت ام ورقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کب مسلمان ہوئیں؟

ج: ہجرت کے بعد۔

س: حضرت ام ورقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے غزوہ بدر کے موقع پر شہادت کی تمنا لیے شرکت کی اجازت مانگی تو آپ ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟

ج: "تم گھر میں رہو اللہ تم کو وہیں شہادت عطا فرمائے گا۔

س: آنحضرت ﷺ نے حضرت ام ورقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کیا شرف عطا فرمایا تھا؟

ج: عورتوں کی امامت کا (عورت کی اقتدا عورت کے پیچھے درست ہے مگر حنفیہ کے نزدیک مکروہ ہے۔)

س: حضرت ام ورقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کن افراد نے قتل کیا تھا؟

ج: ان کے ایک غلام اور لونڈی نے (جن سے انہوں نے اپنی زندگی کے بعد آزادی کا

وعدہ کر رکھا تھا)

س: حضرت ام ورقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قتل کا واقعہ کب پیش آیا؟

ج: عہد فاروقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں۔

س: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ام ورقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قاتلوں کو کیا سزا دی تھی؟

ج: دونوں لونڈی و غلام کو سولی پر لٹکایا تھا۔

س: بتائیے مدینہ منورہ میں سب سے پہلے سولی کن مجرموں کو دی گئی تھی؟

ج: حضرت ام ورقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قاتلوں کو۔

س: آنحضرت ﷺ اپنی حیات اقدس میں حضرت ام ورقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھر جاتے ہوئے ساتھی صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے کیا فرمایا کرتے تھے؟

ج: ''شہیدہ کے گھر چلو۔''

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت ہند بنت عتبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس قبیلے سے تعلق رکھتی تھیں؟

ج: قبیلہ قریش۔

س: حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سلسلہ نسب بتایئے؟

ج: ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت عتبہ بن ربیعہ بن عبد شمس ابن عبد مناف۔

س: قریش کے سب سے معزز رئیس عتبہ بن ربیعہ کا حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کیا رشتہ تھا؟

ج: باپ کا۔

س: بتایئے حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: فاکہ بن مغیرہ مخزومی۔

س: حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے دوسرے شوہر کا نام بتائیں؟

ج: ابوسفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن حرب۔

س: حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت عتبہ کے شوہر حضرت ابوسفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کس قبیلے کے سردار تھے؟

ج: قبیلہ بنوامیہ کے۔

س: قبول اسلام سے قبل حضرت ہند کی کیا کیفیت تھی؟

ج: ”اسلام کی سخت ترین دشمن تھیں۔“

Marfat.com

س: غزوہ احد میں اپنے باپ کے قتل کا بدلہ لینے کے لیے حضرت ہند (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) نے کسے سرورِ دو عالم ﷺ کے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو قتل پر آمادہ کیا تھا؟

ج: وحشی حرب کو جو جبیر بن مطعم کے غلام تھے (بعد ازاں اسلام قبول کیا)

س: اسلام سے قبل غزوہ احد میں اپنے باپ کے قاتل حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کس قدر انتقام لیا؟

ج: پہلے وحشی بن حرب سے انہیں قتل کرایا پھر ان کے ناک کان کاٹ کر ہار بنایا اور پیٹ چاک کر کے جگر چبایا۔

س: بتائیے قبول اسلام کے بعد حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے رسول اکرم ﷺ کی خدمت میں کیا عرض کی تھی؟

ج: "یا رسول اللہ ﷺ اس سے پہلے آپ ﷺ کے خیمہ سے زیادہ میرے نزدیک کوئی مبغوض خیمہ نہ تھا لیکن اب آپ ﷺ کے خیمہ سے زیادہ کوئی محبوب خیمہ میرے نزدیک نہیں ہے۔"

س: حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: فتح مکہ کے موقع پر۔

س: حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا جب قبول اسلام کے بعد گھر گئیں تو بتائیے ابن سعد کے مطابق انہوں نے سب سے پہلے کیا کام کیا؟

ج: "گھر جا کر بت توڑ ڈالا اور کہا ہم تیری طرف سے دھوکے میں تھے۔"

س: بتائیے حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حضرت ابوسفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کب اسلام قبول کیا تھا؟

ج: فتح مکہ پر۔

س: حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے شوہر حضرت ابوسفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ رومیوں کے ساتھ شام کی کس لڑائی میں شرکت کی تھی؟

ج: جنگ یرموک میں۔

س: حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب وفات پائی؟

ج: عہد فاروقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں (حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد ابو

Marfat.com

قحافہ نے بھی اسی دن وفات پائی تھی) اور ایک دیگر روایت کے مطابق عہد عثمانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں)

س: حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد میں سب سے زیادہ مشہور کون ہیں؟

ج: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: بتایئے حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے اوصاف کے متعلق صاحب اسد الغابہ نے کیا لکھا ہے؟

ج: "ان میں عزت نفس، غیرت رائے وتدبیر اور دانشمندی پائی جاتی تھی۔"

س: حضرت ہند رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ کا نام بتایئے؟

ج: صفیہ بنت امیہ۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت ام کلثوم بنت عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت ام کلثوم بنت عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سلسلہ نسب بتایئے؟
ج: ام کلثوم بنت عقبہ بن ابی معیط ابن ابی عمرو بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف۔
س: حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ کا نام بتائیں؟
ج: اروی بنت کریز۔
س: حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا باپ عقبہ بن ابی معیط کس قبیلے کا ایک ممتاز شخص تھا؟
ج: قبیلہ بنو امیہ کا۔
س: بتایئے حضرت ام کلثوم بنت عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب مدینہ ہجرت فرمائی تھی؟
ج: صلح حدیبیہ کے بعد۔
س: حضرت ام کلثوم بنت عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا نکاح سرور دو عالم ﷺ نے کس مشہور صحابی سے کیا تھا؟
ج: حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے۔
س: حضرت ام کلثوم بنت عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پہلے شوہر حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کس جنگ میں شہادت پائی تھی؟
ج: جنگ موتہ میں۔
س: جنگ موتہ میں حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے بعد حضرت ام کلثوم بنت عقبہ کا دوسرا نکاح کس سے ہوا؟

ج: حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے۔

س: حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے طلاق دے دینے کے بعد حضرت ام کلثوم بنت عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تیسرا نکاح کس سے ہوا؟

ج: حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عوف۔

س: حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نکاح کے کتنے عرصہ بعد حضرت ام کلثوم بنت عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے وفات پائی؟

ج: ایک ماہ بعد۔

س: حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضرت ام کلثوم بنت عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: ایک بیٹی زینب۔

س: حضرت ام کلثوم بنت عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد میں سے کس نے ان سے چند حدیثیں روایت کی ہیں؟

ج: حمید اور ابراہیم نے۔

س: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات کے بعد حضرت ام کلثوم بنت عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا آخری نکاح کس سے ہوا۔

ج: حضرت عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن العاص سے۔

س: حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت عقبہ نے جب انتقال کیا اس وقت ان کے شوہر حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہاں کے والی تھے؟

ج: مصر کے۔

س: حضرت ام کلثوم بنت عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کونسی اولاد پیدا ہوئی؟

ج: کوئی بھی نہیں۔

س: حضرت ام کلثوم بنت عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن سے حضرت عمرو بن العاص کی کونسی اولاد ہوئی؟

ج: کوئی بھی نہیں۔

س: حضرت ام کلثوم بنت عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن سے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد کے نام بتائیں؟

ج: ابراہیم، حمید، محمد اور اسمٰعیل۔

Marfat.com

# حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس قبیلے سے تعلق رکھتی تھیں؟

ج: قبیلہ بنو مخزوم۔

س: حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سلسلہ نسب بتائیے؟

ج: زینبؓ بنت ابی سلمہ عبداللہ بن عبدالاسد بن عمرو بن مخزوم۔

س: حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت ام سلمٰی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن سے کہاں پیدا ہوئیں؟

ج: حبشہ میں۔

س: حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد نے کب وفات پائی؟

ج: ۴ھ میں۔

س: حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ حضرت ام سلمٰی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ام المومنین کا شرف کب حاصل ہوا؟

ج: ۴ھ میں حضرت ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات کے بعد۔

س: حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بچپن میں اپنی والدہ کے علاوہ کس خاتون کا دودھ پیا تھا؟

ج: حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا۔

س: حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر کا نام بتائیے؟

ج: حضرت عبداللہ بن زمعہ بن اسود اسدی۔

Marfat.com

س: حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جب بچپن میں آپ ﷺ کے پاس آتیں تو بتایئے آپ ﷺ کیا کرتے تھے؟

ج: زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے منہ پر پانی چھڑکتے تھے (لوگوں کا بیان ہے کہ اس کی یہ برکت تھی کہ بڑھاپے تک ان کے چہرے پر شباب کا آب ورنگ باقی رہا)

س: حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں حضرت عبداللہ بن زمعہ بن اسود اسدی سے کتنے بیٹے پیدا ہوئے؟

ج: دو بیٹے۔

س: حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حضور اکرم ﷺ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: پھوپھی زاد بھائی اور رضاعی بھائی کا۔

س: حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہاں مدفون ہیں؟

ج: جنت البقیع۔

س: حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اصل نام بتائیں جسے حضور ﷺ نے تبدیل فرمادیا تھا؟

ج: برہ۔

س: بتایئے حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بیٹے ابوعبیدہ کب شہید ہوئے؟

ج: ۶۳ھ میں حرہ کی لڑائی میں۔

س: حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب وفات پائی؟

ج: ۷۳ھ میں۔

س: حضرت زینب بن ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے فضل وکمال کے بارے میں بتائیں؟

ج: "آپ فضل و کمال میں شہرہ آفاق تھیں اور اس وصف میں کوئی عورت ان کی ہمسری کا دعویٰ نہیں کر سکتی تھیں۔"

س: حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے جن لوگوں نے حدیث روایت کی ہے ان کے اسمائے گرامی بتایئے؟

ج: امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ' ابوعبیدہ' محمد بن عطاء' عراک بن مالک' حمید' ابن نافع' عروہ' ابوسلمہ' کلیب بن وائل' ابوقلابہ جرمی۔

Marfat.com

# حضرت زینب بنت مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت زینب بنت مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

ج: بنو جمح۔

س: حضرت زینب بنت مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا شجرہ نسب بتائیں؟

ج: ابن اثیرؒ کے مطابق...... زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت مظعون بن حبیب بن وہب بن حذافہ بن جمح بن عمرو بن ہصیص بن کعب بن لوی بن غالب۔

س: بتایئے حضرت زینب بنت مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سلسلہ نسب کہاں رسول اکرم ﷺ کے نسب نامہ سے مل جاتا ہے؟

ج: کعب بن لوی پر۔

س: حضرت زینب بنت مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے۔

س: حضرت زینب بنت مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سن وفات بتایئے؟

ج: سن وفات کا علم نہیں۔

س: حضرت زینب بنت مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب اسلام قبول کیا تھا؟

ج: غالباً ۶ بعد بعثت۔

س: بتایئے حضرت زینب بنت مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب اور کس کے ساتھ

مدینہ منورہ ہجرت کی تھی؟

ج: ۱۳ بعد بعثت اپنے جلیل القدر شوہر سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ۔

س: فقیہ اسلام حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ کا نام بتائیں؟

ج: حضرت زینب بنت مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: حضرت زینب بنت مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن سے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کتنی اولادیں تھیں؟

ج: دو۔ فقیہ اسلام حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ام المومنین حضرت حفصہ بنت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: حضرت زینب بنت مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے تین بھائیوں عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن مظعون، حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن مظعون اور حضرت قدامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن مظعون کا شمار کن لوگوں میں ہوتا ہے؟

ج: جلیل القدر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سابقین اولین اور اصحاب بدر میں۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت ریطہ بنت الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت ریطہ بنت الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

ج: بنو تیم۔

س: حضرت ریطہ بنت الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر کا نام بتایئے؟

ج: حضرت حارث بن خالد تیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: بتایئے حضرت ریطہ بنت الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حضرت حارث بن خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: ماموں زاد بھائی کا۔

س: حضرت ریطہ بنت الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور آپ کے شوہر کا شمار کن مسلمانوں میں ہوتا ہے؟

ج: سابقون الاولون میں۔

س: حضرت ریطہ بنت الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور آپ کے شوہر نے حبش کی کس ہجرت میں شرکت کی؟

ج: دوسری ہجرت میں۔

س: قیام حبشہ کے دوران حضرت ریطہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن سے حضرت حارث بن خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کتنی اولادیں پیدا ہوئیں؟

Marfat.com

ج: چار۔ایک بیٹا موسیٰ اور تین لڑکیاں عائشہ' زینب اور فاطمہ۔

س: حضرت ریطہ بنت الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے شوہر اور بچوں کے ساتھ حبشہ سے مدینہ منورہ کے لیے کب روانہ ہوئیں؟

ج: حضور اکرم ﷺ کی ہجرت مدینہ کے کچھ عرصہ بعد۔

س: بتایئے حضرت ریطہ بنت الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے چاروں بچے حبشہ سے مدینہ منورہ جاتے ہوئے کیسے جاں بحق ہو گئے؟

ج: دوران سفر زہریلا پانی پی لینے سے۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت ام قیس بنت محصن رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: بتایئے حضرت ام قیس بنت محصن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا کس قبیلے سے تعلق تھا؟

ج: بنو اسد بن خزیمہ سے۔

س: حضرت ام قیس بنت محصن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سلسلہ نسب بتائیں؟

ج: ام قیسؓ بن حرثان بن قیس بن مرہ بن غنم بن دودان بن اسد بن خزیمہ۔

س: حضرت ام قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بھائیوں کے نام بتایئے؟

ج: حضرت عکاشہؓ بن محصن اور حضرت عمروؓ بن محصن۔

س: حضرت ام قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے بھائیوں کے ہمراہ کب اسلام قبول کیا؟

ج: ہجرت نبویؐ سے پہلے۔

س: حضرت ام قیس بنت محصن رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کس کے ہمراہ مدینہ ہجرت کی تھی؟

ج: اپنے بھائی حضرت عکاشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہمراہ۔

س: بتایئے حضرت ام قیس بنت محصن رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: ۲۴ احادیث۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت عاتکہ بنت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت عاتکہ بنت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا کس خاندان سے تعلق تھا؟
ج: قریش کے خاندان عدی سے۔
س: حضرت عاتکہ بنت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سلسلہ نسب بتائیں؟
ج: عاتکہؓ بنت زید بن عمرو بن نفیل بن عبد العزیٰ بن ریاح بن عبداللہ بن قرط بن زراح بن عدی بن کعب بن لوی۔
س: حضرت عاتکہ بنت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے اس حقیقی بھائی کا نام بتایئے جن کا شمار عشرہ مبشرہ میں ہوتا ہے؟
ج: حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
س: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کیا رشتہ تھا؟
ج: چچازاد بھائی کا۔
س: بتایئے مشہور صحابیہ حضرت فاطمہ بنت خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کیا لگتی تھیں؟
ج: چچازاد بہن اور بھاوج۔
س: حضرت عاتکہ بنت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد زید بن عمرو کے بارے میں

حضور اکرم علیہ السلام کا کیا فرمان ہے؟

ج: ”وہ قیامت کے دن تنہا ایک امت کی حیثیت سے اٹھیں گے۔“

س: حضرت عاتکہ بنت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد زید بن عمرو کا شمار زمانہ جاہلیت کے دوران کن افراد میں ہوتا تھا؟

ج: ”جو توحید کے قائل تھے۔“

س: حضرت عاتکہ بنت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد زید بن عمرو کو کسی دشمن نے کب قتل کر دیا تھا؟

ج: حضور علیہ السلام کی بعثت سے چند سال پہلے۔

س: بتایئے حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شادی کس سے ہوئی تھی؟

ج: سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیٹے حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے۔

س: حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جہاد کیوں ترک کر دیا تھا؟

ج: حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی محبت میں جو عشق کے درجے پر تھی۔

س: بتایئے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے بیٹے حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنی بیوی عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو طلاق دینے پر کیوں مجبور کیا تھا؟

ج: ان کے عشق میں جہاد ترک کر دینے کی وجہ سے۔

س: بتایئے والد کے مجبور کرنے پر حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی بیوی حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ایک طلاق دینے کے بعد ان کے فراق میں کونسے شعر کہے تھے؟

ج: اے عاتکہ جب تک سورج چمکتا رہے گا
اور قمری بولتی رہے گی میں تجھے نہ بھولوں گا
اے عاتکہ میرا دل شب و روز بصد
ہزار تمنا و شوق تجھ سے لگا ہوا ہے
مجھ جیسے آدمی نے اس جیسی خاتون کو
کبھی طلاق نہ دی ہوگی اور نہ
اس جیسی خاتون کو بغیر گناہ طلاق دی جاتی ہے۔

Marfat.com

س: بتایئے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اشعار جو انہوں نے حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے فراق میں کہے تھے انہیں سنا تو کیا فرمایا؟

ج: حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو رجعت کرنے کی اجازت دے دی۔

س: بتایئے حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کب وفات پائی؟

ج: شوال ۱۱ھ میں (طائف کے محاصرے کے دوران تیر لگنے سے جو زخم بن گیا تھا اسی زخم سے وفات پائی)

س: بتایئے حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے شوہر کی وفات پر کونسے اشعار کہے؟

ج: "قسم کھا کر کہتی ہوں کہ تیرے غم میں میری آنکھ روئے گی اور میرا جسم غبار آلود رہے گا۔ زہے قسمت اس آنکھ کی جس نے تجھ جیسا جنگ جو اور ثابت قدم جوان دیکھا اس پر تیر برستے تو ان کی بوچھاڑ میں گھستا ہو۔ وہ اس وقت تک موت کی طرف چلتا رہتا جب تک کہ خون کی ندیاں نہ بہا لیتا۔ زندگی بھر جب جنگلی کبوتر گنگنائے گا (میں روتی رہوں گی) اور جب تک رات پر صبح آتی رہے۔

س: بتایئے حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا دوسرا نکاح کس سے ہوا؟

ج: حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے۔

س: بتایئے حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نکاح کے موقع پر کونسے صحابی تھے جنہوں نے حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ان کے پہلے شوہر کے بارے میں کہا گیا پہلا شعر یاد کرایا تو وہ رونے لگیں؟

ج: حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔

س: بتایئے حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شہادت کے بعد حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تیسرا نکاح کس سے ہوا؟

ج: حواری رسول ﷺ حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن العوام سے۔

س: بتایئے حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن العوام نے کب شہادت پائی؟

ج: جنگ جمل کے موقع پر ابن جرموز کے ہاتھوں۔

Marfat.com

# حضرت ام الخیر بنت صخر رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت ام الخیر بنت صخر رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نام بتایئے؟
ج: سلمیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س: حضرت ام الخیر رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تعلق قریش کے کس خاندان سے تھا؟
ج: بنو تیم۔
س: حضرت ام الخیر رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سلسلہ نسب بتایئے؟
ج: ام الخیر رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت صخر بن عامر بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ۔
س: بتایئے حضرت ام الخیر رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کس سے ہوا؟
ج: ابو قحافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے (ابن عم)
س: حضرت ام الخیر رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مایہ ناز فرزند کا نام بتایئے؟
ج: سیدنا حضرت ابو بکر صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
س: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اکرم ﷺ کے ہمراہ قریش کو دعوت حق دینے پر ظلم سہا لیکن اس کے باوجود صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں جانے کی درخواست کن خواتین سے کی تھی؟
ج: حضرت ام جمیل رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور اپنی والدہ ام الخیر رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے (جو کہ اس وقت تک اپنے آبائی مذہب پر قائم تھی)

Marfat.com

س: "یارسول اللہ یہ میری والدہ ہیں ان کے لیے دعا فرمائیے کہ اللہ تعالیٰ انہیں نعمت اسلام سے بہرہ ور کرے اور عذاب دوزخ سے محفوظ رکھے۔"
بتائیے یہ الفاظ رسول اکرم ﷺ سے کس شخص نے عرض کیے تھے؟

ج: سیدنا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: بتائیے حضرت ام الخیر رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: بعثت کے چوتھے یا پانچویں سال آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو قدیم اسلام صحابیات میں شامل کیا جاتا ہے۔

س: بتائیے کیا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے انتقال کے وقت تک حضرت ام الخیر رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے شوہر حضرت ابو قحافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حیات تھے؟

ج: جی ہاں (۱۳ ہجری میں صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وفات پائی)

س: بتائیے حضرت ام الخیر رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے شوہر حضرت ابو قحافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتقال کب ہوا؟

ج: عہد فاروقی میں کسی وقت۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت اروی بنت عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: بتایئے حضرت اروی رضی اللہ تعالیٰ عنہا رشتے میں رسول اکرم ﷺ کی کیا لگتیں تھیں؟

ج: حقیقی پھوپھی۔

س: بتایئے حضرت اروی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: عمیر بن وہب (بن عبد بن قصی)

س: حضرت اروی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بیٹے کا نام بتایئے؟

ج: حضرت طلیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: "اماں جان میں اپنے (ماموں زاد) بھائی محمد ﷺ پر سچے دل سے ایمان لے آیا ہوں وہ خدا کے سچے رسول ﷺ ہیں"
بتایئے یہ الفاظ حضرت اروی رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کس نے کہے؟

ج: حضرت طلیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س: بتایئے حضرت اروی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کس کی دعوت پر اسلام قبول کیا اور کب کیا؟

ج: حضرت طلیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دعوت پر ۳ بعد بعثت کی دوسری ششماہی میں۔

س: بتایئے حضرت اروی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ابولہب سے کیا رشتہ تھا؟

Marfat.com

ج: بہن کا۔

س: "طلیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ماموں کے بیٹے کی مدد کی اور اس کے خون اور اس کے مال کی غم خواری کی"

بتایئے یہ الفاظ حضرت اروی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کس شخص کی شکایت میں کہے؟

ج: عوف بن صبرہ سہمی کی۔

س: حضرت اروی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت طلیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک موقع پر کس وجہ سے اظہار خوشی کیا تھا؟

ج: ابواہاب بن عزیز دارمی کے قتل پر جسے حضرت طلیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس لیے قتل کیا کہ اس نے سرورِ عالم ﷺ کو شہید کرنے کا منصوبہ بنایا۔

س: "طلیب کی زندگی کا بہترین وقت وہی ہے جب وہ محمد ﷺ کی مدد کرے"

بتایئے یہ الفاظ حضرت اروی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کس شخص سے کہے تھے؟

ج: اپنے بھائی ابولہب کی شکایت کے جواب میں۔

س: حضرت اروی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے بیٹے حضرت طلیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جدائی کا طویل عرصہ کب گزارا؟

ج: ٦ بعد بعثت کے آغاز میں حبشہ ہجرت کے موقع پر۔

س: حضرت اروی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

ج: سال وفات معلوم نہیں البتہ رسول اکرم ﷺ کی وفات تک زندہ تھیں۔

☆☆☆☆

# حضرت خولہ بنت حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کنیت بتایئے؟
ج: ام شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س: حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟
ج: بنو سلیم۔
س: حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سلسلہ نسب بتایئے؟
ج: خولہؓ بنت حکیم بن امیہ بن حارثہ بن اوقص بن مرہ بن ہلال بن فالح بن ذکوان بن ثعلبہ۔
س: حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کس سے ہوا تھا؟
ج: جلیل القدر صحابی حضرت ابو السائب عثمانؓ بن مظعون جمحی۔
س: بتایئے حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کب اپنے شوہر کے ساتھ ہجرت الی المدینہ کا شرف حاصل ہوا؟
ج: ۱۴ بعد بعثت۔
س: "ہمارے لیے رہبانیت کا حکم نہیں ہے۔ میں تم سے زیادہ خدا سے ڈرتا ہوں۔ نمازیں بھی پڑھتا ہوں۔ روزے بھی رکھتا ہوں اور اہل خانہ کے حقوق بھی ادا کرتا ہوں۔ تم پر بھی تمہاری آنکھ، جسم اور اہل و عیال سب کا حق ہے۔ نمازیں پڑھو، روزے رکھو لیکن اہل و عیال کا حق بھی ادا کرو۔"

Marfat.com

بتائیے یہ الفاظ حضور اکرم ﷺ نے کن سے فرمائے تھے؟

ج: حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے۔

س: بتائیے حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن مظعون نے کب شہادت پائی؟

ج: غزوۂ بدر کے بعد ۲ ہجری کے آخر میں۔

س: حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بیٹوں کے نام بتائیے؟

ج: حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت سائب رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س: بتائیے جب حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور اکرم ﷺ سے درخواست کی "یارسول اللہ ﷺ اگر طائف فتح ہو تو مجھ کو بار یہ بنت غیلان یا فارعہ بنت عقیل کا زیور عطا فرمائیے گا" تو رسول اللہ ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج: حضور ﷺ نے فرمایا "اگر اللہ تعالیٰ اس کی اجازت نہ دے تو میں کیا کروں۔"

س: بتائیے حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا دوسرا نکاح کس سے ہوا؟

ج: آپ نے دوسرا نکاح نہیں کیا۔

س: بتائیے کیا حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا شعر و شاعری سے دلچسپی رکھتی تھیں؟

ج: جی ہاں۔

س: بتائیے حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: پندرہ حدیثیں۔

س: حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے راویوں میں کون کون شامل ہے؟

ج: حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابی وقاص، حضرت سعیدؒ بن المسیبؒ اور حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ وغیرہ۔

س: بتائیے یہ اشعار حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کس کی وفات پر کہے؟

اس شخص پر آنسو بہا جس نے اپنے خالق کی رضامندی کے لیے ساری رات گزار دی خوشخبری ہے اس شخص کے لیے جو روپوش ہو گیا اور دفن کر دیا گیا۔

ج: اپنے شوہر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن مظعون۔

☆☆☆

Marfat.com

# حضرت رملہ بنت ابی عوف سہمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت رملہ بنت ابی عوف سہمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

ج: بنو سہم۔

س: بتایئے حضرت رملہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کس سے ہوا؟

ج: حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن عوف کے چچازاد بھائی حضرت مطلب بن ازہر زہری۔

س: بتایئے حضرت رملہ بنت ابی عوف سہمیہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: حضرت رملہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے شوہر کے ساتھ ابتدائی سالوں میں مشرف بہ اسلام ہوئیں۔

س: بتایئے حضرت رملہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے شوہر نے کب حبش کی غریب الوطنی اختیار کی اور راہِ حق میں اپنا گھر بار چھوڑا؟

ج: دوسری ہجرت حبشہ (۶ بعد بعثت)

س: حضرت رملہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے فرزند عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن مطلب کہاں پیدا ہوئے تھے؟

ج: حبش کی غریب الوطنی کے دوران۔

س: حضرت رملہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر کا انتقال کس جگہ ہوا؟

Marfat.com

ج: حبشہ میں۔

س: بتایئے کس موقع پر حضرت رملہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے فرزند عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ۵۷ دوسرے مہاجرین کے ساتھ حبشہ سے مدینہ منورہ آئیں؟

ج: غزوۂ خیبر کے موقع پر۔

س: بتایئے حضرت رملہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنی زندگی کے آخری ایام کہاں گزارے؟

ج: مدینہ منورہ میں۔

☆☆☆

# حضرت لیلیٰ بنت ابی خثمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س: حضرت لیلیٰ بنت ابی خثمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی کنیت بتایئے؟

ج: ام عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س: بتایئے حضرت لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تعلق قریش کے کس خاندان سے تھا؟

ج: بنو عدی۔

س: حضرت لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سلسلہ نسب بتایئے؟

ج: لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت ابی خثمہ بن حذیفہ بن غانم بن عامر بن عبداللہ بن عبید بن عویج بن عدی بن کعب بن لوئی۔

س: حضرت لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کس سے ہوا؟

ج: حضرت عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ربیعتہ العنزی سے۔

س: بتایئے حضرت لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

ج: بنی عنز بن وائل سے۔ یہ بنو عدی کے حلیف تھے۔

س: بتایئے حضرت لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے شوہر نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: دعوت حق کے بالکل ابتدائی ایام میں۔

س: بتایئے کب حضرت لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور اکرم ﷺ کے ایما پر ہجرت حبشہ کا قصد کیا؟

ج: ۵ بعد بعثت میں۔

س: "تم لوگوں نے ہم کو بہت ستایا ہے اس لیے ہم گھربار کو خیرباد کہہ رہے ہیں۔ خدا کا ملک تنگ نہیں ہے جہاں سینگ سمائیں گے چلے جائیں گے اور جب تک اللہ مسلمانوں کی مخلصی کی کوئی صورت پیدا نہ کرے وطن سے دور ہی رہیں گے۔"
بتائیے یہ الفاظ حضرت لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کب اور کس شخص سے کہے تھے؟

ج: ہجرت کے وقت حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہے تھے (اس وقت تک حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایمان نہیں لائے تھے)

س: مہاجرین حبشہ کا ایک گروہ مکہ غلط خبر کی وجہ سے آگیا تھا۔ اس میں حضرت لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے شوہر بھی شامل تھے بتائیے یہ گروہ کب مکہ پہنچا؟

ج: شوال ۵ بعد بعثت۔

س: بتائیے مکہ پہنچ کر حضرت لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے شوہر عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ربیعہ نے کس سردار کی پناہ حاصل کی؟

ج: عاص بن وائل سہمی کی۔

س: بتائیے حضرت لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے شوہر عامرؓ نے حضور اکرم ﷺ کے ایما پر دوسری ہجرت حبشہ کب کی؟

ج: ۶ بعد بعثت میں ایک سو مظلومین کے ہمراہ۔

س: بتائیے حضور اکرم ﷺ کا اذن پا کر مدینہ ہجرت کرنے والوں میں کس خاتون کو شرف اولیت حاصل ہے؟

ج: حضرت لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت ابی خثمہ۔

س: بتائیے قدیم الاسلام ہونے کی بنا پر حضرت لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو کس طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کا شرف حاصل ہے جو کہ تمام سابقین الاولون کو حاصل ہے؟

ج: قبلہ اول بیت المقدس کی طرف منہ کر کے۔

س: حضور اکرم ﷺ نے یہ الفاظ کس خاتون سے فرمائے کہ "اگر تم اس کو کچھ نہ دیتیں تو میں تم کو جھوٹا سمجھتا"؟

ج: حضرت لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے (انہوں نے اپنے بیٹے سے کہا یہاں آؤ میں کچھ دوں گی اور کھجور دی۔)

Marfat.com

# صحابیات

# سے

# مروی احادیث مبارکہ

Marfat.com

# جنازہ میں کثرتِ تعداد کی برکت واہمیت

1- حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جس میت پر مسلمانوں کی ایک بڑی جماعت نماز پڑھے جن کی تعداد سو ۱۰۰ تک پہنچ جائے اور وہ سب اللہ کے حضور میں اس میت کے لیے سفارش کریں یعنی مغفرت و رحمت کی دعا کریں تو ان کی سفارش اور دعا ضرور قبول ہوگی۔
(صحیح مسلم شریف۔ معارف الحدیث)

2- میت پر سوگ نہیں کرنا چاہیے
حضرت اُم عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ "کسی میت پر تین دن سے زیادہ سوگ نہ کریں، ہاں خاوند کی موت پر (بیوی کو) چار ماہ دس دن سوگ کرنے کا حکم ہے اور اس دوران میں (بیوہ عورت) نہ سرمہ لگائے نہ خوشبو ملے نہ عصب (ایک قسم کی یمنی چادر) کے سوا رنگا ہوا کپڑا پہنے۔" (صحیح بخاری)

3- جنازے میں جانے کی ممانعت
حضرت اُم عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ہم کو جنازوں کے ساتھ جانے کی ممانعت کر دی گئی تھی مگر زور دے کر منع نہیں کیا گیا تھا۔
(صحیح بخاری)

4- میت کا غسل اور کفن
حضرت اُم عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی ایک فوت شدہ صاحبزادی (زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کو ہم غسل دے رہے تھے۔ اس وقت رسول اللہ ﷺ گھر میں تشریف لائے اور ہم سے فرمایا کہ تم اس کو بیری کے پتوں کے ساتھ جوش دیئے ہوئے پانی سے تین دفعہ یا پانچ دفعہ اور اگر اس سے بھی زیادہ مناسب سمجھو تو غسل دو اور آخری دفعہ میں کافور بھی شامل کر لو پھر جب تم غسل دے چکو تو مجھے خبر دو (ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی ہیں کہ جب ہم غسل دے چکے تو آپ ﷺ نے اپنا تہبند ہماری طرف پھینک دیا اور فرمایا سب سے پہلے اسے پہنا دو اور اس حدیث کی دوسری روایت ہے کہ "غسل دو اس کو طاق یعنی تین

Marfat.com

بار پانچ بار یا سات بار اور شروع کرو غسل کو دائیں جانب سے اور وضو کے اعضاء سے"ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی ہیں کہ ہم نے میت کے بالوں کی تین چوٹیاں گوندھیں اور ان کو کمر کی جانب ڈال دیا۔ (صحیح بخاری)

## 5- عیادت کے فضائل

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ جب تم کسی مریض کے پاس جاؤ یا کسی قریب المرگ شخص کے پاس جاؤ تو اس کے سامنے بھلائی کے کلمات زبان سے نکالو کیونکہ تم جو کچھ کہتے ہو فرشتے اس پر آمین کہتے ہیں۔ (مسلم۔ مشکوٰۃ)

## 6- نکاح میں برکت

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا سب سے زیادہ بابرکت نکاح وہ ہے جس میں کم سے کم مصارف ہوں۔ (مشکوٰۃ)

## 7- مصلحت آمیزی

ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت عقبہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا وہ آدمی جھوٹا اور گنہگار نہیں ہے جو باہر لڑنے والے آدمیوں کے درمیان صلح کرانے کی کوشش کرے اور اس سلسلہ میں (ایک فریق کی طرف سے دوسرے فریق کو خیر اور بھلائی کی باتیں پہنچائے اور اچھا اثر ڈالنے والی) اچھی باتیں کرے۔

(بخاری و مسلم)

## 8- چغلخوری

حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت یزید سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ کے بہترین بندے وہ ہیں جن کو دیکھ کر اللہ یاد آئے اور بدترین بندے وہ ہیں جو چغلیاں کھانے والے' دوستوں میں جدائی ڈالنے والے ہیں اور جو اس کے طالب اور ساعی میں رہتے ہیں کہ اللہ کے نیک پاک دامن بندوں کو کسی گناہ سے ملوث یا کسی مصیبت اور پریشانی میں بتلا کریں۔

(مسند احمد۔ شعیب الایمان بیہقی۔ معارف الحدیث)

## 9- بدعت کی ممانعت

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے

Marfat.com

ہمارے کام (یعنی دین) میں کوئی نئی بات پیدا کی جو اس میں نہیں ہے تو مردود ہے۔
(بخاری مسلم۔ حیوۃ المسلمین)

10- فحش کلامی

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا خدا کی نظر میں بدترین آدمی قیامت کے روز وہ ہوگا جس کی بدزبانی اور فحش کلامی کی وجہ سے لوگ اس سے ملنا چھوڑ دیں۔ (بخاری و مسلم)

11- وضع ولباس

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ اسماء بنت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اس وقت ان کے جسم پر باریک کپڑے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی طرف سے منہ پھیر لیا اور فرمایا اے اسماء (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) عورت جب بالغ ہو جائے تو مناسب نہیں ہے کہ اس کا کوئی عضو دیکھا جائے مگر یہ اور اشارہ کیا اپنے چہرے اور دونوں ہاتھوں کی طرف۔
(بخاری۔ ابوداؤد۔ مشکوٰۃ)

12- پردہ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھیں اور حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بھی آپ کے پاس تھیں۔ اچانک ابن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ آگئے۔ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا ابن ام مکتوم (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے پردہ کرو۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا وہ نابینا نہیں ہیں؟ وہ تو ہمیں دیکھ نہیں سکتے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم دونوں بھی نابینا ہو تم انہیں نہیں دیکھ سکتیں۔
(احمد، ترمذی اور ابوداؤد حیوۃ المسلمین)

13- کھانے میں تکلف

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھانا لایا گیا۔ پھر ہمارے سامنے کھانا پیش کیا گیا ہم نے عرض کیا کہ ہم کو خواہش نہیں ہے (حالانکہ بھوکے تھے لیکن یہ الفاظ تکلفاً کہہ دیئے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بھوک اور جھوٹ کو جمع نہ کرو۔ (ابن ماجہ۔ مشکوٰۃ)

Marfat.com

### 14- قرضدار کی رعایت

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میری امت میں جو شخص قرض کے بار میں پڑ جائے۔ پھر اس کے ادا کرنے میں پوری کوشش کرے اور پھر ادا کرنے سے پہلے مر جائے تو میں اس کا مددگار ہوں۔

(احمد طبرانی)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس شخص کو خواہش ہو کہ اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کے غم اور گھٹن سے بچائے تو اس کو چاہیے کہ تنگدست قرضدار کو مہلت دے یا قرض کا بوجھ اس کے سر سے اتار دے۔ (مسلم)

### 15- شوہر کی رضا

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو عورت اس حال میں وفات پائے کہ اس کا شوہر اس سے راضی اور خوش ہو وہ جنت میں داخل ہو گی۔ (ترمذی۔ مشکوٰۃ)

### 16- شوہر کا حق

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ عورت پر سب سے زیادہ حق اس کے شوہر کا ہے اور مرد پر سب سے بڑا حق اس کی ماں کا۔

(بخاری)

### 17- جسم کے ہر جوڑ پر صدقہ

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جتنے انسان ہیں سب کے جسم میں تین سو ساٹھ جوڑ بنائے گئے ہیں (ہر جوڑ کی طرف سے ایک صدقہ ادا کرنا واجب ہوتا ہے) تو جس نے اللہ اکبر کہا یا الحمد للہ یا لا الہ الا اللہ یا سبحان اللہ یا استغفر اللہ کہا ہر ایک ایک صدقہ شمار ہو جاتا ہے۔ اسی طرح جس نے لوگوں کے راستے سے تکلیف دہ چیز کو ہٹا دیا۔ (ترجمان السنۃ۔ ادب المفرد)

### 18- صدقہ کی ترغیب

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا تم اللہ تعالیٰ کے بھروسہ پر اس کی راہ میں کشادہ دستی سے خرچ کرتی رہو اور گنو مت (یعنی اس فکر میں مت پڑو کہ میرے پاس کتنا ہے اور اس میں سے کتنا راہ خدا میں

Marfat.com

خرچ کروں) اگر تم اس کی راہ میں اس طرح حساب کر کے دو گی تو وہ بھی تمہیں حساب ہی سے دے گا۔ اور اگر بے حساب دو گی تو وہ بھی اپنی نعمتیں تم پر بے حساب انڈیلے گا اور دولت جوڑ جوڑ کے اور بند کر کے نہ رکھو۔ ورنہ اللہ تعالیٰ بھی تمہارے ساتھ یہی معاملہ کرے گا (کہ رحمت اور برکت کے دروازے تم پر خدانخواستہ بند ہو جائیں گے) لہٰذا تھوڑا بہت جو کچھ ہو سکے اور جس کی توفیق ملے راہ خدا میں کشادہ دستی سے دیتی رہو۔

(صحیح بخاری۔ صحیح مسلم۔ معارف الحدیث)

19- پیر اور جمعرات کا روزہ

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ پیر اور جمعرات کے روزے رکھا کرتے تھے۔

(جامع ترمذی' نسائی' معارف الحدیث)

20- خاص روزے

حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ چار چیزیں وہ ہیں جن کو رسول اللہ ﷺ کبھی نہیں چھوڑتے تھے۔

1- عاشورہ کا روزہ
2- عشرۂ ذی الحجہ یعنی یکم ذی الحجہ سے یوم عرفہ نویں ذوالحجہ تک کے روزے۔
3- ہر مہینہ کے تین روزے اور
4- قبل فجر کے دو رکعتیں

(سنن نسائی۔ معارف الحدیث)

21- شب قدر

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ شب قدر کو تلاش کرو رمضان کی آخری دس راتوں کی طاق راتوں میں۔

(صحیح بخاری۔ معارف الحدیث)

22- شب قدر کی دعا

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے میں نے عرض کیا کہ مجھے بتائیے کہ اگر مجھے معلوم ہو جائے کہ کونسی رات شب قدر ہے تو میں اس رات اللہ تعالیٰ سے کیا عرض کروں اور کیا دعا مانگوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا

Marfat.com

کہ یہ عرض کرو۔

"اللھم انك عفو كريم تحب العفو فاعف عنی"

ترجمہ! اے اللہ آپ معاف کرنے والے ہیں اور کریم ہیں عفو کو پسند کرتے ہیں لہٰذا مجھ سے درگزر کر دیجئے۔ (معارف الحدیث)

23- اسم اعظم

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا اسم اعظم ان دو آیتوں میں موجود ہے۔

1- والھکم اله واحد لا اله الاّ ھوالرحمٰن الرحیم

اور دوسری آل عمران کی ابتدائی آیت

2- الٓمّ اللّٰہ لا اله الاھو الحی القیوم

(جامع ترمذی۔ابوداؤد۔ابن ماجہ۔سنن دارمی۔معارف الحدیث)

24- نماز تہجد

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب راتوں کو تہجد کی نماز پڑھنے کے لیے اٹھتے تھے تو اپنی نماز کو دو ہلکی رکعتوں سے شروع فرماتے تھے۔

(مسلم)

25- وتر کے بعد نفل

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ وتر کے بعد دو رکعتیں اور پڑھتے تھے۔

(جامع ترمذی)

26- تسبیحات فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ایک روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے یہ کلمات اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو سکھائے جب وہ ایک غلام طلب کرنے کے لیے حاضر ہوئیں تو آپ ﷺ نے فرمایا سوتے وقت تم۔

"33 بار سبحان اللہ' 33 بار الحمد للہ اور 33 بار اللہ اکبر پڑھ لیا کرو اور ایک بار کہو لا اله الا اللّٰہ وحدہ لاشریك له له الملك وله لحمد وھو علی کل شیً قدیر

(مسلم بخاری ترمذی)

Marfat.com

27- مسواک

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا معمول تھا کہ دن یا رات میں جب بھی آپ ﷺ سوتے تو اُٹھنے کے بعد وضو کرنے سے پہلے مسواک ضرور فرماتے۔

(معارف الحدیث۔ مسند احمد۔ سنن ابی داؤد)

28- مسواک کی فضیلت

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا وہ نماز جس کے لیے مسواک کی جائے اس نماز کے مقابلے میں جو بلا مسواک کے پڑھی جائے ستر گُنا فضیلت رکھتی ہے۔

(شعب الایمان۔ بیہقی۔ معارف الحدیث)

29- لباس

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے منقول ہے کہ حضور اکرم ﷺ کا محبوب ترین لباس قمیض (کرتا) تھی۔ اگرچہ تہبند اور چادر شریف بھی بکثرت زیب تن فرماتے تھے لیکن قمیض کا پہننا زیادہ پسندیدہ تھا۔

(شمائل ترمذی)

30- کھانے کے متعلق سنت طیبہ

حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ جب حضور اکرم ﷺ کے پاس گرم کھانا لایا جاتا تو آپ اس کو اس وقت تک ڈھانپ کے رکھتے جب تک اس کا جوش نہ ختم ہو جاتا۔ اور فرمایا کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ سرد کھانے میں عظیم برکت ہے۔

(دارمی۔ مدارج النبوۃ)

31- مرغوبات

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ سرکہ کو اور روغن زیتون کو اور شیریں چیز کو اور شہد کو پسند فرماتے تھے۔

(زاد المعاد)

32- کھانے سے پہلے بسم اللہ

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جب کوئی

Marfat.com

کھانے کے شروع میں بسم اللہ پڑھنا بھول جائے تو درمیان میں یا بعد میں یاد آنے پر اس طرح پڑھیں بسم اللہ اولہ و آخرہ۔

(زادالمعاد۔ شمائل ترمذی)

33- امور طبعی

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سیدھا ہاتھ وضو اور کھانے پینے کے لیے استعمال فرماتے تھے اور بایاں ہاتھ استنجا اور اس جیسے کاموں کے لیے استعمال فرماتے تھے۔ (زادالمعاد۔ ابوداؤد)

34- انکسار طبعی

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ آپ ﷺ بروئے عادت سخت گو نہ تھے۔ اور نہ بہ تکلف سخت گو بنتے تھے اور نہ بازاروں میں خلاف وقار باتیں کرنے والے تھے اور برائی کا بدلہ برائی سے نہ دیتے تھے بلکہ معاف فرمادیتے تھے۔ غایت حیا سے آپ ﷺ کی نگاہ کسی شخص کے چہرے پر نہ ٹھہرتی تھی اور کسی نامناسب بات کا اگر کسی ضرورت سے ذکر کرنا ہی پڑتا تو کنایہ میں فرماتے۔

(نشرالطیب)

35- صورت زیبا

ہند بن ابی ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ "دیکھنے والوں کی نظر میں رسول اللہ ﷺ کا چہرۂ انور عظیم، بزرگ اور دبدبہ والا تھا۔ آپ ﷺ کا چہرہ ایسا چمکتا تھا جیسے چودھویں کا چاند چمکتا ہے۔ (اسوۂ رسول ﷺ)

36- اعتدال تزئین

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور اکرم ﷺ اپنے وضو کرنے میں، کنگھی کرنے میں، جوتہ پہننے میں داہنی طرف کو مقدم رکھتے تھے۔

(شمائل ترمذی)

37- سنت مؤکدہ

ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص رات دن میں بارہ رکعتیں (علاوہ فرض نمازوں کے) پڑھے اس کے لیے جنت میں ایک گھر تیار کیا جائے گا (ان بارہ رکعتوں کی تفصیل یہ ہے) چار ظہر سے

پہلے اور دو ظہر کے بعد اور دو مغرب کے بعد اور دو عشاء کے بعد اور دو فجر سے پہلے۔
(جامع ترمذی معارف الحدیث شمائل ترمذی)

38- قرآن پاک کی عظمت و فضیلت

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "جس نے قرآن میں مہارت حاصل کر لی ہو (اور اس کی وجہ سے وہ اس کو حفظاً یا ناظرہ۔ بہتر طریقے پر اور بے تکلف رواں پڑھتا ہو) وہ معزز اور وفادار و فرمان بردار فرشتوں کے ساتھ ہو گا۔ اور جو بندہ قرآن پاک (اچھا یاد اور رواں نہ ہونے کی وجہ سے زحمت اور مشقت کے ساتھ) اس طرح پڑھتا ہو کہ اس میں اٹکتا ہو تو اس کو دو اجر ملیں گے ایک تلاوت کا اور دوسرے زحمت و مشقت کا۔
(صحیح مسلم و صحیح بخاری، معارف الحدیث)

39- عیب چینی

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور اقدس ﷺ سے (ایک موقع پر) کہا کہ صفیہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کا یہ عیب کہ وہ ایسی اور ایسی ہے کافی ہے (یعنی یہ کہ وہ پستہ قد ہے اور یہ بہت بڑا عیب ہے) آپ ﷺ نے فرمایا عائشہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) تم نے اتنا گندہ لفظ منہ سے نکالا ہے کہ اگر سمندر میں گھول دیا جائے تو پورے سمندر کو گندہ کر دے۔
(مشکوٰۃ۔ حیوٰۃ المسلمین)

40- حرمت شراب

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ سب سے پہلے اسلام میں جس چیز کو الٹا جائے گا جس طرح بھرے برتن کو الٹ دیا جاتا ہے۔ وہ شراب ہو گی یعنی اسلام میں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کے جس حکم کی خلاف ورزی کی جائے گی اور اس کے حکم کو الٹ دیا جائے گا وہ شراب کی ممانعت کا حکم ہو گا اور پھر پوچھا گیا یا رسول اللہ ﷺ کیونکر ہو گا حالانکہ شراب کے متعلق اللہ تعالیٰ کے احکام بیان ہو چکے ہیں اور سب پر ظاہر ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اس طرح ہو گا کہ شراب کا دوسرا نام رکھ لیں گے اور اس کو حلال قرار دیں گے۔
(دارمی۔ مشکوٰۃ)

Marfat.com

# صحابیاتؓ کوثر

Marfat.com